اشاعت کا ۷۲واں سال
زبان وادب، تہذیب وثقافت کا ترجمان
نیا دور
جولائی ۲۰۱۸ء
۱۵روپے
منور رانا
آصفہ زمانی، سلمیٰ حجاب
خوشبیر سنگھ شاد، امین احسن
شفیع ایوب، بے نجے مصرا شوق
واسدیو موہی، چھما شرما، مصطفیٰ علی
محکمہ اطلاعات ورابطہ عامہ، اتر پردیش

اردو کے مایۂ ناز ادیبوں کی تاریخ پیدائش (جولائی)

تلوک چند محروم

کمار پاشی

سہیل عظیم آبادی

روش صدیقی

قمر رئیس

اثر لکھنوی

تنویر احمد علوی

خورشید الاسلام

عزیز وارثی

ملا رموزی

راج بہادر گوڑ

شائستہ اکرام اللہ

عزیز احمدوری

مسعود حسن رضوی

پریم چند

تلوک چند محروم	یکم جولائی ۱۸۸۷	۶ر جنوری ۱۹۶۶
سلام مچھلی شہری	یکم جولائی ۱۹۲۱	۱۹ر نومبر ۱۹۷۳
محمد حسن	یکم جولائی ۱۹۲۶	۲۵ر اپریل ۲۰۱۰
کمار پاشی	۳ر جولائی ۱۹۳۵	۱۸ر نومبر ۱۹۹۲
سہیل عظیم آبادی	۵ر جولائی ۱۹۱۱	۲۸ر نومبر ۱۹۷۹
رمز آفاقی	۸ر جولائی ۱۹۱۴	۳۱ر مئی ۲۰۰۲
صدیق مجیبی	۸ر جولائی ۱۹۳۱	۶ر مارچ ۲۰۱۳
روش صدیقی	۱۰ر جولائی ۱۹۰۹	۲۳ر جنوری ۱۹۷۱
منصور سبزواری	۱۰ر جولائی ۱۹۲۲	۱۲ر جون ۲۰۰۲

ظہیر احمد صدیقی	۱۰ر جولائی ۱۹۲۹	
ایم حبیب خاں	۱۱ر جولائی ۱۹۳۱	۲ر مارچ ۱۹۹۸
اثر لکھنوی	۱۳ر جولائی ۱۸۸۵	۶ر جون ۱۹۶۷
نازش پرتاپ گڑھی	۱۲ر جولائی ۱۹۲۴	۱۰ر اپریل ۱۹۸۴
قمر رئیس	۱۲ر جولائی ۱۹۳۲	۲۹ر اپریل ۲۰۰۹
محمد علی تاج	۱۳ر جولائی ۱۹۳۶	۱۲ر اپریل ۱۹۷۸
خضر برنی	۱۶ر جولائی ۱۹۰۸	۲۸ر فروری ۱۹۸۹
تنویر احمد علوی	۱۶ر جولائی ۱۹۳۰	۲۰ر فروری ۲۰۱۳
ملا رموزی	۱۸ر جولائی ۱۸۹۶	۱۰ر جنوری ۱۹۵۲

عزیز وارثی	۱۷ر جولائی ۱۹۲۴	۲۹ر جولائی ۱۹۸۹
اعزاز افضل	۲۰ر جولائی ۱۹۳۶	یکم جنوری ۱۹۹۷
خورشید الاسلام	۲۱ر جولائی ۱۹۱۹	۱۹ر جون ۲۰۰۶
راج بہادر گوڑ	۲۱ر جولائی ۱۹۱۸	۷ر اکتوبر ۲۰۱۱
شائستہ اکرام اللہ	۲۲ر جولائی ۱۹۱۵	۱۱ر دسمبر ۲۰۰۰
عزیز احمدوری	۲۳ر جولائی ۱۹۳۲	۳۰ر اکتوبر ۲۰۱۳
مسعود حسن رضوی	۲۹ر جولائی ۱۸۹۳	۲۹ر نومبر ۱۹۷۵
پریم چند	۳۱ر جولائی ۱۸۸۰	۸ر اکتوبر ۱۹۳۶

بشکریہ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

اردو افسانہ اور نئی نسل

بزرگ افسانہ نگار رتن سنگھ نے گزشتہ دنوں دہلی میں ایک جلسہ میں اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ اردو افسانے کی جانب نئی نسل کا رجحان کم ہے۔ ان کے مطابق نئے اردو افسانہ نگار جس تعداد میں سامنے آنے چاہئے، نہیں آرہے ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ اردو افسانہ نگاروں کی نئی نسل کہاں ہے اور کب آئے گی؟

اس بات کا اعتراف کے نہیں ہوگا کہ اردو ادب پر ابھی بھی شعر اور شعری تنقید کا غلبہ ہے۔ ہم نیا دور کی اپنے تقریباً سوا سال کی ادارت کا تجربہ بیان کریں تو بھی یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ شعر اور شعری تنقید سے میرا ہوکر اردو میں سوچنے لکھنے والوں کی تعداد کم ہے۔ ہم نے اسی شمارے کے اخیر کے صفحات میں اس بات کا افسوس کے ساتھ ذکر بھی کیا ہے کہ گزشتہ سوا سال میں ادارہ نیا دور کو جو ۱۹۱ ادبی کتابیں تبصرے کے لئے موصول ہوئیں، ان میں افسانوی مجموعے اور ناول ملا کر کل ۱۷ کتابیں ہی آئیں جن میں بعض معروف افسانہ نگار اور ناول نگار ہیں۔

ایک عجیب سا مفروضہ چھوڑ دیا گیا ہے اردو والوں کے درمیان کہ شاعری دوسری تمام اصناف میں سب سے برتر ہے۔ فنی اور فکری اعتبار سے بھی اور مقبولیت کے معاملے میں بھی شاعری آگے ہے، لیکن در اصل ایسا قطعی نہیں ہے۔ اردو شاعری کو جب سے مشاہیر گلوکاروں کا ساتھ ملا، غزلوں کا بازار گرم ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے فلموں اور ٹی وی سیریلس کے پردے پر غزل چھا گئی۔ انٹرنیٹ کے آنے کے بعد غزل اور نظم کے ذریعہ اردو نے غیر اردو داں طبقہ میں اپنی آمد ہی نہیں درج کرائی بلکہ ان سب کو بھی اپنا گرویدہ بنالیا جن کا اردو سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔ لیکن یہ کلیہ نہیں ہے۔ ہندوستان اور بالخصوص شمالی ہندوستان کی حد تک یہ بات درست ہو سکتی ہے لیکن ذرا باہر نکل کر دیکھیں تو پتہ چلتا ہے کہ شیکسپیئر سے لے کر میکسم گورکی اور وہاں سے گبریئل گارسیا مارکیز تک اور ہندوستان کی بات کریں تو دور حاضر میں اروندھتی رائے، وکرم سیٹھ اور جھمپا لاہری تک جنہوں نے بھی قلم کے ذریعہ Celebrity کا درجہ حاصل کیا ہے ان میں اکثریت شعراء کی نہیں ہے۔ یعنی عالمی پیمانے پر نظم نہیں بلکہ نثر کا جادو سر چڑھ کر بولتا رہا ہے۔ ہمیں یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ اردو داں طبقہ کی شعریت کے تئیں عقیدت کی حد تک محبت انہیں خاصہ نقصان بھی پہنچاتی رہی ہے کہ اردو میں عالمی معیار کی شاعری شاید نہیں ہوئی اور اگر ہوئی ہے تو اسے بین الاقوامی سطح پر قبولیت حاصل نہیں ہو پائی۔ ایسا نہیں ہے کہ غالب سے لے کر فیض احمد فیض تک کے شعری ادب کے تراجم کو عالمی سطح پر جانچا پرکھا نہیں گیا۔ حالانکہ ہمارے درمیان مشتاق احمد یوسفی جیسے خلاق نثر نگار موجود تھے جن کے مزاح کو دنیا کی تمام ترقی یافتہ زبانوں کے نقادوں کی ستائش حاصل ہوئی۔ مختار مسعود کی نثر کی تعریف نہ کی جائے، یہ کیسے ممکن ہے۔ الطاف حسین حالی سے لے کر مولانا ابوالکلام آزاد، شبلی نعمانی، رجب علی بیگ سرور، سعادت حسن منٹو، قرۃ العین حیدر، عصمت چغتائی اور نیر مسعود وغیرہ جیسے کتنے ادیب ہوئے ہیں جن کو عالمی ادب کے معیار پر پرکھا جا سکتا ہے۔ لیکن ان میں سے بھی چند کو ہی عالمی شہرت نصیب ہوئی۔

نیا دور فیس بک اور واٹس ایپ پر بھی

نیا دور کے شمارے مئی ۲۰۱۷ء تا حال فیس بک اور واٹس ایپ پر قارئین کے مطالعہ کے لئے پوسٹ کئے جارہے ہیں۔

رتن سنگھ صاحب اگر یہ شکایت کر رہے ہیں کہ نئی نسل کے افسانہ نگار کہاں ہیں، اس پر غور کرنا اشد ضروری ہے کہ کیا واقعی نئی نسل اردو افسانے سے نابلد ہے اور اگر ہے تو یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ اردو اداروں اور تعلیمی اداروں جہاں تنقید کو اکثر بے جا اہمیت دی جاتی ہے، انہیں اس جانب ضرور متوجہ ہونا چاہئے کہ تخلیق ہی اصل ادب ہے اور نظم کے مقابلے نثر کو کمتر محسوس کرنا اچھی علامت نہیں ہے۔ بات مشتاق احمد یوسفی کی نکلی تو دل بیٹھ گیا کہ یوسفی صاحب اب ہمارے درمیان نہیں رہے اور 'عہد یوسفی' کا خاتمہ ہو گیا۔ ہمیں اس بات کا فخر تھا کہ ہم 'عہد یوسفی' میں جی رہے ہیں۔ اداسی اور ڈپریشن کے دوران ان کے مزاح نے ہمیں ہزاروں مرتبہ زندہ رہنے کا حوصلہ دیا۔ ان کی تحریروں نے ہمیں اور ہم جیسے لاکھوں لوگوں کو ہنساتے ہنساتے رلا دیا اور زندگی کے ان ابواب سے روشناس کرایا جو ہم یا ہمارے جیسے لوگوں کے تصور میں بھی نہیں تھے۔ ادارہ نیا دور ان کی رحلت پر تعزیت پیش کرتا ہے۔ مشتاق احمد یوسفی کے انتقال کو ابھی کچھ عرصہ بھی نہیں ہوا تھا کہ ہمیں گوپال داس نیرج نے بھی الوداع کہہ دیا۔ گنگا جمنی تہذیب کے صف اول کے علمبردار نیرج اردو اور ہندی کے بہترین نغمہ نگار تھے۔ فلموں میں ان کے بے شمار ایسے گانے مقبول ہوئے جن کی زبان صرف اور صرف اردو تھی۔ انہوں نے بارہا اس بات کا اقرار بھی کیا کہ اگر انہیں اردو نہ آتی ہوتی تو شاید وہ مقبولیت کی بلندیوں تک نہ پہنچ پاتے۔ اس شمارے میں انور جلالپوری پر ایک گوشہ شائع کیا جا رہا ہے۔ انور جلالپوری مشاعروں کے مشہور شاعر تو تھے ہی، ناظم مشاعرہ کے طور پر بھی ان کی مقبولیت کم نہ تھی لیکن مشاعروں میں شرکت اور شہرت کی وجہ سے ان کے علمی اور ادبی کاموں پر نگاہ کم ہی جا پاتی تھی۔ گزشتہ برس جب 'اردو شاعری میں گیتا' (بھگوت گیتا کے منظوم اردو ترجمہ) کا اجرا ہوا تو اس جانب توجہ گئی۔ انہوں نے گیتا ہی نہیں، گیتانجلی کا بھی منظوم اردو ترجمہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے حمد و نعت کے علاوہ نثر بھی لکھی۔ وہ بھی ہماری گنگا جمنی تہذیب کے نمائندہ شخصیت تھے۔

جون ۲۰۱۸ء سے 'نیا دور' کی قیمت
۱۵ روپے فی شمارہ کے جزوی اضافے کے ساتھ
زر سالانہ ۱۹۵ روپے متعین کیا گیا ہے

ہندوستانی ادب میں لیجنڈ کی حیثیت رکھنے والے اردو طنز و مزاح کے شہنشاہ مجتبیٰ حسین پر 'نیا دور' جلد ہی ایک شمارہ شائع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ مجتبیٰ حسین کی طرحدار شخصیت اور تہہ دار تحریروں پر مضامین درکار ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ 'نیا دور' اپنے تمام سابقہ شماروں کی انفرادیت کو برقرار رکھتے ہوئے ستمبر ۲۰۱۸ء میں مجتبیٰ حسین نمبر بھی شائع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ہم نے اعلان کیا تھا کہ جولائی کے شمارے میں پروفیسر مشیر الحسن کا مقالہ 'اردو زبان کی سیکولر روایت' شائع کیا جائے گا لیکن افسوس کہ اسے ہم حاصل نہ کر سکے۔ غالباً ۲۰۰۲ء میں دہلی یونیورسٹی کے نظام لیکچر میں پروفیسر مشیر الحسن نے یہ مقالہ پڑھا تھا۔ ہم خود وہاں موجود تھے لیکن دہلی یونیورسٹی کے شعبۂ اردو سے بھی دستیاب نہ ہو سکا۔

نیا دور کے سرورق کے اندرونی حصہ پر مشاہیر ادیبوں اور شاعروں کی تاریخ ولادت و وفات سے متعلق شائع ہونے والا جدول قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے کلینڈر سے ماخوذ ہے لہٰذا تاریخی اغلاط کے لئے 'نیا دور' کسی طرح کا ذمہ دار نہیں ہے۔ قارئین 'نیا دور' کے شمارے مئی ۲۰۱۷ء تا جون ۲۰۱۸ء www.information.up.nic.in پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

انور جلالپوری

پیدائش: ۶/جولائی ۱۹۴۷ء

وفات: ۲/جنوری ۲۰۱۸ء

انور جلالپوری

غزل

زلف کو ابر کا ٹکڑا نہیں لکھا میں نے
آج تک کوئی قصیدہ نہیں لکھا میں نے

جب مخاطب کیا قاتل کو تو قاتل لکھا
لکھنوی بن کے مسیحا نہیں لکھا میں نے

میں نے لکھا ہے اسے مریم و سیتا کی طرح
جسم کو اس کے اجنتا نہیں لکھا میں نے

کبھی نقاش بتایا کبھی معمار کہا
دستِ فنکار کو کاسہ نہیں لکھا میں نے

تو مرے پاس تھا یا تیری پرانی یادیں
کوئی اک شعر بھی تنہا نہیں لکھا میں نے

نیند ٹوٹی کہ یہ ظالم مجھے مل جاتی ہے
زندگی کو کبھی سپنا نہیں لکھا میں نے

میرا ہر شعر حقیقت کی ہے زندہ تصویر
اپنے اشعار میں قصہ نہیں لکھا میں نے

انور جلالپوری

غزل

میں ہر بے جان حرف و لفظ کو گویا بناتا ہوں
کہ اپنے فن سے بھی پتھر کو آئینہ بناتا ہوں

میں انساں ہوں مرا رشتہ براہیم اور آزر سے
کبھی مندر، کلیسا اور کبھی کعبہ بناتا ہوں

مری فطرت کسی کا بھی تعاون لے نہیں سکتی
عمارت اپنے غم خانے کی میں تنہا بناتا ہوں

نہ جانے کیوں ادھوری ہی مجھے تصویر جچتی ہے
میں کاغذ ہاتھ میں لے کر فقط چہرہ بناتا ہوں

مری خواہش کا کوئی گھر خدا معلوم کب ہوگا
ابھی تو ذہن کے پردے پہ بس نقشہ بناتا ہوں

میں اپنے ساتھ رکھتا ہوں سدا اخلاق کا پارس
اسی پتھر سے مٹی چھو کے میں سونا بناتا ہوں

آج لگتا ہے کہ سچ بول دیا ہے میں نے....

UGF-1، ڈ؎سینگر اپارٹمنٹ، لال کنواں، لکھنؤ
موبائل: 9839050450

کہیں پڑھا تھا کہ کچھ لوگ دوسروں کو ہنسانے میں اتنے مصروف رہتے ہیں کہ ان کے اپنے ہونٹ مسکرانا بھول جاتے ہیں، کچھ ایسی ہی صورت حال انور جلالپوری کے ساتھ بھی رہی ہے۔ بھائی انور بھی ساری زندگی سادگی، شرافت اور دوست نوازی کی تلوار سے دوسروں کی حفاظت کرتے رہے، اور خود قتل ہوتے رہے۔ مشاعروں کے اسٹیج سے نجی محفلوں تک انور جلالپوری نے اپنے دوستوں ہی نہیں دشمنوں کی بھی اتنی تعریف کی ہے کہ انھیں اپنی شخصیت اور شاعری کو سنوارنے کا باقاعدہ وقت ہی نہیں مل سکا انھوں نے کسی کو بھی سلام کرنے اور تعریف کرنے کا موقع نہیں دیا۔ یہی وہ رواداری اور بے نیازی ہے کہ ان کا ناک نقشہ فقیروں اور درویشوں سے ملتا جلتا ہے، یہی وہ خاکساری ہے، جو بندے کو خدا سے قریب کر دیتی ہے۔ یہی وہ صفت ہے، جو انسان کو اشرف المخلوقات ثابت کر دیتی ہے۔

ہماری عمر کے تقریباً سبھی شعرا وادیب اور نثر نگار انور بھائی کو اپنا دوست یا ہم عمر بتاتے ہیں۔ لیکن جہاں تک ہمیں یاد پڑتا ہے، انور بھائی سے میرا پہلا رشتہ سامع اور شاعر والا تھا، دیوا شریف میلے کا مشاعرہ تھا، اتفاق سے میں آیا ہوا تھا۔ ان دنوں میرا مستقل قیام کلکتہ میں تھا۔ میرے چھوٹے سالے جنھیں شاعری سے شغف بھی ہے، وہ بھی مشاعرے کے بڑے شوقین ہیں۔ ہم لوگ دیوا شریف کے میلے میں ہونے والا مشاعرہ سننے کے لئے گئے، اُن دنوں ٹی وی کے لعنت سے ہندوستان دور تھا۔ لکھنؤ سے دیوا شریف تک مجھے کار ڈرائیو کرنے میں بہت تکلیف ہو رہی تھی۔ کیونکہ لکھنؤ سے بلکہ آپ اسے یوں کہہ سکتے ہیں کہ دیوا شریف آنے والا ہر راستہ مشاعرہ سننے والوں کے آنے والی بھیڑ سے بھرا ہوا تھا۔ لگتا تھا اسکوٹروں اور موٹر سائیکلوں سے تاربندھے ہوئے ہیں۔ سائیکل سوار بھی اپنے اپنے جتھوں کے ساتھ دیوا میلے کی طرف گامزن تھے، مشاعرہ گاہ میں بیٹھنے کی جگہ تو دور مشاعرے گاہ سے تقریباً سو فٹ پیچھے ہم اور ہمارے بھائی وہ ویٹیں لے کر آئے اور ہم لوگ اسی پر بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ انور بھائی کی جوانی اور سرشاری کے عالم کا زمانہ تھا۔ مجھے آج تک یاد ہے کہ کسی شاعر کا تعارف کراتے ہوئے انور بھائی نے یہ شعر پڑھا تھا۔

> اگر اے ناخدا طوفان سے لڑنے کا دم خم ہے
> تو کشتی مت ادھر لانا یہاں پانی بہت کم ہے

لہجہ شگفتہ، گفتگو شاندار ادبی مذاق شائستگی کی خوبصورت شین قاف اوڑھے ہوئے یوں سمجھ لیجئے کہ مشاعرہ نہیں تھا، ایک ایسی محفل یا ایک ایسی مجلس تھی جہاں ماؤں نے اپنے بچوں کو بھائیوں نے اپنے بھائیوں کو کتاب و قلم کے جزیرہ علم سیکھنے کے لئے بھیجا ہو، ظاہری بات ہے اس ہنگامے میں انور بھائی سے ملاقات بہت دشوار تھی اس مشاعرے کے بعد اگلے برس کلکتہ کے مشاعرے میں تشریف لائے وہاں ۵۶ رنمبر لور چیپ پور روڈ (جو اب راوندر سابھی کہلاتا ہے) سی مارگ کی پہلی اور دوسری منزل پر ناتھا کے بہت بڑے تاجر شاعری سے بے انتہا شغف رکھنے والے رحمٰن صاحب کا قیام تھا، تقریباً روز آنا دو ٹرک لنگیاں ناتھا اور قرب وجوار سے کلکتہ آتی تھیں، ان کا شمار شہر کے صاحب ذوق رئیسوں میں ہوتا تھا۔ شاعروں ادیبوں کی دعوت کرنا ان کی مدد کرنا ان کے ساتھ وقت گزارنا رحمٰن صاحب کا ادبی مشغلہ تھا۔ ۵۶ رنمبر عمارت بھی کئی تاریخی پہلوؤں کو چھپائے عمارتوں کی قطار میں کھڑی رہتی ہے، مشہور طوائف گوہر جان اسی عمارت میں قیام کرتی تھیں، اسی لئے اس کو گوہر بلڈنگ کہتے ہیں یہ وہی مشہور زمانہ رقاصہ گوہر جان تھیں جنکے سلسلے میں ان کی فرمائش پر اکبر الہ آبادی نے ایک شعر کہا تھا۔

> دنیا میں کہاں ہے کوئی گوہر کے سوا
> سب کچھ جسے حاصل ہے شوہر کے سوا

دو تین ملاقاتوں کے بعد انور بھائی سے میری دوستی ہوگئی حالانکہ صلاحیت، علم اور تجربے کے لحاظ سے انور جلال پوری کو اس دور کا بڑا شاعر یا دولت مند سیاست داں ہونا چاہئے تھا۔ لیکن ہوا ایسا کچھ بھی نہیں۔ انور بھائی کی سیاسی گفتگو کی کترنوں سے فیضیاب ہو کر کئی موجودہ سیاستداں ایوان حکومت کے راج سنگھاسن پر براجمان ہو گئے ان کی پر مغز اور معنی خیز تعریفوں کی بدولت کئی پتھر دل شاعروں نے دیوتاؤں کا روپ دھار لیا اور انور جلالپوری اس سنگ تراش کی طرح اپنے زخمی ہاتھوں کو دیکھتے ہی رہ گئے جس کی چھینی اور ہتھوڑی کی مسلسل ضربوں نے پتھر کے جگر کو چیر کر دیوتاؤں

کے وجود کو یقین کی دولت بخشی۔ آج بھائی انور اس کوزہ گر کی طرح اپنے ہاتھوں میں لگی مٹی کو چوم رہے ہیں۔ جس نے ہنر کوزہ گری کو نور بخشتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ میلے کر لئے۔ بھائی انور نے جس پڑھے لکھے شاعر کی تعریف کی، اسی نے انھیں نقیب مشاعرہ اور مشاعرے کا شاعر کہہ کر ان کے قد کو گھٹانے کی کوشش کی۔ جن شعرا کو ذرے سے آفتاب بنانے میں بھائی انور لہولہان ہو گئے انھوں نے بھی ان کو ایک سرائے یا زیادہ سے زیادہ مغل سرائے سمجھ کر چھوڑ دیا۔ حالانکہ بھائی انور کی شخصیت سرائے نہیں، بلکہ حویلی جیسی ہے، ایک ایسی پر سکون حویلی جہاں میٹھے پانی کا کنواں بھی ہے اور ٹھنڈے دالانوں والے کمرے بھی، کمرے میں روشن چراغ بھی ہیں، جن کی روشنی میں اردو بھی اپنے گیسو سنوارتی ہے، کبھی اپنے اداس چہرے پر مسکراہٹ کی نقاب ڈالتی ہے۔ یہ حویلی جیسی پر سکون شخصیت اپنے اسلاف کے تہذیبی سرمائے کی حفاظت بھی کرتی ہے اور آنے والی نسلوں کے لئے غزل کی ایک ایسی درسگاہ بھی تیار کرتی ہے، جہاں بیٹھ کر نئی نسل علم و ادب کی دولت سے مالا مال بھی ہو اور اپنے بزرگوں کے ادبی کارناموں کو یاد کر کے ماتم نہ کرے، بلکہ جشن منائے۔

انور بھائی نے شہرت اسی عمر میں پائی جس میں شہرت ملنی چاہئے ورنہ حضرت خمار بارہ بنکوی کی طرح امریکہ جا کر بھی کہنا پڑتا ہے کہ: "میں صحیح جگہ پر غلط عمر میں آیا ہوں" دراصل زیادہ دیر سے ملی شہرت بڑھاپے میں ملی اولاد کی طرح ہوتی ہے، اپنی شہرت سے انھوں نے فائدہ نہ اٹھایا ہو، لیکن ان کے کھیلتے اور مچلتے ہوئے شباب کو کافی سہولتیں میسر رہیں۔ گول چہرہ اترتی ہوئی شام جیسا رنگ، جسے شیام رنگ بھی کہا جاتا ہے، ستواں ناک، تیکھی مگر سوچتی ہوئی آنکھیں، آنکھوں کی خواہشات پر پڑا ہوا کالے فریم کا ایک موٹا سا چشمے کا پردہ، کبھی سلک اور کبھی کھادی کا کرتا پاجامہ، کبھی نہرو کٹ کھادی کی واسکٹ، کبھی ڈگا مار کٹ ریشمی گاؤن کبھی کبھار ہاتھ کا ڈھیلا ڈھالا کتھئی یا پھر مہندی کی پتیوں جیسے رنگ کا سویٹر،

سویٹر بنا کیوں چھوڑا
جانم کو معلوم نہیں ہے
کتنوں نے فرمائش بھی کی
اون کے گولے دوڑ کے آتے
تیلی کانوں میں کچھ کہتی
تعریفوں کی رشوت پاکر
تھوڑی سی بھی چاہت پاکر
اکثر کوشش کرنے بیٹھی
لیکن جب بھی اون کے گولے
چھو لیتے ہیں تیلی کو
مجھ کو تمہارے سارے پھندے
رہ رہ کر یاد آنے لگتے

لیکن جذبات اور موسم سرد ہونے سے پہلے انور بھائی نے ادبی شال اوڑھنا شروع کر دیا۔ انور بھائی کی شہرت کا چھوٹے سے قصبے جلال پور کی بین الاقوامی شہرت کا سبب بن گیا، اب تو ایسا ممکن ہی نہیں کہ جلال پور کا نام آئے اور انور بھائی یاد نہ آئیں یا بھائی انور یاد آئیں، اور جلال پور کی یادوں کے چراغ نہ جھلملانے لگیں۔ جلال پور کے ایک ننھے سے شہر نے حفاظت اور ناز برداری کرنے والی مٹی سے سونے کا زیور بنا کر عزیزہ اردو سلمہا بنت ہندوستان کے گلے میں ڈال دیا۔ انور بھائی سے میری قربت ہوئی تو 100 کلومیٹر کا فاصلہ کم ہو کر ایک میز پر رکھے دو گلاس میں جتنا رہ گیا۔ انور بھائی بنت عنب کے شیدائی، میں اپنے زخموں کا لہو چاٹنے کا عادی، پھر بھی میرے فلسفے کے لحاظ سے جو چیز دوستوں کو اچھی لگ گئی، اسے میں نے اپنے اوپر حرام کر لیا، میز پر رکھے گلاس کا فاصلہ آج تک کم نہیں ہو سکا، دوستوں کو انگور کی بیٹی سے کیا دوستی کرتا میں تو ہمیشہ انگور کو دوست رکھتا ہوں اصول بھی آخر کوئی چیز ہے۔

انور بھائی عمر میں تقریباً پانچ، چھ برس مجھ سے بڑے تھے۔ لیکن بہت سلجھے ہوئے معاملہ فہم اور دور اندیش آدمی تھے، اس لئے ان کی دوستی سے مجھے ہمیشہ فائدہ پہونچا کہانی کو مختصر کرتے ہوئے یہ بتانا ضروری ہے کہ آج انور بھائی کے بچے جس کسی بھی مقام پر ہوں ان کے مستقبل کے لئے انور بھائی نے اپنی زندگی فضول خرچی کے ساتھ گزاری تھا غالباً ۸۰ء کی دہائی میں ایک مشاعرہ باندہ میں تھا انور بھائی نے مجھے فون کیا اور مجھ سے پروگرام پوچھا میں نے انھیں بتایا کہ میں اس تاریخ کو اپنے گھر رائے بریلی میں رہوں گا، اور وہاں سے میں مشاعرے کے لئے نکلوں گا، میرے ساتھ استاد والی آسی بھائی بھی ہوں گے۔ انور بھائی نے ہنستے ہوئے کہا کہ یار اپنی کار میں ایک سیٹ میرے لئے بھی بک کر لو یوں بھی بہت دنوں سے انور چچا (میرے والد) سے ملاقات بھی نہیں ہوئی ہے۔

غرض کہ ہم لوگ وہاں سے شام کو باندہ کے لئے نکلے اور تقریباً مشاعرے کے وقت باندہ پہنچ گئے، جسٹس قدوسی اس مشاعرے کی صدارت فرما رہے تھے، مشاعرہ اپنی ترنگ میں پہاڑی جھرنے کی طرح بہہ رہا تھا، سامعین مچھلی تالاب کی طرح اچھل چھل رہے تھے، ہر شاعر باندہ کے باذوق سامعین کی طرف سے داد و تحسین سے نوازا جا رہا تھا۔ یوں بھی باندہ کے سامعین کا کیا کہنا ایک طرف تو وہ بیہڑ کا علاقہ بھی کہلاتا ہے، جہاں بڑے بڑے ڈاکو پیدا ہوئے، جس علاقے کے نواب یعنی باندہ کے نواب کو مرزا غالب کی میزبانی کا کئی بار موقع ملا، دریا بہاؤ پر تھا مرزا کی کشتی باندہ کے ساحل تک نہیں آسکتی تھی تو انھوں نے وہاں راتوں رات مرزا غالب کے ٹھہرنے کے لئے ایک سرائے بنوا دی تھی ایسے ادب نواز شہر کے لوگ عروس غزل کو نوازتے وقت بخل سے کیسے کام لے سکتے ہیں۔ مشاعرہ ختم ہوا والی بھائی جسٹس قدوسی کے ساتھ ان کی کار پر بیٹھ کر لکھنؤ چلے گئے۔ کیونکہ مجھے اپنے

کاروباری سلسلے میں باندہ سے الہ آباد جاتا تھا، انور بھائی نے نقاہت کی گٹھری باندھتے ہوئے مجھ سے پوچھا کہ یار تمہارا کیا پروگرام ہے۔ میں نے کہا کہ انور بھائی مجھے تو الہ آباد جانا ہے۔ میں نے کہا کہ آیئے میرے ساتھ چلئے۔ اللہ انھیں غریق رحمت کرے وہ موت سے بہت ڈرتے تھے، ایک تو میں بھی رات بھر کا جاگا ہوا اور تقریباً ڈھائی سو کلومیٹر کی ڈرائیونگ اس میں گاڑی کبھی کبھی رف بھی چلائی پڑ رہی تھی۔ انور بھائی تھوڑی دیر بعد ارے، ارے اللہ رحم کرے آپ بڑی خطرناک ڈرائیونگ کرتے ہیں۔ یوں بھی منور بھائی جب میں آپ کے ساتھ سفر کرتا ہوں تو یوں بھی میں اپنی آنکھ بند کر لیتا ہوں، میں نے اُن سے مسکراتے ہوئے کہا کہ انور بھائی گنہگار آدمی موت سے بہت ڈرتا ہے، وہ جھنجھلا کے کہنے لگے کہ فلسفہ مت بگھارو آگے دیکھو، الہ آباد آ گیا نیند مجھے مات دینے پر پوری طرح تیار تھی ظاہر ہے کہ انور بھائی کا بھی یہی حال ہوگا۔ لیکن بقول حضرت والی آسی۔

صرف بچوں کی محبت میں یہ رسوائی ہوئی
ورنہ ساحل پر بناتے ریت کا گھر اور ہم

میں نے انور بھائی سے کہا کہ چلئے ہوٹل میں چل کر سو جایئے اب آپ اس حالت میں نہیں کہ اب مزید سفر کر سکیں، وہ کہیں کھو سے گئے، پھر کہنے لگے نہیں، منور بھائی کالج میں ناغہ ہونے سے تنخواہ بھی کٹتی ہے اور رپورٹ بھی بگڑی ہوگی۔ آپ ایسا کیجئے کہ آپ اپنے ڈرائیور سے کہیے کہ بس اڈے لے جا کر مجھے جلالپور کی بس پر بٹھا دے میری ایک نہیں مانا اور میں نے انور بھائی سے کہا میں خود بس اڈے تک چلتا ہوں راستے میں کھوئے کھوئے لہجے میں کہنے لگے کہ منور بھائی اپنے چاروں بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلوانے کے شوق میں زندگی کو اوور ٹائم میں خرچ کر رہا ہوں۔ تو بہت علی گڑھ میں ہے شہریار، گنڈو اور جانثار بھی ہیں۔ ایک انگریزی کے لیکچرر کی جو تنخواہ پرائیویٹ اسکولوں میں

ہوتی ہے اتنے بڑے اخراجات کا بوجھ اٹھانے کے لئے نہیں ہوتی، ان دنوں مشاعروں میں بھی دو ڈھائی ہزار کا معاوضہ ہوتا تھا، ظاہر ہے معمولی تنخواہ اور مشاعرے کے معمولی پروں سے اپنے بچوں کو بہت اونچا نہیں اڑایا جا سکتا۔

تقریباً بیس برس سے اسٹیج اور نجی زندگی میں بھائی انور میرے دوست اور بڑے بھائی رہے۔ بلکہ بڑے بھائی کا حق بھی ادا کیا، یعنی اس رشتے کو پوری تہذیبی معنویت سے بھی سرفراز کیا۔ پچھلے چار پانچ برسوں نے تاہم دونوں کو بہت تھکا دیا، کچھ گھریلو الجھنیں، کچھ روزگار زمانہ اور سب سے بڑھ کر مختلف بیماریوں کے سانپوں نے ہم دونوں کو خوب ڈسا، ہم دونوں تھک بھی گئے اور کچھ ٹوٹ بھی گئے۔ یہ ایسی ٹوٹ پھوٹ تھی۔ جسے سائنس کی جدید ترین مشینیں بھی محسوس نہیں کر سکتیں۔ مشاعروں میں گزری ہوئی راتوں نے جسم کو تھکن دے کر آنکھوں سے نیندیں چھین لیں، انور بھائی نے بھی شب بیداری کے کفارے کے طور پر مشاعروں میں جانا کم کر دیا۔ انھوں نے کچھ دنوں تک غم غلط کرنے کے لئے ٹی وی سیریل کے اسکرین پلے اور ڈائیلاگ لکھے، لیکن ماضی کی تھکن حال کی چستی کو کھا جاتی ہے، اس شوق نے انھیں گھر سے پھر دور کر دیا۔ جلالپور کی صدائیں، مالی پور اسٹیشن کے پلیٹ فارم کا انتظار بچوں کی کھوئی ہوئی مسکراہٹیں اور بھابی صاحبہ کے الجھے ہوئے گیسو، سب کے سب انور جلالپوری کو ڈھونڈ رہے تھے۔ کہاں کتار اودھ کی شامیں اور جگنوؤں کی روشنی کہاں راجستھان کی جلتی ہوئی ریت پر انگلیوں سے مغلیہ سلطنت کی بوسیدہ تاریخ لکھنا؟ انور بھائی جے پور کا راج گھرانا چھوڑ کر اپنی کھپریلوں کے سائے میں لوٹ آئے۔

چاندنی میں رات بھر سارا جہاں اچھا لگا
دھوپ جب پھیلی تو اپنا ہی مکاں اچھا لگا

انور بھائی کی شخصیت کا سب سے روشن پہلو ان کی صاف گوئی ہے۔ ان کے بارے میں میرا ذاتی تجربہ کچھ اس طرح ہے۔ مشاعرے سے پہلے کوئی تو عمر مولوی، اور وہ بھی ایسے مولوی جن کو ہر مسلک کے لوگ پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ مشاعرے میں ابتدائی تقریر کے وقت لفظوں کا چبا چبا کر بولنے والا ایسا ہوشیار لیڈر، جو الیکشن کے بعد عوام کو کچا چبا جانے کی فکر میں رہتا ہے۔ مشاعرہ ختم ہوتے ہی انور جلالپوری جہاد کھنڈ کی مورچے کے تھکے ہارے شیو سرین جیسے۔

سفر میں بہت کم گفتگو کرتے اور کسی بوڑھے فلاسفر کی طرح آنکھیں بند کر کے کچھ سوچتے ہوئے، ٹرین کی پٹریاں بدلتے وقت ایک آدھ بار کسی دنیا سے بیزار درویش کی طرح آنکھیں کھول کر کھڑکی کے باہر بھاگتے ہوئے مناظر کو دیکھنا، اور پھر یوں مطمئن ہو جانا جیسے جہاز کا کپتان کنارہ دیکھ کر زیر لب مسکراتا ہے۔ کھانے پینے میں کوئی خاص شوق نہیں، پاس میں اچھی کتابیں ہوں گی تو پڑھ لی۔ آس پاس میں اچھا چہرہ ہوا تو دیکھ لیا۔ دیکھتے وقت آنکھوں میں وہی حسرت جو جنت دیکھتے ہوئے گنہگار کے دل میں ہوتی ہے۔ جسے ناپسند کرتے ہیں، اسے بھی دیکھ کر مسکرا جاتے ہیں اور نہ ہی منہ پھیر کے بیٹھ جاتے ہیں۔ چائے سے بڑی دوستی، سگریٹ سے بے پناہ لگاؤ پان کا انتظار ہمیشہ محبوب کی طرح کرتے ہیں۔ کوئی اچھا شعر سنا دے تو اٹھ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ پھر نئی غزل کہنے کے لئے زمین مانگتے ہیں۔ لیکن زمین کے لئے صرف ان لوگوں سے کہتے ہیں جنھیں زمیندار سمجھتے ہیں۔ ایرے غیرے کی تو سگریٹ بھی پینے میں سراپا لکھنوی تکلف بن جاتے ہیں۔ شعر کہنے اور عشق میں تاخیر کرنے والوں کو کسی حکیم سے رجوع کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ پلیٹ فارم پر اس طرح اترتے ہیں جیسے گھر کے آنگن میں چہل قدمی کر رہے ہیں۔ نوجوانی میں ناظم مشاعرہ ہونے سے صلاحیتوں پر داغ بد لگ جاتا ہے، جس طرح ہندوستانی پارلیمینٹ میں اسپیکر کی صلاحیت سے کوئی انکار نہیں کرتا

لیکن کسی کے دل میں بھولے سے بھی یہ خیال نہیں آتا کہ جو شخص پارلیمنٹ ہاؤس میں براجمان لگ بھگ پانچ سو بیالیس بھانت بھانت اور پرانت پرانت کے شیروں کو قابو میں رکھ سکتا ہو (جن میں اکثر آدم خور ہو چکے ہیں) وہ شخص ہندوستان کی کسی بھی وزارت یا وزارت عظمیٰ کے قلم دان کا بہتر محافظ ہو سکتا ہے۔ لیکن ارباب سیاست نے اسپیکر کو اور اقتداران ادب نے ناظم مشاعرہ کو رنگ ماسٹر سمجھ کر نظرانداز کر رکھا ہے۔

انور بھائی کی خداداد صلاحیت سلیقے اور ہنر نے نظامت جیسی غیر ضروری چیز کو بھی فن بنا دیا ہے، اور یہی وہ ہنر ہے، جسے حاصل کرنے والا شخص دلچسپ اور باوقار شخص بن جاتا ہے۔ مشاعروں میں باقاعدہ نظامت کرنے والوں میں انور بھائی اکیلے شخص ہیں، جو ہر شاعر کو پوری توجہ کے ساتھ سنتے ہیں۔ کلاسیکی شاعری کے علاوہ عصری ادب کے اتار چڑھاؤ پر بھی ان کی نگاہ مرکوز رہتی ہے۔ ان کا مسلک کوئی بھی ہو لیکن وہ شعر کے معاملے میں دیوبندی یا صف بندی کے قائل نہیں ہیں۔ مشاعروں کو انھوں نے کبھی نوٹنکی یا میوزیکل پارٹی نہیں بننے دیا۔ آخر آخر تک وہ مشاعرہ کے ادبی وقار کو بلند رکھنے میں کوشاں رہتے ہیں۔ وہ اکیلے ناظم مشاعرہ ہیں، جو اس بات کا پورا لحاظ رکھتے ہیں کہ مشاعرے میں موجود غیر مسلموں میں اردو زبان و ادب کی رسوائی نہ ہونے پائے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ دیوبند شریف سے دلی تک انور بھائی کی شخصیت کا طلسم برقرار رہا۔ نظامت سے ان کی دلچسپی کم ہونے سے مشاعرہ اپنے معیار سے بہت نیچے آتا جا رہا ہے، یا پھر مشاعروں کے گرتے معیار سے انھوں نے مشاعروں سے کترانا شروع کر دیا تھا۔ تنقید کے اجارہ داروں کے حساب سے انھوں نے شاعری بہت اچھی نہ کی ہو۔ لیکن اس کے باوجود ان کی کمزور شاعری بھی ادبی رسائل میں اکثر چھپنے والی غزلوں سے بدرجہا بہتر ہے۔

لیکن جب یار لوگ غزل سے زیادہ ترنم کی اور شاعری سے زیادہ نظامت کی تعریف کرنے لگتے ہیں تو فنکار بھی کام چلاؤ سرکار کا طرفدار بن جاتا ہے۔ اور یہی وہ وقت ہے، جب سچا ادب کوٹھے اترتے ہوئے آدمی کے پیروں کی تھکن بن جاتا ہے۔ ظاہر ہے شراب کی دکان میں شہد رکھنا شہد کی مکھیوں کی شب و روز کی محنت سے سراسر مذاق کرنا ہے۔ انور بھائی کو بھی ادب کے ٹھیکیداروں نے شراب کی دکان کھولنے کا لائسنس تو دے دیا، لیکن نیم کے شہد سے سماج اور جسم میں سیاست کے پھوڑے پھنسیوں کی اجازت نہیں دی۔ یقیناً یہی سبب ہے کہ ہم آج ایک بیمار سماج اور سیاسی چھوت چھات کے درمیان زندہ ہیں۔ انور بھائی جیسے شریف اور بھولے بھالے لوگ ادب اور سیاست دونوں کے لئے مفید اور کارآمد ثابت ہو سکتے تھے۔ لیکن کچھ تو انور بھائی کا پوربی شرمیلا پن اور کچھ اقتداران ادب کی بددیانتی دونوں نے مل کر ایک اچھے شاعر کو مشاعرے کا مداری بنا کر رکھ دیا۔

استاد بسم اللہ خاں کسی تقریب میں وقت گزاری کے لئے تاش کے پتے لے کر بیٹھ گئے اور دوستوں کو بادشاہ بیگم اور جوکر کے کرتب دکھانے لگے۔ تقریب میں شریک ایک مارواڑی سیٹھ بھی، بسم اللہ خاں کے پاس آ کر بیٹھ گئے تھوڑی دیر تک وہ تاش کے پتوں کا کرتب دیکھتے رہے۔ پھر انھوں نے نہایت ملتجیانہ لہجے میں استاد بسم اللہ خاں سے اپنی صاحبزادی کی شادی میں تشریف لانے کے لئے گزارش کرنے لگے۔ استاد بسم اللہ خاں تصویر خلوص بن گئے اور سیٹھ صاحب سے یہ کہتے ہوئے تقریب میں حاضر ہونے کا وعدہ کر لیا کہ "آپ کی بیٹی میری بھی بیٹی ہے" آپ بے فکر رہیں۔ میں شادی کی تقریب میں ضرور شرکت کروں گا۔ مقررہ تاریخ پر استاد بسم اللہ خاں سیٹھ صاحب کے گھر پر تشریف لے گئے۔ سیٹھ سراپا انتظار بنے کھڑے تھے، بڑھ کر استاد بسم اللہ خاں کو نمستے کیا، پھر ان کی شہنائی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "اچھا تو آپ شہنائی بجا لیتے ہیں۔" اس دلچسپ مگر افسوسناک واقعہ کو مدنظر رکھتے ہوئے غور کیجئے تو اس ناقدر شناس زمانے میں انور بھائی کی شاعری استاد بسم اللہ خاں کی وہ شہنائی ہے جس کی گونج سنتے ہی گنگا کا مقدس پانی اپنی لہروں کے اشارے سے منہ اندھیرے ہندوؤں کو اشنان کرنے کے لئے اور مسلمانوں کو باوضو ہو جانے کے لئے آواز دینے لگتا ہے اور ان کی نظامت ان تاش کے پتوں کی طرح ہے جو ہمارے ارباب ادب کی اس شخص بھی کو نمایاں کر دیتے ہیں جسے حکمت کی زبان میں کوزہ کہا جاتا ہے۔

□□□

مجتبیٰ حسین

اپنی مزاحیہ تحریروں اور طنزیہ جملوں سے ذہن کے دریچوں کو وا کر دینے میں طاق مجتبیٰ حسین کو ہندوستانی طنز و مزاح کا شہنشاہ بھی کہا جاتا ہے۔ اردو ہی کیا دوسری ہندوستانی زبانوں میں بھی ان جیسا مزاح نگار شاید کوئی دوسرا نہیں۔

ادارہ 'نیا دور' مجتبیٰ حسین سے طویل انٹرویو کے ساتھ ان کی ہمہ جہت شخصیت اور ان کی ادبی عظمت پر بھرپور مواد کے ساتھ ستمبر ۲۰۱۸ء میں آپ کے روبرو ہوگا۔

حمد و نعت کا بھی ممتاز نام انور جلالپوری

آصفہ زمانی
4/83، وشال کھنڈ، گومتی نگر، لکھنؤ
رابطہ: 9621914069

شاعر اور ناظم مشاعرہ کی حیثیت سے انور جلالپوری کا نام محتاج تعارف نہیں۔ وہ ایک معتبر نثر نگار بھی تھے۔ ان کی شعری و نثری تخلیقات میں دو درجن سے زائد کتب منظر عام پر آچکی ہیں۔ نثری تصنیف میں 'روشنائی کے سفیر' ادبی مضامین کا پہلا مجموعہ ہے جس میں مولانا آزاد، ملک زادہ منظور احمد، بشیر بدر اور راحت اندوری جیسی شخصیت کا ذکر شامل ہے۔ ان کا دوسرا نثری مجموعہ 'اپنی دھرتی اپنے لوگ' ہے جس میں ان کے وطن جلالپور کی اہم شخصیات کا تذکرہ ہی قابل مطالعہ ہے۔ انور جلالپوری نے 'قلم کے سفیر' کے نام سے اپنی تیسری نثری کتاب ترتیب دی جس میں ہم عصر مشاہیر حضرات کے بارے میں لکھا ہے۔ ان کی چوتھی نثری کتاب بھی مضامین کا مجموعہ ہے لیکن یہ کتاب اس سے اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں غیر معروف شعراء پر قلم اٹھایا گیا ہے۔ انور جلالپوری کی چوتھی نثری کتاب ہے 'سفیران ادب' اس کتاب میں شعری، ادبی و ثقافتی مضمون شامل ہیں۔

جہاں تک انور جلالپوری کی شعری تخلیقات کا تعلق ہے مجموعہ غزلیات میں 'کھارے پانی کا سلسلہ'، 'خوشبو کی رشتہ داری'، 'اردو کے اشعار' اور 'پیار کی سوغات' قابل ذکر ہیں۔ نعتیہ کلام کے مجموعات بھی قابل ذکر ہیں۔ ان میں 'ضرب لا الہ'، 'بعد از خدا'، 'حرف ابجد'، 'جمال محمدؐ' (منظوم سیرت پاک) اور 'راہرو سے رہنما تک' ہے جس میں سیرت خلفائے راشدین کا منظوم ذکر ہے جو انہیں نعت گوئی میں ممتاز مقام عطا کرتی ہے۔

مذہب سے تعلق سے ان کی فکر اور معنوی وسعت تو کسی کی مثال منظوم شکل میں ان کا کلام ہے۔

انور جلالپوری کی قابلیت کا اندازہ ان کے منظوم تراجم سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔ منظوم ترجمہ آسان کام نہیں ہے۔ ترجمہ کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ اس کی اصل روح مجروح نہ ہو اور ترجمہ نفس مضمون ادا کر رہا ہو۔ کامیاب مترجم کہلانے کا وہی مستحق ہے۔ انور جلالپوری کی شخصیت میں یہ خداداد صلاحیت موجود تھی۔

این سعادت بزور بازو نیست
تا نبخشد خدای بخشندہ

(یہ سعادت بزور بازو حاصل نہیں کی جاسکتی جب تک خدائے تعالیٰ کی طرف سے ودیعت نہ کی گئی ہو۔)

انور جلالپوری کے منظوم تراجم میں اردو شاعری میں 'گیتا' ہندی اور اردو دونوں زبانوں میں موجود ہے۔ اردو شاعری میں 'گیتانجلی' بھی ہندی اور اردو دونوں زبانوں میں موجود ہے۔ 'اردو شاعری میں رباعیات خیام' بھی ہندی اور اردو دونوں زبانوں میں موجود ہے اور 'توشہ آخرت' قرآن شریف کے تیسویں پارے کا منظوم ترجمہ ہے۔ اس ترجمہ میں انہوں نے مولانا مودودی کی تفہیم القرآن سے استفادہ کیا ہے۔ 'توشہ آخرت' واقعی اپنی تمام تر خوبیوں کے ساتھ ان کے لئے توشہ آخرت ثابت ہوا۔ اسے انہوں نے اپنے والدین کے نام معنون کرکے ایک باکردار، نیک اور لائق اولاد کا بھی فرض ادا کیا ہے۔

میں بھی 'توشہ آخرت' سے صرف سورۂ فاتحہ کی مثال دینا چاہوں گی۔ صرف اسی کی مثال سے قاری کو قرآنی ترجمہ کی اہمیت کا اندازہ ہو جائے گا۔

الحمد للہ رب العالمین

(سب تعریفیں اللہ کے واسطے ہیں جو تمام عالم کا پالنے والا ہے۔)

اب انور جلالپوری کے شعر میں ملاحظہ فرمائیے:

وہی رب تو سارے جہانوں کا ہے
مکانوں کا ہے لا مکانوں کا ہے

الرحمن الرحیم۔ مالک یوم الدین

(بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ مالک ہے روز جزا کا)

شعری ترجمہ انور جلالپوری

رحیم اور رحمن بھی اس کے نام
چلائے وہی سارے جگ کا نظام
قیامت کے دن کا بھی مالک وہی
اسی کے اشارے سے دنیا بنی

ایاک نعبد و ایاک نستعین

(اے اللہ! ہم تیری اطاعت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔)

انور جلالپوری

تری ہی عبادت سے ہے واسطہ
مدد کے لئے ہے تجھی سے دعا

اھدنا الصراط المستقیم

(دکھا ہم کو سیدھا راستہ)

انور جلالپوری

کر کے نیک نفس بنا دے ہمیں
جو ہے سیدھا رستہ دکھا دے ہمیں

صراط الذین انعمت علیھم

(اور ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے اپنا انعام فرمایا)

انور جلالپوری

وہ رستہ جو انعام والوں کا ہے
ترے سچے پیغام والوں کا ہے

غیر المغضوب علیھم ولا الضالین

(اور ان لوگوں کا راستہ نہ دکھا جن پر تو نے غضب نازل کیا اور وہ گمراہ ہوئے۔)

انور جلالپوری

ہمیشہ سے ہیں جو ذلیل اور خوار
بچا لے ہمیں ان سے پروردگار

انور جلالپوری نے میرے دوسرے شعری مجموعہ 'احساس بیکراں' پر بہت پر مغز تبصرہ لکھا تھا جو میرے مجموعہ میں مع ان کی تصویر کے شامل ہے۔ اس کی ابتدائی سطریں میں یہاں تحریر کر رہی ہوں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے میرے اشعار کی اصل روح کو پکڑ لیا تھا۔ ملاحظہ ہو ان کا تبصرہ:

"مجھے نہیں معلوم کہ غموں کی کتنی شکلیں ہوتی ہیں اور وہ کیسے کیسے انداز میں پرچھائیں کی طرح مرحلوں کا پیچھا کرتی رہتی ہیں۔ ہم انہیں دوست سمجھتے ہیں اور جواب قدم قدم پر آسمانی سے مل کر ان کے چہرے کو غور سے پڑھ کر اور آج بھی ان کی آواز کی پرسوز تڑپ محسوس کرتے ہیں۔ سید رضوی کی باتوں پر یقین ہو جاتا ہے۔ جس عورت نے اپنے باوقار اور خوش مزاج شوہر (سید محمد انور رضوی، ایم۔ ایل۔ سی۔ منتری اتر پردیش) کے بے جان جسم کو خوابگاہ سے قبر تک جاتے ہوئے اپنی ویران آنکھوں سے دیکھا ہو اور جس ماں نے اپنی اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہمہ جہت شخصیت رکھنے والے اور سماج میں بلند مقام تک پہنچنے والے بیٹے (پروفیسر شیر رضوی، منتری اتر پردیش، صدر شعبۂ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی) کو پی جی آئی کے آئی سی یو میں کوما کی حالت میں دیکھا ہو اور اس کے جنازے کو ڈبڈبائی اور پتھرائی آنکھوں سے ہمیشہ کے لئے رخصت کرتے ہوئے بھی دیکھا ہو۔ اس ماں کے غموں کی انتہا کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ ان غموں نے ان کی شاعری کو غم کے آنسوؤں میں ڈبو دیا ہے۔ جب گھر ہی اجڑ گیا ہو تو غزل مرثیہ بن جاتی ہے۔"

(احساس بیکراں، ۲۰۱۹ء)

انور جلالپوری ہم سے اس قدر جلد رخصت ہو جائیں گے کسی کے تصور میں بھی نہ تھا۔ آج جب میں ان کا یہ تبصرہ کوٹ کر رہی ہوں تو مجھے ان کی غزلیں بھی مرثیے کے ہم مرتبہ نظر آ رہی ہیں کیونکہ ان میں زمانے کا درد و سوز ہے۔ احساس کی گہرائی ہے۔ فکر کی بلندی ہے اور ان کی اپنی بلند فکر ہے جو بلا شبہ انہیں دیگر ہم عصر شعراء سے ممیز و ممتاز کرتی ہے۔ بقول رئیس انصاری:

ہیں لکھنؤ میں آج بھی شاعر بہت رئیس
لیکن ہماری طرح کوئی سوچتا نہیں

□□□

'نیا دور' اگست ۲۰۱۸ء کے شمارے کی ایک جھلک

اردو ادب میں اتر پردیش کے غیر مسلم ناول نگاروں کی خدمات پر **نعمان قیصر**، فارسی ادب میں غیر مسلم شعراء کی خدمات پر **ڈاکٹر سعدیہ جعفری**، اردو شعر و ادب کے فروغ میں غیر مسلم شعراء پر **ڈاکٹر اسرار الحق** اور **اردو کے غیر مسلم شعراء** کی شاعری میں اسلامی اثرات پر **رضیہ پروین** کے مضامین۔

ساتھ میں کملیشور کی ادبی خدمات پر **مشرف عالم ذوقی**، بلونت سنگھ کے فن پر **رضوان انصاری**، تصوف اور ہندوستانی روحانیت پر **ڈاکٹر نریش**، جلیاں والاں باغ پر **پی پی شریواستو رند** کے مضامین

رتن سنگھ، چندر بھان خیال، جینت پرمار، گلشن بریلوی، آشا پربھات، دیپک بدکی، راجیو پرکاش ساحر، وشال کھلر، خوشبیر سنگھ شاد، پونم کوثر، رینو بہل، منیش شکلا، ڈاکٹر وبھا نازلی، سیا سچدیو، رام پرکاش بیخود، اویناش امن، رمیش پانڈے شنکر، دیپک نشاط، ادم پرکاش ندیم، سنجے مصرا شوق وغیرہ کی تخلیقات

سلمیٰ حجاب
3/32، وپل کھنڈ، گومتی نگر، لکھنؤ
موبائل: 9453077420

بُعد از خدا گوہر آبدار

اس حقیقت کا اعتراف تو کرنا ہی پڑتا ہے کہ اجل کے بے رحم ہاتھوں نے انور جلالپوری صاحب کو ہم سے چھین لیا لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ان کا جسمانی وجود تو فنا ہو گیا لیکن ان کے روحانی وجود کا عکس، فکر و شعور حرف و صدا کے آئینہ خانے میں درخشاں اور تابندہ ہے۔ ان کی آواز فضاؤں میں گونجتی رہتی ہے۔ ان کے اشعار لبوں پر رقص کرتے رہتے ہیں۔ ان کی تمام ادبی کاوشیں، شعری و نثری تخلیقات ان کے موجود ہونے کے دعوے پیش کرتی رہتی ہیں۔

انور جلالپوری کی شخصیت بڑی جامع تھی۔ وہ بیک وقت ایک ادیب و شاعر، ایک مقرر و خطیب، ایک منفرد ناظم مشاعرہ، ایک ماہر تعلیم اور ایک کامل معلم تھے۔ ان سب خصوصیات سے ارفع و اعلیٰ وہ ایک مکمل انسان تھے۔ خلوص و محبت کے پیکر، اعلیٰ اخلاقی قدروں کے مظہر، صاحب وسعت فکر و نظر کی اسی وسعت نے ان کے قلم، ان کی تحریر اور ان کی تمام نگارشات کا احاطہ کر رکھا تھا۔ ان کا قلم اسیر مذہب و ملت نہیں بلکہ اس آفاقی مذہب کا پیروکار و مبلغ تھا جسے دین انسانیت کا نام دیا جا سکتا ہے۔ انور جلالپوری کی باریک بین نظریں کائنات کے بنیادی اصولوں پر تھی یعنی وہ کثرت میں وحدت کی رمز شناس تھیں۔ یہی سبب ہے کہ اگر انہوں نے 'بعد از خدا'، 'راہرو سے رہنما تک' کی تخلیق کی تو انہوں نے بھگوت گیتا کا اردو ترجمہ بھی کیا۔ رابندر ناتھ ٹیگور کی مشہور زمانہ 'گیتانجلی' کو بھی اردو کے پیکر میں ڈھال دیا۔ قرآن کے تیسویں پارے کا ترجمہ بھی کیا۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اردو ادب میں یہ کارنامے نئے نہیں، اس سے پہلے بھی گیتا اور قرآن، گیتانجلی کے ترجمے کئے جا چکے ہیں لیکن یہاں میرا موضوع ان تخلیقات کے اس دور میں ہونے پر بحث نہیں بلکہ ان کے تخلیقی شعور کی اس آفاقیت پر مرکوز ہے جو کسی شاعر کو مذہب انسانیت کا پیروکار اور مبلغ بناتا ہے۔

انور جلالپوری نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ مذہبوں کا تقابلی مطالعہ وہ شروع سے کرتے رہے۔ ہندوستان کے اہم مذاہب کا مکمل مطالعہ اور ان کا تقابلی جائزہ لے کر بقول کبیر داس 'سار سار سب گہہ لیا' کے مصداق صداقتوں کو خود میں جذب کر کے حقائق کا انکشاف کیا۔ حاصل شدہ علم، عرفان و آگہی کو شعری پیکروں میں ڈھال کر اپنی تخلیقات کی انفرادیت پر مہر لگا دی۔ اپنے قول و فعل میں وہ ہندوستان کی اس دیرینہ مذہبی رواداری کے پاسدار ہے جو ہندوستانی تہذیب کی میراث ہے۔ یہی وصف ان کی زبان میں بھی ہے یعنی انہوں نے اپنے جذبہ صادق کے اظہار کے لئے جس زبان کا استعمال کیا وہ عام فہم اور پر اثر ہے۔ انہوں نے اپنی علمیت اور زبان دانی کا بوجھ قاری کے ذہن پر نہیں ڈالا بلکہ علم اور مذہبی فلسفہ کو اتنی آسان اور رواں زبان میں پیش کر دیا ہے کہ قاری کو لطف بھی آئے اور مفہوم تک اس کی رسائی بھی ہو سکے۔

یہ ایک مجموعی تاثر تھا جو میں نے ان تمام تخلیقات کے حوالے سے مختصراً پیش کر دیا۔ ایک مضمون میں ان کی تمام شعری تخلیقات کا تذکرہ یا جائزہ لینا دشوار بلکہ ان کے ساتھ ناانصافی بھی ہوگی بلکہ اپنے مذکورہ بالا بیان و تاثرات کی صداقت کو ثابت کرنے کے لئے ان کے نعتیہ مجموعہ 'بعد از خدا' کا انتخاب کیا۔ نعت گوئی ایک مذہبی فریضہ ہے اور ایک مسلمان کے لئے باعث ثواب و سعادت بھی ہے۔ دور حاضر میں شاعرانہ بے راہ روی اہل سخن کا وطیرہ بنی ہوئی ہے۔ انور جلالپوری کے ہدایت یافتہ پاکیزہ قلم نے اپنی عمر کے کئی سال نعت نبی اور مدحت رسول کے لئے وقف کر دیئے۔ ہم اس پر جتنا بھی فخر کریں، کم ہے۔ ان کی یہ تخلیق صحیح معنوں میں روشن ہے۔ اپنے اس نعتیہ کلام میں انور جلالپوری نے اسلامی فلسفہ اور پیغمبر اسلامؐ کے فخر انسانیت وجود کو محدود شرعی فکر میں اسیر نہ کر کے ایک آفاقی شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی اور رسول مقبولؐ کو دین انسانیت اور دین کائنات کے رہبر اعظم کی حیثیت سے متعارف کروا دیا جو کہ غیر مسلم قاری کے لئے ایک پر اثر اور اہم دستاویز بھی ہے اور دین اسلام کے فلسفی آفاقیت کو عام فہم بنانے کا ذریعہ بھی۔

زیر تبصرہ تخلیق 'بعد از خدا' کو کتاب کہنا بے ادبی ہوگی۔ اسے صرف نعتیہ مجموعہ بھی نہیں کہا جا سکتا کیونکہ یہ تو عشق نبی میں پروان چڑھی ہے۔ حقیقتاً انور جلالپوری کے اس شعری کارنامے کو عبادت کا درجہ حاصل ہے کہ وہ بحر عشق رسولؐ میں ڈوب ڈوب کر ابھرے ہیں اور ہر بار ان کو ایک گوہر آبدار حاصل ہوا مگر اس سرشاری میں بھی وہ گم کردہ حقیقت نہیں ہے۔ بلاشبہ یہ تو سے بندگی

یہ نظم عرفانِ خداوندی اور فیضانِ عشقِ رسولؐ ہے۔

اس طویل نظم، جسے شاعر نے 'جمالِ محمدؐ' کا عنوان دیا ہے، کو پڑھنے کے بعد اس کی چند اہم خصوصیات اور نکات ابھر کر سامنے آتے ہیں۔

۱۔ الہامی آمد
۲۔ تاریخی تسلسل
۳۔ وجدانِ عشقِ رسولؐ
۴۔ کاشفانہ اندازِ بیاں

اس نظم کے اشعار میں اول تا آخر آورد کی جھلک نہیں ملتی۔ محسوس ہوتا ہے کہ جذبۂ صادق خود بخود شعروں میں ڈھلتا جا رہا ہے۔ ذکرِ خدا ہو یا مدحتِ رسولؐ، عظمتِ الٰہی کا بیان ہو یا شانِ رسالت، لفظِ کن کے اسرار ہوں یا رمزِ تخلیقِ آدم کسی بھی مقام پر ان کا قلم رکتا نہیں۔ قبلِ کن کی خلائے بیکراں ہو یا فرشتوں کی تخلیق کا موجب، تخلیقِ آدم اور تخلیقِ زمیں و آسمان۔ یہ تمام واقعاتِ ارض و سما تاریخی تسلسل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔ وہ بھی اتنی صداقت و حلاوت کے ساتھ جیسے کوئی عالم، ایمانِ مفصل کی تفصیلات و ترجیحات بیان کر رہا ہو یا ایمانِ مجمل کے اسرار کھول رہا ہو۔ حیاتِ طیبہ کے تمام روشن پہلوؤں کا بیان کرتے وقت بھی تسلسل کہیں نہیں ٹوٹتا۔ نورِ اول سے نورِ آخر تک پیدائش سے یتیمی تک، بچپن سے نوجوانی تک، غارِ حرا سے غارِ ثور تک، بشریت سے رسالت تک، حیاتِ طیبہ کی ایک مکمل تصویر قاری کے ذہن میں ابھر آتی ہے۔ نظم کا ہر بند الگ الگ پہلوؤں کا ذکر کرتا ہے لیکن ربط و تسلسل مجروح نہیں ہونے پاتا۔

یہ طویل نظم بہ عنوان جمالِ محمدؐ اور اس سے قبل مجموعہ میں شامل نعتیں اور سلام اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ انور جلالپوری سرشارِ عشقِ رسول ہیں۔ وہ رسول جو محسنِ انسانیت ہیں۔ عشقِ نبی کی جو شمع ان کے دل میں روشن ہے، اس میں انوارِ الٰہی کی تابناکی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا قلم وحدانیت اور رسالت کے درمیانی پل صراط کو آسانی سے پار کر لیتا ہے۔ یہی نعت گو شعرا کے لئے سب سے بڑا اعجاز ہے۔ جہاں تک اس نعت کے اسلوب اور اندازِ بیاں کا تعلق ہے وہ بھی اسی وجدانی کیفیت سے آراستہ و پیراستہ ہیں۔ سلاست و فصاحت کا ایک دریا قاری کو اپنے ساتھ رواں رکھتا ہے۔ پاکیزہ لفظیات، ترکیبات و تشبیہات سے نظم کا حرف حرف منور ہے۔ نظم میں غزلوں کی غنائیت اور موسیقیت ہے کیونکہ شاعر نے ردیف اور قافیہ برتنے میں احتیاط سے کام لیا ہے یوں کہیے کہ ہم وزن ردیف اور قافیے خود بخود زیرِ قلم آ گئے اور اشعار کو ایک صوتی آہنگ عطا کر گئے۔ الفاظ نگینوں کی طرح جڑے ہوئے لگتے ہیں۔ عربی اصطلاحات سے نظم میں جان آ گئی ہے جو انہوں نے سرکارِ دو عالمؐ کی تعظیم و تکریم کے لئے استعمال کیے ہیں مثلاً اعتبارِ رنگ و بو، احدِ احد، مشعلِ غارِ حرا، اسمِ صفات، قمر، بیعتِ الحق، کشف الدجیٰ وغیرہ وغیرہ۔

یوں تو نظم کا ہر بند اپنی جگہ اہم ہے اور اہم تاریخی حقائق کی مظہر ہے لیکن مسدس کے آخری دو مصرعے خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں مثال کے طور پر:

دیر کی صورت تھا کعبہ کر دیا تو نے حرم
شرک تھیں حوا اے آدم جسے کہتے رہے

یا پھر

روح کو اندر سے خواہش تھی کسی الہام کی

دراصل آخری دو مصرعوں میں ہمیں اسلامی فلسفہ و فکر کی نہ صرف جھلک بلکہ ترجیحات اور تفصیلات بھی ملتی ہیں۔ تخلیقِ آدم کی عظمت کو وہ کس طرح بیان کرتے ہیں

عرشِ اعظم اس طرح آدم کا پہلا گھر ہو
جلوۂ معبود اس کی آنکھ کا منظر ہو

زمیں پر انسانوں کی رہنمائی کے لئے خدا نے وقتاً فوقتاً جو پیغمبر مبعوث فرمائے اور جو صحیفے نازل کیے وہ صرف مسلمانوں کے لئے نہیں بلکہ عام انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ اس تفصیل کا بیان دو مصرعوں میں ملاحظہ ہو:

امتوں نے ان سے پایا ایک دستورِ حیات
ان پہ جو اتریں کتابیں وہ ہیں منشورِ حیات

تاریخِ عالم میں ہجرتِ مدینہ کا واقعہ ایک انتہائی اہم موڑ اور انسانی تہذیب و تمدن کے ارتقاء کی بنیاد فراہم کرتا ہے جسے انور جلالپوری نے بڑی مہارت سے ذیل کے دو مصرعوں میں بیان کر دیا۔

ہاں اسی ہجرت نے کھولا انقلابِ نو کا باب
مستقل ایثار سے اک قوم پیدا ہو گئی

انور جلالپوری نے دراصل جہدِ مسلسل، محنت و مشقت، ایثار و صبر، ایمان و ایقان کی علمبردار اس قوم کی تاریخ رقم کر دی جو رہبرِ عالم کی اور اس اسلامی مذہب و فلسفہ کی حقیقت بیان کر دی اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ دینِ اسلام صرف دینِ مسلم نہیں بلکہ دینِ انسانیت ہے جس کے اصول آفاقی حیثیت کے حامل ہیں۔

□□□

اب تو بس آواز ہی آواز ہے....

خوشبیر سنگھ شاد
B-8، سلور ریزیڈنسی اپارٹمنٹ، ۱۱۱
چوک، جالندھر موبائل 9872011882

یہ ہم بے حسی کے کس دور سے گزر رہے ہیں کہ کوئی بری سے بری خبر بھی ہمیں کچھ لمحوں سے زیادہ متاثر نہیں رکھتی ہے اور ہم جلد از جلد اپنے معمول پر لوٹ آتے ہیں۔ احساس کا گرداب کہیں ہمیں بہت گہرائی تک نہ لے جائے اسی ڈر سے ساحل پر بیٹھے بیٹھے ہی ڈوبنے والوں کی موت کا سوگ منا لیتے ہیں۔ یہ آج کے اس تنگ دور کی سچ چائی ہے۔ ۸۰ء کی دہائی کی شروعات تھی شاید شاعری کے کیڑے نے ابھی کاٹا ہی تھا۔ اپنے ہمعصر نوجوانوں کی طرح ساحر کے جادو نے مجھے بھی اپنی گرفت میں جکڑا ہوا تھا۔ روپندر الیہ کے ایک مشاعرے میں انور جلالپوری کو پہلی بار سنا۔ غزل تو یاد نہیں لیکن ایک شعر کا ایک مصرعہ آج بھی ذہن میں تازہ ہے۔

'کہتا تھا، جیتی ہیں جیتی تیرے نام کا ہے'

مشاعرے کے بعد انھوں نے جناب والی آسی سے پوچھا کہ والی بھائی آپ کو یہ شعر کیسا لگا؟ اس سے پہلے کہ والی صاحب کوئی جواب دیتے۔ میں بول پڑا، 'انور صاحب' بہت اچھا شعر ہے۔' موٹے سے چشمے کے پیچھے سے کاجل لگی ان بڑی بڑی آنکھوں سے جس انداز سے میری طرف دیکھا، میں گھبرا گیا۔ ان میں حیرت سے زیادہ حقارت تھی۔ شاید انھیں کسی سکھ نوجوان سے یہ توقع نہیں رہی ہوگی کہ وہ شعر سمجھ کر داد بھی دے سکتا ہے۔ وہ تو والی آسی جیسے معتبر شاعر کے منھ سے اس شعر کی تعریف سننا چاہتے تھے۔ گزشتہ سال لکھنؤ ایکسپریشن سوسائٹی کے مشاعرے سے پہلے میں نے گرین روم میں انھیں یہ قصہ سنایا تو ہنستے ہوئے بولے 'یار خوشبیر' معاف کرنا۔ اس وقت تمہیں پہچان نہیں سکا۔'

۱۹ دسمبر ۲۰۱۷ء کو شکر شاد مشاعرے میں شرکت کی۔ مشاعرے سے پہلے DCM گروپ کے مالک مادھو صاحب کے گھر شاعروں اور کچھ دوسرے مہمانوں کے لئے پذیرائی کا اہتمام تھا۔ وہاں پہنچا تو دوسرے شاعروں کے ساتھ انور بھائی بھی موجود تھے۔ چند دن پہلے ہی سڑک میں ان کی جوان بیٹی کی موت ہوئی تھی۔ میں نے انور بھائی کی ایسی تصویر پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ محفل کے آداب نبھاتی ہوئی ہونٹوں پر ایک رسمی سی مسکراہٹ لیکن آنکھوں میں کوئی کی صورت جمی ہوئی ایک گہری اور وسیع اداسی۔ میں نے ان کا ہاتھ پکڑا اور دبی ہوئی آواز میں اپنے دکھ کا اظہار کیا۔ ان کی آنکھوں کے کنارے پر نمی سی ابھر آئی اور اس نمی نے میری روح کو اندر تک نم کر دیا۔ میں سوچنے لگا کہ جس بیٹی کو پھولوں کی طرح اپنی بانہوں کے جھولے میں جھلایا ہوا سے ایک باپ نے کیسے اپنے ہاتھوں سے سپرد خاک کیا ہوگا۔ تھوڑی دیر بعد ادھر ادھر کی باتوں کے بعد بولے، خوشبیر اگر کوئی مجھ سے پوچھے تو کیسے ہو؟ میں نے حیرانی سے پوچھا، کیوں انور بھائی؟ بولے، تمہیں اپنی کتاب دینی ہے۔ پھر انھوں نے اپنی نئی کتاب 'اردو شاعری میں گیتا' نکالی اور اس پر لکھا تھا:

'میرے پسندیدہ شاعر، شریف انسان اور گنگا جمنی تہذیب کے پیارے نمائندے جناب خوشبیر سنگھ شاد کی خدمت عالی میں ایک تحفہ' میں نے ہنستے ہوئے کہا کہ انور بھائی' یہ میں اپنی بیوی کو دکھاؤں گا کہ اب تو یقین ہوا کہ میں شریف انسان ہوں۔ تھوڑی دیر میں ٹی وی اینکر وقو دوبی بھی آ گئے اور میں نے انھیں انور بھائی سے ملوایا۔ میرے ہاتھ سے کتاب لے کر انھیں دکھائی اور کہا کہ یہ میری برسوں کی محنت کا نتیجہ ہے بھگوت گیتا کا اردو شاعری میں منظوم ترجمہ۔ میرے پاس ایک ہی کاپی تھی اور میں نے خوشبیر کو دے دی۔ آپ اپنا کارڈ دے دیجئے میں آپ کو جاتے ہی بھیج دوں گا۔' اردو شاعری میں گیتا' کے لئے انھیں اتر پردیش سرکار کا یش بھارتی سمان ملا اور ان کی وفات کے بعد بھارت سرکار نے انھیں پدم شری کے خطاب سے نوازا۔ کاش' یہ ان کی زندگی ہی میں ہو جاتا۔ ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد کے بعد انور جلالپوری نے جس خوبصورت انداز میں اس ذمہ داری کو سنبھالا اس نے کسی حد تک منظور صاحب کی کمی کو محسوس نہیں ہونے دیا۔ اب اس کے بعد جو خلا پیدا ہوا ہے، وہ کیسے بھرے گا، اس کا جواب تو صرف اور صرف وقت کے پاس ہے۔ زندگی لڑکھڑانے کے بعد بھی چلتی رہتی ہے۔ مشاعرے بدستور ہو رہے ہیں۔ کچھ نئے لوگ اچھی نظامت بھی کر رہے ہیں لیکن انور بھائی کی اس جادوئی اور کھلی آواز کا بدل شاید کبھی نہ مل پائے۔

چھپ گئے وہ سازِ ہستی چھوڑ کر
اب تو بس آواز ہی آواز ہے

□□□

انور جلالپوری ایک طرحدار شخصیت

شفیع ایوب
ہندوستانی بھاشاؤں کا مرکز ۔ جواہر لعل نہرو یونیورسٹی
نئی دہلی موبائل 9810027532

کسی مضبوط، مستحکم اور بلند عمارت کے لئے چار ستون بیحد اہم تصور کئے جاتے ہیں۔ ہندستان میں مشاعروں کی نظامت کو اگر ایک خوبصورت عمارت تصور کر لیں تو اس کے چار ستونوں کے نام ہیں۔ ثقلین حیدر، عمر قریشی، ملک زادہ منظور احمد اور انور جلال پوری۔ ہندستان کے طول و عرض میں بے شمار مشاعرے منعقد ہوتے رہتے ہیں۔ ہر مشاعرے میں ایک ناظم ضرور ہوتا ہے۔ کبھی کوئی نوآموز تو کبھی کوئی کہنہ مشق شاعر نظامت کے فرائض انجام دیتا ہے۔ لیکن جن حضرات نے نظامت کو باقاعدہ ایک فن کا درجہ عطا کر دیا ہو ان میں سر فہرست یہی چار حضرات ہیں جن کا ذکر سطور بالا میں ہوا ہے۔ سب سے پہلے محترم ثقلین حیدر اس دنیا سے رخصت ہوئے پھر دیار فراق و مجنوں گورکھپوری کی علمی و ادبی فضا کو سوگوار چھوڑ کر عمر قریشی راہی ملک عدم ہوئے۔ دو برس پہلے پروفیسر ملک زادہ منظور احمد بھی داغ مفارقت دے گئے۔ اور اب سال ۲۰۱۸ء کا ابھی آغاز ہی ہوا تھا، سب ایک دوسرے کو نئے سال کی مبارکباد پیش کر رہے تھے کہ شہر لکھنؤ سے ۲ جنوری ۲۰۱۸ء کو یہ جانکاہ خبر آئی کہ انور جلال پوری بھی مالک حقیقی سے جا ملے۔

انور جلال پوری کی شخصیت کے کئی پہلو ہیں۔ لیکن مشاعروں میں ان کی نظامت نے ایسی چمک پیدا کی کہ باقی صلاحیتیں اور کارگزاریاں دھندلی نظر آنے لگیں۔ فراق گورکھپوری، کلیم الدین احمد اور شمس الرحمن فاروقی کی طرح انور جلال پوری بھی اردو کے نہیں بلکہ انگریزی زبان و ادب کے استاد تھے۔ اودھ کے علاقے میں ضلع امبیڈکر نگر میں جلال پور ایک تاریخی قصبہ ہے۔ اسی تاریخی قصبے میں ۶ جولائی ۱۹۴۷ء کو حافظ محمد ہارون کے گھر ایک بچے نے جنم لیا جس کا نام والدین نے انوار احمد رکھا۔ یہی انوار احمد انور جلال پوری بن کر دنیا بھر میں علم کی روشنی پھیلاتا رہا۔ ابتدائی تعلیم مقامی اسکول میں حاصل کرنے کے بعد گورکھپور یونیورسٹی سے گریجویشن اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم اے کیا۔ وہ جلال پور کے این ای کالج میں انگریزی کے لکچرر مقرر ہوئے۔ بعد میں انھوں نے اودھ یونیورسٹی سے اردو میں بھی ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ انھوں نے نہ صرف انگریزی ادب کا مطالعہ کیا بلکہ اردو اور ہندی ادب کا مطالعہ بھی وسیع تھا۔ انھیں تینوں زبانوں پر یکساں عبور حاصل تھا۔ انور جلال پوری ایک خوش فکر شاعر تھے۔ انھوں نے صرف مشاعروں کی ضرورت کے لئے شاعری نہیں کی بلکہ جو دل پہ گزرتی تھی اسے رقم کرتے رہے۔ ان کی بیشتر شاعری مٹتی ہوئی تہذیب کا نوحہ ہے۔ انھوں نے نعتیہ شاعری کے باب میں بھی بیش بہا اضافہ کیا ہے۔ 'ضرب لا الہ'، 'جمال محمد' اور 'حرف ابجد' ان کے نعتیہ مجموعے ہیں۔ 'جمال محمد' کے نام سے سیرت محمد ﷺ کو منظوم کیا۔ 'راہرو سے راہنما تک' سیرت خلفائے راشدین بھی ان کا ایک انمول تحفہ ہے۔ انھوں نے پارہ عم کا منظوم ترجمہ 'توشۂ آخرت' کے نام سے کیا ہے۔ 'کھارے پانیوں کا سلسلہ'، 'خوشبو کی رشتہ داری' اور دیو ناگری میں 'جاگتی آنکھیں' کے نام سے ان کی غزلوں کا مجموعہ منظر عام پر آیا اور پسند کیا گیا۔ انھوں نے گرودیو رابندر ناتھ ٹیگور کی شہرہ آفاق کتاب 'گیتانجلی' کا منظوم اردو ترجمہ کیا۔ "اردو شاعری میں گیتانجلی" نام سے یہ کتاب شائع ہوئی تو عالمی سطح پر اس کی پذیرائی ہوئی۔ اور پھر بھگوت گیتا کے مفہوم کا منظوم اردو ترجمہ کر کے انور جلال پوری نے نہ صرف اپنی قادر الکلامی کا ثبوت پیش کیا بلکہ اپنے چاہنے والوں کے دائرے میں مزید وسعت پیدا کی۔ ادے پرتاپ سنگھ، ڈاکٹر گوپال داس نیرج اور مراری باپو جیسی عظیم شخصیات نے انور جلال پوری کے فن کو تسلیم کیا اور انھیں اپنا آشیرواد دیا۔

جہاں تک انور جلال پوری کی نثر نگاری کا تعلق ہے تو انھوں نے اپنی نثر سے بھی اہل علم کو متاثر کیا۔ ان کے مضامین کے دو مجموعے شائع ہو کر مقبول خاص و عام ہوئے۔ اردو میں 'روشنائی کے سفیر' اور دیوناگری میں 'اپنی دھرتی اپنے لوگ' مضامین کا مجموعہ ہے۔ انور جلال پوری کی نثر میں جادو ہے۔ یہ نثر راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں کی نثر جیسی کھردری بھی نہیں ہے اور کرشن چندر کے افسانوں کی نثر جیسی رنگین بھی نہیں۔ ہاں اس نثر میں انور جلال پوری کے خلوص کی چاشنی اور اودھ کی مٹھاس ضرور ہے۔ مشہور صحافی اور ہندوستان میں وائس آف امریکہ کے نمائندہ سہیل انجم ان کی نثر نگاری کے بارے میں رقمطراز ہیں:

> "اگر کوئی مجھ سے پہلے پوچھتا کہ انور جلال پوری ایک اچھے شاعر اور ناظم مشاعرہ تھے یا ایک

جیسے نثر نگار تو میں فوراً جواب دیتا کہ وہ تو شاعر اور ناظم تھے ان کا نثر سے کیا تعلق؟ لیکن جب میں نے ان کے مضامین کے مجموعے "روشنائی کے سفیر" کا مطالعہ کیا تو میں حشش وپنج میں پڑ گیا۔ میرے لئے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو گیا کہ وہ ایک اچھے شاعر اور ناظم مشاعرہ تھے یا ایک بہترین نثر نگار۔ سچی بات یہ ہے کہ وہ جتنے اچھے شاعر و ناظم تھے اتنے ہی اچھے نثر نگار بھی تھے۔"

(سہیل انجم، انور جلال پوری اپنی نثر کے آئینے میں، اردو اسٹار نیوز ڈاٹ کام سے)

انور جلال پوری نے بہت کم عمری میں شاعری شروع کر دی تھی۔ ان کے ہم عصر شاعر و ادیب ان کی پرگوئی کے قائل تھے۔ زبان پر انھیں بھرپور دسترس حاصل تھی۔ وہ ایک بہترین خطیب تھے۔ کسی بھی موضوع پر گھنٹوں تقریر کر سکتے تھے۔ ان کی خطابت میں پہاڑی ندی کی روانی تھی۔ اپنی فلسفیانہ گفتگو میں اردو کی شیرینی ملا کر پیش کرتے تو سامعین پر جادو کر دیتے تھے۔ عام طور پر مشاعروں کے شاعر مطالعے سے پرہیز کرتے ہیں۔ انھیں مطالعہ کی فرصت بھی نہیں ملتی کہ پاپی پیٹ ملکوں ملکوں شہروں شہروں انھیں پھراتا رہتا ہے۔ پھر وہ اس قدر زر کیسیٹ کے شکار ہو جاتے ہیں کہ انھیں میر و غالب سب حقیر نظر آتے ہیں۔ لیکن انور جلال پوری حقیقت پسند تھے۔ شہرت کی بلندیوں پر پہنچ کر بھی قدم زمین پر رکھتے تھے۔ وہ سراپا عاجزی و انکساری تھے۔ مطالعے کے شوقین تھے۔ تمام مصروفیات کے باوجود پڑھنے کے لئے وقت نکالتے تھے۔ اور صرف اردو ادب نہیں پڑھتے بلکہ ہندی اور انگریزی ادب کا بھی مطالعہ خاصہ وسیع تھا۔ ٹیگور کی گیتانجلی کو پڑھنا، سمجھنا، اپنی فکر کا حصہ بنانا اور پھر منظوم ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ لیکن اس کام کو انور جلال پوری نے نہایت مہارت سے انجام دیا۔ ایک طرف انھوں نے اسلامی تاریخ کا مطالعہ کیا تھا تو دوسری جانب قدیم ہندوستانی تہذیب پر بھی ان کی گہری نظر تھی۔ جس ڈھائی ہزار سال کی تہذیبی تاریخ کو قرۃ العین حیدر نے شہرہ آفاق ناول "آگ کا دریا" میں سمیٹنے کی کوشش کی تھی، اس تاریخ پر انور جلال پوری بھی گہری نظر رکھتے تھے۔ جنگ بدر، صلح حدیبیہ اور سانحہ کربلا پر نظر رکھنے والے انور جلال پوری مہابھارت کی جنگ پر بھی نظر رکھتے تھے۔ اسی لئے وہ نہ صرف گیتا کے مفہوم کو سمجھ سکتے تھے بلکہ گیتا کے اپدیش کی گہرائی اور معنویت سے پوری طرح واقف تھے۔ انھیں زمانہ طالب علمی سے گیتا میں دلچسپی تھی۔ انھوں نے گیتا کے حوالے سے اپنی پی ایچ ڈی کا خاکہ بھی تیار کیا تھا جو کسی وجہ سے مکمل نہ ہو سکا۔ لیکن ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد انھوں نے ایک بار پھر گیتا کی تعلیمات کو اپنے مطالعہ کا موضوع بنایا۔ اور پھر دنیا نے دیکھا کہ انور جلال پوری نے شری مد بھگوت گیتا کے سات سو ایک شلوکوں کو کس فنی مہارت کے ساتھ ۱۷۶۱ اشعار کے قالب میں ڈھال کر اردو کے شعری سرمائے میں گراں قدر اضافہ کیا۔

لیکن اس سچائی سے انکار ممکن نہیں کہ انور جلال پوری کی عالمی شہرت ان کی بے مثال نظامت کی مرہون منت ہے۔ عہد میر یا عہد غالب میں مشاعروں کا جو بھی رنگ رہا ہو لیکن ہندوستان میں حصول آزادی (۱۹۴۷ء) کے بعد جب عاشقان اردو نے ذرا سنبھالا لیا تو مشاعروں نے زبردست عوامی مقبولیت حاصل کی۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ملک کی آزادی کے ساتھ تقسیم وطن کا سانحہ بھی پیش آیا۔ اردو اور اہل اردو پر بھی بڑی ضرب پڑی۔ ان حالات میں اردو والوں کی نفسیات کا اندازہ کرنا آج کی نسل کے لئے آسان نہیں ہے۔ اس پر آشوب دور میں سرحد پار سے آئے ہوئے لوگ اردو کے لئے ماحول سازگار بنانے میں پیش پیش تھے۔ ان میں جگن ناتھ آزاد، گوپال متل، دیویندر اسر، بلراج کومل، کلدیپ نیر اور ان جیسے بے شمار اردو والے تھے۔ پھر ہر محاذ پر اردو کے لئے ماحول سازگار کرنے کی کوششیں ہونے لگیں۔ ان کوششوں میں عوامی مشاعروں کی بڑی اہمیت تھی۔ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم اردو کو میسر آیا جو دنیا کی کسی اور زبان کے پاس نہیں تھا۔ ہندوستان کے طول و عرض میں عوامی مشاعرے منعقد ہونے لگے۔ جوش ملیح آبادی، جگر مرادآبادی، مخدوم محی الدین، ساحر لدھیانوی، فراق گورکھپوری جیسے بڑے شاعر مشاعروں کے پلیٹ فارم سے عوام میں مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کرنے لگے۔ نوح ناروی، انور صابری، مخشب جارچوی، تاجور نجیب آبادی، نشور واحدی، فنا نظامی اور مشیر جھنجھانوی جیسے شاعروں نے مشاعروں کی مقبولیت میں اضافہ کیا اور مشاعروں کے وقار کو بھی قائم رکھا۔ اردو تہذیب میں پلے بڑھے سامعین ایک زمانے میں روش صدیقی کی فارسی تراکیب سے بھی شاعری کو مشاعروں میں سنتے بھی تھے اور داد و تحسین سے نوازتے بھی تھے۔

صبا کو اس گل رعنا سے ہم سخن پا کر
یہ سوچتا ہوں کہ موضوع گفتگو کیا ہے

یا پھر نشور واحدی کے یہ اشعار بھی مشاعروں کے پلیٹ فارم سے ہر خاص و عام تک پہنچے۔

شب غم مری شب غم سر شام لوٹ آیا
نہ کہیں ترا ٹھکانہ نہ کہیں مرا ٹھکانہ

دیا خاموش ہے لیکن کسی کا دل تو جلتا ہے
چلے آؤ جہاں تک روشنی معلوم ہوتی ہے

مشیر جھنجھانوی، فنا نظامی کانپوری، قمر مرادآبادی اور بیکل اتساہی جیسے شعرا نے جہاں ایک طرف شعری تقاضوں کا خیال رکھا وہیں عوامی مقبولیت کے پیش نظر بھی اشعار کہے۔ اب مشاعرے شہروں سے نکل کر قصبات اور دیہاتوں تک پھیل گئے۔ مشاعروں کا دائرہ بڑھنے لگا۔ مشاعروں میں سامعین کی تعداد بڑھنے لگی۔ مشاعرے رفتہ رفتہ ایک انڈسٹری کی شکل اختیار کرنے لگے۔ ایسے میں ناظم مشاعرہ کی ذمہ داریاں بڑھنے

لگیں۔ اسی ماحول میں یہ اشعار کہے گئے۔

میں بھی کسی کی زلف سنوارے چلا گیا
کچھ ضد سی ہو گئی تھی نسیم سحر کے ساتھ
(مشیر جھنجھانوی)

بے ادب ہم سے نہ اے گردشِ دوراں ہونا
ہم سکھا دیں گے ہر اک قطرے کو طوفاں ہونا
(قمر مراد آبادی)

سب کے ہونٹوں پہ تبسم تھا مرے قتل کے بعد
جانے کیا سوچ کے روتا رہا قاتل تنہا
(بیکل اتساہی)

ترکِ تعلقات کو اک لمحہ چاہیے
لیکن تمام عمر مجھے سوچنا پڑا
(شافعی کانپوری)

اب اس ماحول میں نظامت نے ایک نئی شکل اختیار کی۔ اب مشاعروں میں سرمایہ کاری ہونے لگی۔ گانے بجانے کا چلن بھی عام ہونے لگا۔ اب شاعر کا تعارف پیک ہو گیا۔ اب مشاعرے کی کامیابی ناکامی کافی حد تک ناظم مشاعرہ کے کاندھوں پہ آ پڑی۔ یوں تو بہ حالتِ مجبوری کوئی بھی شاعر نظامت کے فرائض انجام دے سکتا ہے اور دیتا بھی ہے۔ منتظمین ایک فہرست ناظم مشاعرہ کے ہاتھوں میں پکڑا دیتے ہیں۔ کبھی کبھی اس فہرست میں یہ ترتیب بھی ہوتی ہے کہ مشاعرے میں سب سے پہلے کون شاعر اپنا کلام سنائے گا اور کس شاعر کو فجر کی اذان کے وقت اپنا کلام سنانا ہے۔ ناظم مشاعرہ کے بعد دیگر شاعر کا نام پکارتا ہے، شاعر مائک پر آتا ہے، جس قدر چاہے کلام سناتا ہے، پھر دوسرا شاعر آتا ہے، سلسلہ چلتا رہتا ہے، سامعین جمائیاں لیتے رہتے ہیں۔ مجمع منتشر ہوتا رہتا ہے۔ سٹیج پر بھی افرا تفری کا عالم ہوتا ہے۔ ناظم مشاعرہ مشکل سے اپنا کام انجام دیتا رہتا ہے۔ جبکہ ایک کہنہ مشق ناظم مشاعرہ شاعروں کے ساتھ ساتھ سامعین کو بھی باندھ کے رکھتا ہے۔ وقت اور حالات کے مطابق شاعر کو زحمتِ کلام دیتا ہے۔ مجمع منتشر ہو رہا ہو تو کسی خوش گلو اور خوش شکل شاعرہ کو آواز دیتا ہے اور سامعین کو بیٹھنے پر مجبور کر دیتا ہے۔ یہ سب کمالات جناب انور جلال پوری مرحوم میں موجود تھے۔ وہ بلا کے ذہین، حاضر جواب، بذلہ سنج اور زیرک تھے۔ جلال پور کی علمی ادبی فضاؤں نے انور صاحب کی ایسی پرورش کی تھی وہ ہر محفل میں اپنی انمٹ چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہتے تھے۔

یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ قصرِ نظامت کے چار ستونوں میں تین ستون یعنی عمر قریشی، ملک زادہ منظور احمد اور انور جلال پوری کا تعلق کسی نہ کسی حوالے سے دیارِ فراق و مجنوں گورکھپور سے رہا ہے۔ گورکھپور کے آسمانِ ادب پہ جو چاند ستارے ہمیشہ جگمگ کرتے رہے ہیں ان میں مہدی افادی، ریاض خیرآبادی، فراق گورکھپوری، مجنوں گورکھپوری، ہندی گورکھپوری، پروفیسر محمود الہیٰ، پروفیسر احمر لاری، جناب شمس الرحمٰن فاروقی، پروفیسر اختر بستوی، پروفیسر افغان اللہ خان، ڈاکٹر سلام سندیلوی، ماسٹر احمر گورکھپوری کے ساتھ عمر قریشی، ملک زادہ منظور احمد اور انور جلال پوری کا نام بھی شامل ہے۔ یہاں جن چند حضرات کا نام لیا گیا ہے وہ محض ایک مثال ہے ورنہ فہرست تو کافی طویل ہے۔ اس فہرست میں بابائے اردو افسانہ منشی پریم چند کا نام بھی شامل ہوگا کہ وہ نارمل اسکول میں ٹیچر تھے۔ گورکھپور سے منشی پریم چند کا بڑا گہرا تعلق رہا ہے۔ ان کی بہت سی مشہور تخلیقات کا تعلق گورکھپور سے رہا ہے۔ نارمل اسکول کے احاطے میں جہاں منشی پریم چند قیام پذیر تھے وہاں سے فرلانگ بھر کی دوری پہ عیدگاہ مبارک خاں شہید ہے۔ آپ کو منشی پریم چند کی کہانی "عیدگاہ" تو یاد ہے نا؟ بہر حال ہم تو انور جلال پوری کی نظامت کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اور اس جائزے میں گورکھپور کا ذکر یوں آ جائے گا کہ انور جلال پوری نے اپنی تعلیمی زندگی کے کچھ برس گورکھپور میں گزارے تھے۔ اور اسی گورکھپور نے ملک زادہ منظور احمد کی بھی پرورش کی تھی۔ جہاں بھی ملک زادہ منظور احمد کا ذکر آتا انور جلالپوری استادِ محترم کہا کرتے تھے اور ملک زادہ منظور احمد نے بارہا نظامت میں عمر قریشی کی استادی کو تسلیم کیا ہے۔ اس طرح گورکھپور کی علمی ادبی فضاؤں نے بھی انور جلالپوری کی نظامت کو سنوارنے اور نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا۔

نظامت کے جن چار ستونوں کی بات ابتدا میں کی ہے وہ چاروں اپنے اپنے انداز کے، اپنے اسلوب کے بادشاہ ہیں۔ اپنے لہجے اور آواز سے پہچانے جاتے ہیں۔ جناب ثقلین حیدر اپنی نظامت کے دوران بیشمار اشعار سناتے تھے۔ انکا حافظہ زبردست تھا۔ برمحل اشعار سے محفل میں جان ڈال دیتے تھے۔ ہزاروں اشعار انکی نوکِ زبان پہ تھے۔ مشاعروں کا بڑا سے بڑا شاعر اپنا کلام پڑھ کے بیٹھتا اور ثقلین حیدر شروع ہو جاتے۔ شاعر نے جس مضمون کا شعر پڑھا تھا اسی مضمون کو میر انیس نے کیسے باندھا ہے یہ بتانا ثقلین حیدر کا کام تھا۔ جس زمین میں شعر پڑھا گیا ہے اسی زمین میں مصحفی اور ناسخ کے شعر سنا دیتے۔ شاعر جس ردیف قافیہ کا استعمال کرتا اسی ردیف قافیہ میں کبھی داغ دہلوی تو کبھی علامہ اقبال کے اشعار برمحل سنا دیتے۔ مشاعرہ بن رہے ہزاروں سامعین جھوم اٹھتے، واہ واہ کی صدا بلند ہوتی، لوگ ثقلین حیدر کی سخن فہمی اور زبردست یادداشت کی داد دیتے۔ لیکن بیچارہ شاعر سر دھن کے رہ جاتا۔ جو داد و تحسین اس کے حصے میں آئی تھی وہ ناظم مشاعرہ ثقلین حیدر لوٹ لیتے تھے۔ ثقلین حیدر کی زبردست نظامت کا منفی پہلو یہ تھا کہ شاعر پھیکا پڑ جاتا تھا۔ نظامت چمک جاتی تھی۔

دوسرے کامیاب ترین ناظم مشاعرہ پروفیسر ملک زادہ منظور احمد تھے۔ جنھوں نے مشاعروں کو کسی حد تک ادبی وقار عطا کیا۔ عمر قریشی کے شہر سے ملک زادہ منظور احمد کا بھی گہرا تعلق رہا ہے۔ ابتدائی و علمی

تعلیم گورکھپور میں حاصل کرنے کے بعد کچھ زمانے تک درس و تدریس کا سلسلہ بھی گورکھپور میں رہا۔ پھر اعظم گڑھ اور لکھنؤ میں تدریسی فرائض انجام دیتے رہے۔ ملک زادہ منظور احمد لکھنؤ یونیورسٹی میں اردو زبان و ادب کے استاد رہے۔ اردو اور انگریزی ادب کا گہرا مطالعہ ہے۔ دوران نظامت ایک خاص معیار سے گر کر کبھی گفتگو نہیں کرتے۔ کچھ خاندانی روایت، کچھ بزرگوں کی صحبت نے ملک زادہ منظور احمد کو ایک خاص طرز گفتگو عطا کیا تھا۔ شاعروں کی شان میں بیجا قصیدے نہیں پڑھتے اور اول جلول لطیفے سنا کر سامعین کے ذوق کو خراب نہیں کرتے تھے۔ آواز میں قدرتی بھاری پن اور کھنک تھی اسی لئے مائیکروفون پر ملک زادہ منظور احمد کی آواز دوسروں کے مقابلے زیادہ بلند اور صاف سنائی دیتی تھی۔ شاعروں کو داد بھی ایک خاص کڑک دار آواز میں دیتے تھے۔ شاعروں کا تعارف کراتے وقت بیجا طوالت سے عام طور پر بچتے تھے۔

تیسرے کامیاب ترین ناظم مشاعرہ عمر قریشی تھے۔ وہ ہندوستان کے تقریباً تمام اہم شہروں کی ادبی وراثت سے واقف تھے۔ ایک خاص بات انکے حوالے سے یہ ہے کہ وہ کبھی بھی مشاعروں میں اپنا کلام نہیں سناتے تھے۔ دوران نظامت اپنے اکا دکا اشعار برمحل سناتے تھے لیکن بطور شاعر، تک بند آکر اپنا کلام نہیں سناتے تھے۔ جبکہ دنیا کو معلوم ہے کہ وہ ایک بہترین شاعر تھے، انکے کئی مجموعے شائع ہوئے۔ شہر صدا، زخم صدا وغیرہ کو بے حد سراہا گیا۔ لیکن انکی عادت تھی کہ وہ مشاعروں میں صرف نظامت کرتے تھے۔ ایک اور بات انھیں اپنے ہم عصر ناظموں سے الگ کرتی ہے کہ وہ شاعر کی قابلیت پر بہت غور نہیں کرتے تھے۔ شاعر کسی سطح کا ہو، بطور ناظم مشاعرہ وہ چاہتے تھے کہ شاعر سٹیج سے کامیاب و کامران واپس جائے۔ شاعر اور شاعری کمزور ہو تو عمر قریشی کی نظامت اسے سہارا دینے کا کام کرتی تھی۔ کسی طرح شاعر کامیاب ہو جائے اور مجموعی طور پر مشاعرہ کامیاب ہو جائے یہ عمر قریشی کی کوشش ہوتی تھی۔

چوتھے کامیاب ترین اور عظیم ناظم مشاعرہ جناب انور جلال پوری تھے۔ ملک زادہ منظور احمد کی طرح انور صاحب بھی تدریس کے پیشے سے وابستہ رہے ہیں۔ لیکن آپ اردو سے نہیں بلکہ فراق گورکھپوری کی طرح انگریزی زبان و ادب کے استاد رہے ہیں۔ جب پورے کالج میں بھرپور تدریسی خدمات انجام دینے کے بعد آپ لکھنؤ میں سکونت پذیر تھے۔ انور جلال پوری اپنے خاص انداز میں کسی سنت یا ملنگ کی طرح مشاعرے کے اسٹیج پر نمودار ہوتے تھے۔ کسی محفل میں یا کسی اسٹیج پر خاموش بھی بیٹھے ہوں تو دیکھنے والا کہہ اٹھے گا کہ کوئی مفکر بیٹھا ہے۔ انکی سوچتی ہوئی وہ ذہین آنکھیں اکثر بہت کچھ بیان کر دیتی تھیں۔

مشاعروں میں فن نظامت کے چوتھے ستون انور جلال پوری کا رنگ سخن سب سے جدا تھا۔ ثقلین حیدر، ملک زادہ منظور احمد اور عمر قریشی سے بالکل الگ انداز تھا جناب انور جلال پوری کی نظامت کا۔ وہ عمر قریشی کی طرح شاعروں کا تعارف انکے شہروں کے حوالے سے نہیں کراتے تھے۔ وہ ثقلین حیدر کی طرح بے شمار اشعار بھی نہیں سناتے تھے۔ اور ملک زادہ منظور احمد سے ذرا کم ادبیت کی راہ اختیار کرتے تھے۔ خدائے سخن میر تقی میر کی طرح وہ بھی جانتے تھے کہ اشعار ان کے خواص پسند ہیں مگر گفتگو عوام سے ہے۔ عوام سے بھی گفتگو کا ایک خاص سلیقہ تھا انور جلال پوری کے پاس۔ وہ سلیقہ تھا کہ عوام ان کی بات سمجھ جائیں اور خواص کے طبع نازک پر گراں نہ گزرے۔ نظامت کا یہ سلیقہ انور جلال پوری کے ساتھ رخصت ہوا۔ اگرچہ پروفیسر ملک زادہ منظور احمد اور انور جلال پوری کے بعد کی نسل میں مشاعروں کی نظامت کے حوالے سے بالکل سناٹا نہیں ہے۔ اپنے زمانے میں معراج فیض آبادی، ڈاکٹر بشیر بدر اور منور رانا بھی اچھی نظامت کیا کرتے تھے۔ لیکن معراج فیض آبادی اب اس دنیا میں نہیں رہے۔ اور جہاں تک بشیر بدر اور منور رانا کا تعلق ہے تو اب ان کی صحت اور عمر اجازت نہیں دیتی۔ ڈاکٹر ماجد دیوبندی اور جناب اقبال اشہر بھی نظامت کے حوالے سے شہرت رکھتے ہیں لیکن یہ دونوں بطور شاعر بھی خاصے مقبول ہیں۔ اس لئے عموماً مشاعروں میں نظامت سے گریز کرتے ہیں یا پھر منتظمین مشاعرہ ہی انھیں ناظم کے بجائے بطور شاعر ہی مدعو کرنا پسند کرتے ہیں۔ مرادآباد سے منصور عثمانی، گورکھپور سے کلیم قیصر، رامپور سے شکیل غوث رامپوری اور دہلی سے (وطن عزیز بجنور) شکیل جمالی و معین شاداب نے عالمی سطح پر بطور ناظم مشاعرہ اپنی پہچان قائم کی ہے۔ عہد حاضر میں دکن کے ممتاز شاعر ڈاکٹر حلیم محی الدین کا خیال ہے کہ اورنگ آباد پر بھنی، ناندیر اور امراوتی کے علاقے سے ابرار کاشف نے نظامت میں اپنی ہنرمندی سے متاثر کیا ہے۔ بقول ڈاکٹر احمد کمال کلکتہ (کولکاتا) میں مشاعروں کی نظامت کے حوالے سے ڈاکٹر عاصم شہنواز شبلی سے اہل نظر کو امیدیں وابستہ ہیں۔ ادھر حیدرآباد میں کچھ عرصے تک محمد اسلم فرشوری نے بھی مشاعروں میں ادبی وقار قائم رکھنے کی کوشش کی۔ گلبرگہ خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی دھرتی ہے۔ گلبرگہ کے علمی و ادبی منظرنامے پر گہری نظر رکھنے والے ادیب ڈاکٹر غضنفر اقبال کے بیان کے مطابق گلبرگہ میں محب کوثر نے ایک زمانے تک یہ کوشش کی کہ مشاعروں کی نظامت میں پھکڑپن نہ آنے پائے۔ ڈاکٹر غضنفر اقبال نے بنگلور کے پاس علی پور کی ادبی فضاؤں کو بھی یاد کیا ہے جہاں ناطق علی پوری اور شفیق عابدی علی پوری نے اپنی نظامت سے ہزاروں کو متاثر کیا ہے۔ امید ہے کہ کچھ اور نام ابھر کر سامنے آئیں گے اور انور جلال پوری کی شکل میں قصر نظامت کے چوتھے ستون کے گرنے کے بعد جو خلاء پیدا ہوا ہے اسے پر کریں گے۔

□□□

واقعی بڑے قلمکار تھے انور جلالپوری

سیدہ سحر اشتیاق
538 kha/238 ، تکھورا، بینا پور روڈ، لکھنؤ
موبائل: 9795455897

بڑے لوگ علاقائی اور لسانی دائروں سے نکل کر کھلی فضا اور ماحول میں کام کرتے ہیں۔ وہ اپنی ذات اور خواہشات تک محدود نہیں رہتے کیونکہ ان کے سامنے دنیا کی تعمیر و ترقی ہوتی ہے۔ ذات کے حصار اور انا کے خول میں رہنا انہیں پسند نہیں ہوتا۔ وہ خوب سے خوب تر کی تلاش میں مرحلہ وار قدم بڑھاتے ہیں مگر زبان سے اپنی عظمت کے قصے نہیں سناتے۔ اسی لئے دنیا انہیں عظیم مانتی ہے۔ ایسی ہی ایک عظیم شخصیت تھی محترم انور جلالپوری کی۔

ہمارے بڑے قلمکاروں کا عام عیب یہ ہے کہ وہ قلم کی روشنائی نہیں پر خرچ کرتے ہیں جو تسلیم شدہ ہیں، معتبر و مستند ہیں جب کہ یہ حقیقت سبھی پر واضح ہے کہ غالب، میر یا اقبال پر آپ کتنی ہی مدح میں کیسی ہی عقیدتیں اور محبتیں نچھاور کر دیں، ان کی عظمت میں اضافہ ہونے سے رہا۔ ہاں لکھنے والے کی عظمت اور شہرت میں ایک اسٹار کا ضرور اضافہ ہو جاتا ہے۔

انور صاحب اس حقیقت سے کما حقہ واقف تھے اسی لئے انہوں نے اقبال اور ابوالکلام آزاد کی عظمتوں کے اعتراف کے ساتھ اپنے اساتذہ، جلالپور کے بزرگ، وادھ سے قرب رکھنے والے، مدرسہ سے اسکول و کالج اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی تک ہر ایسے چھوٹے بڑے کا انہوں نے اپنے مضامین میں اچھے الفاظ سے ذکر کیا ہے کہ جن سے انہوں نے کچھ بھی سیکھا، سمجھا یا جانا۔ حد یہ ہے کہ اپنے عہد کے کم معروف، گمنام اور نوخیز شعراء پر بھی انہوں نے فراخدلی سے قلم کی روشنائی خرچ کی۔ حامد سراجی، راجیو سازہ، منے بخشی، قمر یاب جیلانی، ارشاد گور کھپوری اور شکیل اعظمی بھی ان کے پیش نظر رہے اور وہ بھی جو کہ ان کے والد کے بے تکلف احباب تھے۔ ہر روز بعد مغرب مکان کے باہر بنے چبوترے پر بے تکلف محفلوں کا حصہ رہتے تھے۔ ایسے لوگوں میں حاجی محمد یونس، حاجی عبدالصمد، حاجی نور محمد، صوفی دوست محمد، منشی رجب، مولوی شفیق احمد، ابوالعمر، پیر محمد، احمد حسین، منشی امانت حسین، منگر بابو، عبدالرحمن، حافظ شمس الدین، عبدالحق، حافظ محمد ابراہیم کے نام بجا طور پر قابل ذکر ہیں۔

مذکورہ ناموں کے فخریہ ذکر کے ساتھ انور صاحب کا قلم دیگر کام کی باتیں بھی لکھتا ہے جس سے بچپن میں ان کی تربیت، والد گرامی کے دانشمندی، وہ بھی نشو و نما اور بعد کے عادات و اطوار کی گرہیں کھلتی ہیں اور بہت کچھ آئینہ ہو جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل سطور ملاحظہ فرمایئے:

"میں نے ابھی جن ۱۵ عدد اہم شخصیت کا ذکر کیا ہے، یہ لوگ اپنے وقت میں بڑے قصبہ کی آن، بان اور شان تھے۔ میرے گھر کے بیرونی حصہ میں بنے چبوترے کو یہ فخر حاصل تھا کہ یہ بزرگ ہر شام بعد مغرب اپنا قیمتی وقت یہاں صرف کرتے تھے۔ یہ حضرات نہ صرف میرے والد کے ہم عصر اور دوست تھے بلکہ میری تربیت میں ان میں سے بیشتر حضرات کی شفقتیں شامل ہیں۔ میرے والد اپنی حیات میں مجھ سے اکثر یہ کہا کرتے تھے کہ دیکھو میرے دوستو اور مخلصین کے خاندان کے لوگوں سے ہمیشہ بہتر تعلقات رکھنا۔ خدا کا شکر ہے میں ابا کی ہدایات پر آج بھی عمل پیرا ہوں۔"

انور صاحب نے تاعمر والد کی ہدایت کو وردِ زبان کے طور پر ہمراہ رکھا۔ بڑوں کے عزت و احترام کے ساتھ چھوٹوں پر شفقتیں لٹاتے رہے۔ مشاعروں کے اسٹیج پر کار نظامت کو سنبھالا تو اسے بھی اپنی محنت، لگن اور پیہم ریاض سے اوج تک پہنچا دیا۔ اس سلسلہ میں جواں سال صحافی قاضی عبدالرحمن کے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے جو کچھ کہا وہ یہاں لکھنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ فرماتے ہیں:

"آواز کے شہنشاہ عمر قریشی کی آواز میں ایسا جادو تھا کہ لوگ کھنچے چلے آتے تھے۔ میں بھی ایسے ہی لوگوں میں شامل ہوں۔ میدان نظامت میں عمر قریشی اور ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد سے ہی میں نے کسب فیض کیا۔ انہیں چراغوں کی روشنی میں میرا وجود نظامت منور ہے۔ دونوں میری شخصیت میں سما گئے ہیں۔ جو میری خوش بختی ہے۔"

انور جلالپوری نے یہ اعتراف پہلی مرتبہ نہیں کیا ہے بلکہ تحریر و تقریر میں متعدد جگہ وہ ان حقائق کا

برملا اظہار کرتے رہے ہیں جس سے ان کا قد بلند سے بلند تر ہوتا گیا اور وہ کبھی اظہار حقیقت سے نہیں جھجکے۔ انور صاحب کی نثر کے اصل جوہر 'روشنائی کے سفیر' نامی کتاب میں کھلتے ہیں۔ بعد کی کتابوں میں وہ اتنی توانا اور طاقتور نثر نہیں لکھ سکے۔ 'میں خود کو باندھنے میں کئی بار کھل گیا' عنوان کے تحت صفحہ ۳۸ پر یوں رقم طراز ہیں:

'مشاعروں کے اسٹیج پر آغاز مشاعرہ پر علمی و ادبی تقریر کرنے کی تقلید میں میں نے محترم ملک زادہ منظور احمد کو دیکھ کر کی۔ حالانکہ میرے بزرگ اور پیشرو عمر قریشی صاحب بڑے ڈرامائی انداز اور افسانوی انداز میں شعراء کا تعارف کراتے تھے۔ کم عمری میں ان کا یہ انداز مجھے متاثر کرتا تھا مگر میں نے یہ انداز اور طریقہ اختیار نہیں کیا۔'

وہ مزید لکھتے ہیں:

'وہ کم عمری کے زمانے کا طلسم تھا جو نظامت کا چہرہ نہیں بلکہ غازہ تھا۔'

مذکورہ بالا اقتباس واضح کرتا ہے کہ انور صاحب پر عمر قریشی کی نظامت کا جو سحر تھا وہ قائم نہیں رہا جب کہ ملک زادہ منظور احمد کے طرز خطابت و نظامت کا ان کے دل و دماغ پر ایسا اثر ہوا کہ وہ اپنے ایک اہم مضمون 'جسے لکھنا ضروری تھا جسے پڑھنا ضروری ہے' میں اس اعتراف کو مجبور ہوئے۔

'ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد سے مجھے جذباتی لگاؤ ہے۔ میرے اس والہانہ لگاؤ کا سرچشمہ میرے والد گرامی ہیں۔ غالباً ۱۹۵۸ء کی بات ہے کہ جب قصبہ ٹانڈہ میں ایک آل انڈیا مشاعرہ منعقد ہوا تھا جس میں علالت کے باوجود حضرت جگر مرادآبادی تشریف لائے تھے۔ مشاعرہ کے شوق اور جگر صاحب کو دیکھنے کے اشتیاق میں میرے والد ۲۵ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ٹانڈہ گئے تھے۔ دوسرے دن حسب عادت میرے دروازے کے سامنے چبوترے پر احباب کی محفل جمی تو کسی نے مشاعرے کی روداد پوچھی، جس پر میرے والد نے بتایا۔ بھئی مشاعرہ تو اچھا تھا ہی مگر ایک نوجوان جس کا نام ملک زادہ منظور احمد تھا، اس کی گفتگو اور تقریر نے مولانا ابوالکلام آزاد کی یاد تازہ کرا دی۔ یقین جانئے، یہ جملہ آج بھی میرے دل و دماغ پر نقش ہے۔'

درحقیقت والد کے منھ سے ادا ہوئے ان تحسین آمیز جملوں اور عقیدتمندانہ اظہار نے انور صاحب کو ملک زادہ منظور احمد کا ایسا گرویدہ بنا دیا کہ وہ تادم آخر انہیں استاد کہتے نہیں تھکے۔

احسان شناسی کے یہ جذبات پروفیسر ملک زادہ منظور احمد کی ذات والا صفات تک ہی محدود نہیں رہے بلکہ زندگی میں جس کسی نے جہاں جس منزل پر، جس حد تک ان کا ساتھ دیا وہ اسی حد تک اظہار ممنونیت سے پیش آئے اور تحریر و تقریر میں اظہار حقیقت سے گریز نہیں کیا۔ پرائمری اسکول سے کالج اور کالج سے یونیورسٹی کے اعلیٰ درجات تک، حد یہ ہے کہ مکتب کے دنوں کے اساتذہ کا انہوں نے عزت و احترام سے اپنے مضامین میں جگہ جگہ ذکر کیا ہے۔ ثبوت کے طور پر 'روشنائی کے سفیر' میں شامل یہ مضامین 'یہ بستیاں ہماری' 'میں خود کو باندھنے میں کئی بار کھل گیا'، 'جسے لکھنا ضروری ہے جسے پڑھنا ضروری ہے' کو بغور پڑھا جا سکتا ہے۔

معمولی معمولی واقعات کو تفصیل سے لکھنا، کسی منزل اور مقام پر پہنچ کر ابتدائی ساتھیوں، ساتھ میں گلی، ڈنڈا کھیلنے والوں، مکتب میں تعلیم دینے والے مولوی صاحب، ابتدائی درجات کے اساتذہ اور والد کے ہمراہ بیٹھنے والوں کا حسب مراتب ذکر کرنے والا معمولی نہیں ہو سکتا۔

قدرت اسے اس کی انہیں خوبیوں کے سبب نوازتی ہے اور ایسا نوازتی ہے کہ دیکھنے والے دنگ رہ جاتے ہیں۔ انور صاحب کے ساتھ بھی ویسا ہی ہوا۔ قدرت نے انہیں ان کے علم اور منصب سے زیادہ نوازا۔ شریمد بھگوت گیتا کا ترجمہ انور صاحب سے قبل بھی خاصی بڑی تعداد میں صاحبان علم نے کیا ہے۔ کام نثر میں بھی ہوا ہے اور شاعری میں بھی اصلاح الدین عرف صلو چودھری کی یہ منظوم کاوش ۲۰۱۳ء میں سامنے آئی ہے۔ لیکن قدرت انور صاحب پر مہربان تھی لہٰذا ان کی منظوم کاوش کو ہر سطح پر سراہا گیا۔ انہیں 'یش بھارتی' بھی ملا اور 'پدم شری' بھی اور ملنا بھی چاہئے کیونکہ اچھا انسان ہی اچھا فنکار ہوتا ہے۔ انور بھائی اس پیمانے پر پورے اترتے ہیں۔ ان میں خلوص و ایثار اور پیہم کام کرتے رہنے کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ مشاعروں کے اسٹیج پر عموماً بڑے مشاعروں کا رویہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ وہ غیر معروف شعراء کو نہیں پہچانتے۔ ناظمین مشاعرہ کا رویہ تو اور بھی ظالمانہ ہوتا ہے مگر انور صاحب اپنے منصب کے تئیں ایماندار تھے۔ وہ نوجوان کو بجا کر پیش کرتے، حوصلہ بخش جملوں سے ان کے قدموں کو جمانے کی حتی الامکان کوشش کرتے تھے۔ ان کے اس مخلصانہ عمل کے سبب ہی عوام و خواص میں مقبولیت کے ساتھ انہیں نوجوانوں کا التفات اور قرب بھی نصیب ہوا۔

مشاعروں کے دلچسپ واقعات، زندگی کے نشیب و فراز، نیرنگیاں اور محرومیاں بڑے کہے جانے والے شعراء کی کمزوریاں، گمنام و کمنام شعراء کی خوبیاں، نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتیں، قصبات و دیہات کی فضا، ماحول اور تہذیبی رویوں کا فرق، ترقی یافتہ ممالک میں اردو کے فروغ کے اسباب، ان کی فکر، انداز ترقی کی وجوہ اور ہماری تنزلی کے اسباب، اپنی ۳۸ سالہ تدریسی زندگی کے علاوہ بھی بہت کچھ لکھ سکتے تھے جو کہ دنیا کے بڑے قلمکاروں نے لکھا اور جو بعد

میں نہایت دلچسپی سے پڑھا گیا۔ قدرت اللہ شہاب کا 'شہاب نامہ'، ممتاز مفتی کی 'الکھ نگری' اور 'علی پور کا ایلی' کے بعد پروفیسر ملک زادہ منظور احمد کی 'رقصِ شرر' اور قیصر تمکین کی 'خبر گیر' کو سوشل میڈیا کے دور میں بھی لوگ بار بار پڑھنا چاہتے ہیں۔

ان کی زندگی سے متعلق 'روشنائی کے سفیر' نامی کتاب میں سو مضامین ایسے شامل ہیں جو انور صاحب کی زندگی، والدین کی مشقت، جفاکشی، ایمانداری، تہذیبی رویے، قصبہ کا گنگا جمنی ماحول، معاشی صورت حال، تعلیم کا آغاز، مکتب سے کالج اور یونیورسٹی تک تعلیمی مراحل کی روداد کے علاوہ بھی بہت سی ایسی باتیں درج ہیں کہ جنہیں مزید وسعت بخشنے کی ضرورت تھی مگر مضمون کی طوالت یا تنگیٔ وقت کے باعث تفصیل طلب باتوں کو کس طرح سمیٹا گیا ہے کہ جیسے سمندر کو کوزہ میں بھر دیا گیا ہو۔ اس بات کا احساس انور صاحب کو بھی تھا، اسی لئے وہ لکھتے ہیں۔ "سچ ہے کہ میں نے اپنی زندگی کے بارے میں بہت کچھ کھو دیا اور یہ بھی سچ ہے کہ بہت کچھ نہیں لکھا۔ آنے والا وقت بھی بہت سے تجربات و مشاہدات دے گا اور نتائج نکلیں گے۔ ان شاء اللہ پھر کبھی اپنی بندگی ہوئی زندگی کی گرہیں کھولوں گا۔"

(میں خود بادہ بنے میں کئی رہا مکمل، روشنائی کے سفیر، ص ۵۳)

وہ ۱۸ کتابوں کے مصنف و مؤلف تھے مگر شریمد بھگوت گیتا پر ان کے کام نے ان کی شہرت کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ اردو شاعری میں 'گیتا' جناب انور جلالپوری کا ایک کارنامہ ہے کہ جو روانی و بیان کی روانی، سلاست اور خوبی کے سبب ہر پڑھنے والے کو گرویدہ بنا لیتا ہے۔ انور جلالپوری عام آدمی نہ تھے۔ انہیں گیتا کا گیان حاصل ہو گیا تھا۔ وہ جانتے تھے کہ گیتا کا گیان نعمت عظمیٰ ہے، جسے یہ گیان حاصل ہوا اور وہ اس گیان سے کما حقہ دنیا کو واقف کرانے کا اخلاقی فریضہ بھی انجام دے، وہ عام آدمی کی صف سے نکل کر بہت بلند ہو جاتا ہے۔ انور صاحب نے اپنے عمل سے یہ بلند مرتبہ حاصل کر لیا تھا۔

دیکھئے انور جلالپوری نے کس مہارت، سلیقہ اور ہنرمندی سے پہلے باب میں جنگ کی تصویر پیش کی ہے۔

وہ میدان جو تھا جنگ ہی کے لئے
وہیں سے چلے دھرم کے بھی دیے
ہمیں فکر بھیشم پتاماں پہ ہے
کہ جن کا اثر ساری دنیا پہ ہے
مگر اپنے ارجن بھی کچھ کم نہیں
انہیں مرنے جینے کا کچھ غم نہیں
وہاں پانڈوؤں کی عجب شان ہے
کہ آنکھوں میں بھی ان کی پہچان ہے
وہ چمکے تو شرما گیا شیر بھی
وہ گرجے تو غش کھا گیا شیر بھی
پتاماں کا بجنے لگا شنکھ جب
تو میداں میں گھبرا گئے سب کے سب
وہی شنکھ جو آسمانی بھی ہے
حقیقت بھی ہے اور کہانی بھی ہے
وہی شنکھ پانچ جنیہ جس کا نام
دکھایا اسی شنکھ نے اپنا کام

مطالعہ سے شائقین کو ہر باب بلکہ ہر صفحہ پر وہی روحانی کیفیت ملے گی جو کہ پہلے باب کی پہلی سطر سے شروع ہوتی ہے۔ ہر باب دوسرے سے زیادہ تاثیر سے پڑھنے پر آمادہ کرتا رہے گا۔ اس طرح سلسلہ منقطع کئے بغیر کتاب ایک نشست میں ختم ہو جائے گی۔ چونکہ جیسے جیسے اٹھارہ ابواب ختم ہو جاتے ہیں۔ یہی بھگوت گیتا کا کمال ہے کہ پڑھنے والا مزید تشنگی محسوس کرتا ہے۔ یہ سب ہونے کی خواہش قدم بہ قدم آگے بڑھتے رہنے پر آمادہ کرتی ہے اور یہی آمادگی منزل مقصود تک پہنچنے کا سبب بنتی ہے اور ہر انسان بقدر ظرف و استعداد کسب نور کرتا ہے۔

انور صاحب کو شریمد بھگوت گیتا کو پڑھنے اور اس کی منظوم تشریح کے لئے صدیوں کے منتظر کا بہتر موقع ملا تو یہ معمولی سعادت نہیں تھی۔ اس خوش بختی پر انہیں جتنا نوازا جاتا، جتنی اور جن الفاظ میں ستائش کی جاتی کم تھی۔

□□□

'نیا دور' کو ایسی ادبی تحقیقات کا شدت سے انتظار ہے جو نہ صرف دلچسپ بلکہ معلوماتی بھی ہوں۔ ایسی تحقیقات جو علمی درجے کے ادبی شہ پاروں کی حیثیت رکھتی ہیں مگر عام قاری کی دلچسپی سے عاری ہوں تو اسے 'نیا دور' اپنی اشاعتی ترجیحات میں شامل کرنے سے گریز کرے گا کیونکہ مقصد دراصل اردو کے فروغ کا ہے۔ اردو محض یونیورسٹیوں کے شعبوں، تحقیقی اداروں اور دیگر اردو مراکز تک اپنی مخصوص ضرورتوں کے تحت محدود ہے۔ اس روش سے بہر حال پرہیز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ہم سب کا اولین فریضہ ہے کہ اردو زبان کے فروغ میں پوری تندہی کے ساتھ شامل رہیں اور عام قاری سے اردو کے مراسم کو استوار کرنے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ تخلیق کا غیر مطبوعہ ہونا لازمی شرط ہے۔ تخلیق کے ساتھ اپنی تصویر، ٹکٹ لگا ہوا جوابی لفافہ مع پتہ اور بینک اکاؤنٹ نمبر، آئی ایف ایس سی، برانچ کوڈ و Cancelled Cheque بھی ضرور ارسال کریں۔ **بغیر بینک تفصیلات کے حاصل ہونے والی تخلیقات کسی بھی صورت میں شائع نہیں کی جائیں گی کیونکہ اس کے سبب ہی دیگر تخلیق کاروں کے اعزازیہ میں غیر ضروری تاخیر ہوتی ہے۔ بغیر بینک تفصیلات کے تخلیقات ارسال کرنے والے اعزازیہ کے حقدار نہیں ہوں گے۔**

امین احسن
محلہ قاضی پورہ ٹانڈہ، امبیڈکر نگر
موبائل: 9839745971

زبان میر کا غیر معمولی فنکار انور جلالپوری

انور صاحب کا ادبی دنیا میں سکندرانہ عظمت حاصل کرنے کا سفر خاصہ طویل اور جدوجہد کی بے نظیر مثال ہے۔ ان کی پیدائش ۶؍جولائی ۱۹۴۷ء کو قصبہ جلالپور ضلع امبیڈکر نگر (فیض آباد) میں ہوئی۔ آپ کے والد ماجد کا نام حافظ محمد ہارون تھا جو اپنے علاقے کی ایک مقتدر اور مانند ہستی تھے شرافت اور ادب نوازی ان کا شیوہ تھا ان کا دولت کدہ احباب علم و دانش کا محور و مرکز تھا بعد نماز مغرب دانشوروں کا اجتماع اور سیاسی و سماجی اور ادبی مسائل پر بحث و مباحثہ کا سلسلہ قبل نماز عشاء اور بعد نماز عشاء دیر تک جاری رہتا تھا جس نے آگے چل کر انور صاحب کی ذہنی تربیت اور تہذیبی شخصیت میں اہم رول ادا کیا۔

ان کے تعلیمی سفر کا آغاز مدرسہ کرمتیہ دارالفیض جلالپور سے ہوتا ہے ابتدائی تعلیم کے بعد ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کی تعلیم قصبہ جلالپور کے مشہور کالج نریندر دیو انٹر کالج سے ۱۹۶۲ء اور ۱۹۶۴ء میں حاصل کی پھر اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے شہر شبلی کی طرف روانہ ہوتے ہیں اور شبلی نیشنل ڈگری کالج اعظم گڑھ میں داخلہ لے کر ۱۹۶۶ء میں گریجویشن کی سند حاصل کرتے ہیں۔ جہاں ان کی ملاقات ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد صاحب سے ہوتی ہے۔ جو اس زمانے میں شعبۂ انگریزی میں لکچرر کے عہدے پر فائز تھے۔ لیکن یہ ساتھ زیادہ دنوں تک برقرار نہیں رہ سکا کیوں کہ ملک زادہ صاحب گورکھپور یونیورسٹی میں شعبۂ اردو میں منتقل ہو چکے تھے گو کہ ملک زادہ صاحب نے انھیں تعلیم نہیں دی تھی پھر بھی انور صاحب انھیں اپنا استاذ گردانتے تھے۔ ۱۹۶۷ء میں ایم۔ اے۔ (انگریزی) میں داخلہ لینے کے لئے زمانہ ساز ادارہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ یعنی شہر سرسید کی طرف رخ کرتے ہیں انور صاحب ابتدائی دنوں سے ہی تعلیم کے ساتھ ساتھ بیت بازی، تقریری اور تحریری پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور سرگرم عمل رہتے تھے۔ قیام علی گڑھ کے دوران انھوں نے یونیورسٹی میں ایک ادبی تنظیم ''ہمراہی'' کی بنیاد ڈالی جس میں شہرت یافتہ شاعر جناب شہریار وغیرہ حصہ لیا کرتے تھے۔ ۱۹۶۸ء ایم اے کی سند حاصل کرنے کے بعد وطن عزیز کی طرف واپس لوٹتے ہیں اور تلاش معاش کے لئے سرگرداں و سرگرم عمل ہوجاتے ہیں ۱۹۶۹ء۔ ۱۹۷۰ء میں بابا بروا داس ڈگری کالج پروا آشرم جلالپور میں شعبۂ انگریزی میں ایڈہاک پر لکچرر ہوجاتے ہیں جہاں مستقل نوکری کے بھی امکانات تو تھے لیکن کالج شہر سے دور واقع ہونے اور مشاعروں کی مصروفیت کی وجہ سے انھیں کافی دشواریوں کا سامنا تھا۔ اسی زمانہ میں ۱۹۷۳ء میں نریندر دیو انٹر کالج میں انگریزی کے لیے ایک عہدے کا اشتہار نکلا انور صاحب بھی عرضی گزاروں میں شامل ہوئے باقاعدہ انٹرویو ہوا اور قرعہ فال بنام انور صاحب کے نام نکلا۔

انور صاحب ایک فرض شناس، ذمہ دار، خلیق و شفیق، متین و سنجیدہ اور منکسر استاد تھے۔ طلبہ سے ان کا رشتہ نہایت مشفقانہ اور دوستانہ ہوا کرتا تھا مشاعروں کی مصروفیت کے باوجود بھی انھوں نے حق استادی بخوبی ادا کیا۔ خوب سے خوب تر کی تلاش میں انھوں نے اپنے علمی اثاثے میں اضافے کے لئے ۱۹۷۸ء میں اودھ یونیورسٹی فیض آباد سے ایم۔ اے۔ (اردو) کی ڈگری حاصل کی ان کا تعلیمی سفر یہیں آ کے ٹھہر نہیں گیا بلکہ ۱۹۸۳ء میں اودھ یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کیلئے رجسٹریشن کروایا جس کا موضوع تھا ''گیتا کا منظوم اردو ترجمہ اور اس کا تنقیدی جائزہ''۔ لیکن بعض ناگزیر اسباب و حالات کے بنا پر ان کا ریسرچ ورک (تحقیقی کام) پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکا۔ لیکن ان کا مزاج ستاروں سے آگے جہاں اور بھی جیسا تھا۔ اس تحقیقی کام کی بازیافت گیتا کے منظوم اردو ترجمہ میں پوری کر دی۔

ان کی پوری زندگی عمل، جہد مسلسل، دیانت داری، شرافت اور فرض شناسی کی بہترین اور بے نظیر مثال ہے۔ ان کے جیسی نادر الوجود شخصیتیں کبھی کبھی خاک کے پردے سے نکلتی ہیں اور حد امکان سے آگے اپنی قادر الکلامی، جادو بیانی اور سحر انگیزی کا اثر چھوڑ جاتی ہیں۔ انھوں نے اپنی قابلیت اور دانشورانہ لیاقت و صلاحیت سے اپنے افکار و خیالات کا ایک لامتناہی سلسلہ صفحہ قرطاس پر روشنائی سے کچھ اس طرح پرافشاں کیا ہے کہ نقش ایسے ہیں کہ مٹائے نہ مٹنے کے مترادف ہیں۔ ان کا ایک ایک لفظ اور ایک ایک جملہ بصیرت و دور اندیشی نگاہ مستانہ اور ذہانت کی غمازی کرتا ہے۔ لیکن افسوس صد افسوس یہ ستارۂ جگنو نما اپنی روشنی بکھیر کر ۲؍جنوری ۲۰۱۸ء کو اس دار فانی سے کوچ

کر گیا اور مالکِ حقیقی سے جاملا۔

انور صاحب کے علمی اور ادبی کارناموں کی ایک طویل فہرست ہے جس کا اجمالی جائزہ لیا جانا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ انھوں نے اپنے ادبی سفر کی شروعات محض پندرہ سال کی عمر میں کی۔ تقریباً ۵۵ سال پر محیط ان کا ادبی اثاثہ کافی طویل ہے انھیں نثر و نظم دونوں پر یکساں عبور حاصل تھا۔ ان کی اردو اور ہندی میں درج ذیل تصانیف زیورِ طبع سے آراستہ ہوکر منظرِ عام پر آچکی ہے۔

(۱) کھارے پانیوں کا سلسلہ (غزلیات)
(۲) خوشبو کی رشتے داری (غزلیات)
(۳) جاگتی آنکھیں (ہندی X غزلیات)
(۴) روشنائی کے سفیر مجموعۂ مضامین
(۵) اپنی دھرتی اپنے لوگ (ہندی) مجموعۂ مضامین
(۶) ضربِ لاالٰہ، جمالِ محمد، بعد از خدا، حرفِ ابجد (نعتیہ شاعری کے مجموعے)
(۷) راہِ رو سے رہنما تک (منظوم سیرتِ خلفائے راشدین)
(۸) توشۂ آخرت (پارہ عم کا منظوم ترجمہ)
(۹) اردو شاعری میں گیتانجلی (منظوم ترجمہ)
(۱۰) اردو شاعری میں رباعیاتِ خیام (منظوم ترجمہ)
(۱۱) اردو شاعری میں گیتا (منظوم ترجمہ)
(۱۲) سفیرانِ ادب (مجموعۂ مضامین)
(۱۳) قلم کا سفر (مجموعۂ مضامین)
(۱۴) گوتم بدھ کی حیات و تعلیمات کا منظوم ترجمہ (غیر مطبوعہ)

مذکورہ بالا تصانیف پر تنقید اور تبصرہ کے لئے وقت درکار ہے۔ یہاں صرف سرسری جائزہ لینا مقصود ہے۔ انور صاحب کی شخصیت اور فن پر کشمیر یونیورسٹی میں پروفیسر منصور کی نگرانی میں ڈاکٹر سلیم کو پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ بیرونِ ملک پاکستان میں بھی کراچی یونیورسٹی میں ایک تحقیقی کام جاری ہے یہی نہیں انور صاحب کے غزلوں کے ۱۰۰ اشعار کا منظوم انگریزی ترجمہ ڈاکٹر سرفراز صاحب شبلی کالج اعظم گڑھ نے Rays of Thought کے نام سے کیا ہے جو ان کی ادبی کارناموں کی اہمیت اور افادیت کی دلالت کرتا ہے۔ حکومت ہند، ریاستی حکومتوں اور ادبی تنظیموں نے بھی انھیں درج ذیل ایوارڈس اور اعزازات سے سرفراز کیا ہے۔

(۱) یش بھارتی سمان ۱۹۔۲۰۱۵ء، اتر پردیش سرکار
(۲) قومی یکجہتی ایوارڈ (اردو شاعری میں گیتا) ۲۰۱۵ء، اتر پردیش اردو اکادمی
(۳) اردو شاعری میں گیتا، ۲۰۱۵ء، بہار اردو اکادمی
(۴) اتر پردیش گورو سمان، ۲۰۱۲ء
(۵) فراق سمان، ۲۰۱۲ء
(۶) مانی رتن سمان، ۲۰۱۱ء
(۷) کھارے پانیوں کا سلسلہ ۱۹۸۵ء، اتر پردیش اردو اکادمی
(۸) خوشبو کی رشتے داری، ۲۰۱۱ء، اتر پردیش اردو اکادمی
(۹) ہندی ساہتیہ سمیلن الہ آباد سے ایوارڈ اور سمان، ۲۰۰۲ء
(۱۰) افتخارِ میر ایوارڈ، ۲۰۰۳ء، میر اکادمی لکھنؤ
(۱۱) شمع میموریل ایوارڈ، ۲۰۰۳ء
(۱۲) تحریک بنارسی ایوارڈ، ۲۰۰۶ء

اس کے علاوہ انور صاحب مختلف ادبی تنظیموں کے صدر، اکادمی کے ممبر اور اتر پردیش مدرسہ کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں اور کئی میگزین اور رسالوں کی ادارت کی ذمہ داریاں بھی سنبھالی۔ ان کے انتقال کے بعد بھارت سرکار نے انھیں "پدم شری" ایوارڈ سے نوازا جو ہندوستان کا ادبی خدمات کے لئے سب سے بڑا انعام ہے۔

انور صاحب نے اصنافِ شاعری میں نظم، رباعی، غزل اور نعت وغیرہ پر کامیاب طبع آزمائی کی ہے۔ ترجمہ نگاری اور نثری تخلیق میں بھی اپنے فن کے جوہر دکھائے ہیں۔ ناظم مشاعرہ کی حیثیت سے ان کی قادر یا تاثراتی تنقید کا بیش بہا خزانہ ہے۔ ان تمام کارناموں پر تفصیل سے گفتگو کرنے کے لئے ایک دفتر درکار ہے۔ بہر حال ان کی ابتدائی دور کی نظموں سے کچھ اقتباس ملاحظہ کیجئے۔

آؤ پھر عہد کریں دیش کی رکشا کے لئے
آؤ پھر عہد کریں امن و اہنسا کے لئے
آؤ پھر عہد کریں رونقِ دنیا کے لئے
مادرِ ہند کی یکجہتی و ایکتا کے لئے
آؤ طے کرلیں کہ اب جنگ نہ ہونے دیں گے
عرصۂ زیست بشر تنگ نہ ہونے دیں گے

سیاسی تنزلی اور اخلاقی زوال و عصری حسیت پر مبنی نظم کا ایک بند ملاحظہ فرمایئے:

اندھے بنے ہیں رہنما
چشمِ بصیرت بے ضیا
بہرے بھی سنتے ہیں صدا
پروردگارِ دوجہاں
مجھ کو بتا جاؤں کہاں

انور صاحب کی نظمیہ شاعری کی یہ چند مثالیں ہیں، جن میں عصری حسیت کا عنصر غالب ہے اور نہایت عمدگی کے ساتھ سمویا بھی گیا ہے۔ ملک کی سیاست اور قومی یکجہتی کے لئے آج بھی اس طرح کی نظموں کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی چار پانچ دہائی قبل تھی۔ ساختیاتی پہلو سے ان نظموں میں تازگی اور زندگی رواں دواں نظر آتی ہے۔ انور صاحب بیک وقت اردو، ہندی، عربی، انگریزی، فارسی اور سنسکرت وغیرہ زبانوں پر غیر معمولی قدرت رکھتے تھے اسی لئے انھوں نے رباعیاتِ خیام، گیتانجلی، گیتا اور گوتم بدھ کی تعلیمات کا منظوم ترجمہ کیا۔ اردو شاعری میں "گیتا" ان کا کلیدی اہمیت کا منظوم ترجمہ

ہے جس پر انھیں پدم شری ایوارڈ حاصل ہوا۔ گیتا کے حوالے سے چند باتوں کا ذکر کرنا ضروری اور ناگزیر معلوم ہوتا ہے۔ گیتا کا اولین ترجمہ شہنشاہ اکبر کے درباری اور دانشور ابوالفیض فیضی نے فارسی میں کیا تھا۔ اس کے بعد تو ترجموں کا گویا دبستان ہی کھل گیا۔ اس نظم کے اب تک تقریباً ۵۰ ترجمے منظر عام پر آچکے ہیں جن میں نظیر اکبرآبادی، حسرت موہانی، یگانہ چنگیزی، حکیم محمد اجمل خاں (نغمۂ خداوندی) اور خواجہ دل محمد وغیرہ نے کیا۔ ۱۹۲۳ء میں احمد حسن مدین صاحب نے بھی ایک ترجمہ کیا تھا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر حسان الدین (آئی۔اے۔ایس) نے بھی "نغمۂ الوہیات" نام سے ۱۹۳۵ء میں گیتا کا ترجمہ کیا تھا۔ جو کہ ۱۸ ابواب سات سو ایک شلوکوں پر مشتمل ہے۔ ۲۰۰۱ء میں پاکستان میں بھی ایک ترجمہ "نغمۂ الٰہی" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ مشہور اردو شاعر رئیس امروہوی نے ۱۹۹۹ء میں گیتا کا ترجمہ کیا جسے بعد میں رئیس اکیڈمی نے شائع کیا۔

اس طرح اردو میں گیتا کے منظوم ترجموں کی ایک طویل فہرست ہے لیکن انور صاحب کے ترجمے کی ہیئت الگ ہے کیوں کہ انھوں نے اسے بے حد آسان زبان اور شعری آہنگ میں منتقل کیا ہے۔ اس کی بحر "بحر متقارب" ہے جس میں مشکل اور دقیق الفاظ کا گزر آسانی سے نہیں ہو سکتا۔ دوسری خاص بات یہ ہے کہ انھوں نے ترجمہ نہیں بلکہ ترجمانی کی ہے۔ انھوں نے فلسفۂ گیتا کو اتنا آسان اور عام فہم کر دیا ہے کہ قاری مضمون کی روح میں اترتا چلا جاتا ہے۔

گیتا کی اشعار سلاست روانی اور زبان و بیان کے اعتبار سے بہت سادہ آسان اور عام فہم ہیں۔

ایک طرف انور صاحب نے لطیف ساجی احساسات کو شعر کے قالب میں ڈھال کر ایسا سرمایہ تشکیل دیا ہے، جس کے بطن سے تہذیب کے چشمے رواں ہوتے ہیں اور نسلوں کو سیراب کرتے ہیں اور دوسری طرف انھوں نے ۱۹۶۹ء میں غالب صدی تقریبات کے موقع پر مرزا غالب جونیئر ہائی اسکول کی بنیاد ڈالی جو کہ جلالپور کے قصبے میں واقع ہے اب یہی جونیئر ہائی اسکول مرزا غالب انٹر کالج کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ یہاں کی علم دوستی رواداری اور قوم پرستی کی غمازی کرتا ہے یہاں تشنگان علم کسب فیض کر رہے ہیں۔ انور صاحب چاہتے تو اس موقع پر کسی شاندار جشن کا اہتمام کر سکتے تھے لیکن انھوں نے یہ نہیں کیا۔ یہ کالج غالب صدی پر ان کی طرف سے خراج عقیدت کا نادر و نایاب نمونہ ہے۔ انور صاحب اس کالج کے تاحیات صدر بھی رہے۔

انھوں نے شاعری صرف جذبات اور احساسات کے اظہار کے لیے نہیں کی بلکہ جذبات اور احساسات کو تہذیب بنانے کے لیے کی ہے۔ ان کے یہاں لفظ وسیلہ بن جاتا ہے، بلکہ شعر صحیفہ بن جاتا ہے اور تحریر تہذیب بن جایا کرتی ہے۔ ان کی غزلوں میں زندگی کی تلخ و شیریں سچائیوں اور حقیقتوں کے اعتراف کی خوشبو رچی بسی ہے۔ ان کی شاعری میں خودداری اور انانیت کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔

زلف کو ابر کا ٹکڑا نہیں لکھا میں نے
آج تک کوئی قصیدہ نہیں لکھا میں نے
جب مخاطب کیا قاتل کو تو قاتل لکھا
لکھنوی بن کے مسیحا نہیں لکھا میں نے

تقسیم ہند کے بعد پیدا ہونے والے مسائل، ہجرت، فسادات، عدم استحکام، ٹوٹتے بکھرتے رشتوں، انسانی قدروں کی پامالی، مسئلہ امن و سلامتی جیسے موضوعات کو ان کی حساس طبیعت نے بہت گہرائی اور جذباتیت کے ساتھ محسوس کیا ہے مثلاً

نہ جانے کون سی مصلحت کے قیدی تھے
چلا کے تیر جو اپنی کمان چھوڑ گئے
ہمیں گلہ بھی ہے انور تو صرف ان سے ہی
جو لوگ خوف سے ہندوستان چھوڑ گئے

ہجرت کے چراغوں سے کیا تھا جسے روشن
اس شہر کراچی میں تماشا بھی ہمیں ہیں

تم پیار کی سوغات لیے گھر سے تو نکلو
رستے میں تمھیں کوئی بھی دشمن نہ ملے گا

آج کل تجھ سے ہر دل میں دھڑکتا ہے بہت
بے حسی کا یہ منظر دیکھیے کب تک رہے

بیسویں صدی کی آخری دو دہائیوں اور اکیسویں صدی میں سماجی تانہ بانہ بڑی تیزی کے ساتھ تبدیل ہوا ہے۔ خود غرضی، مادیت پرستی، تنہائی پسندی، استحصال اور برتریت کے جذبوں سے پیدا ہونے والے مسائل پر ان کی نظریں مرکوز تھیں۔ حساسیت سے لبریز چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

زندگانی ترا جیسا کبھی ایسا تو نہ تھا
جیسا اب ہے تیرا چہرہ کبھی ایسا تو نہ تھا
دل کہیں ذہن کہیں جسم کہیں روح کہیں
آدمی ٹوٹ کے بکھرا کبھی ایسا تو نہ تھا

دل سے تڑپ رگوں سے حرارت چلی گئی
ورثے میں جو ملی تھی وہ دولت چلی گئی

کس نے کس سے پیار کیا ہے
سب نے کاروبار کیا ہے

انور صاحب مسائل حیات اور ہنگامۂ زیست سے بخوبی واقف ہیں انھیں حیاتیاتی نفسیات پر گہرا عبور حاصل ہے۔ اسی نے ان کی شاعری میں داخلی کیفیات اور حوادث کائنات ایک دوسرے میں تحلیل ہو جاتے ہیں اور ہماری سماعتوں کو پاکیزگی اور تازگی سے معمور کر دیتے ہیں۔ دلوں کو طمانیت و سکون اور طبیعت کو فرحت بھی بخشتے ہیں مثلاً

دل کسی کا جو مقدس ہے حرم کی مانند
اس عمارت کو گرانے کی سزا پاؤ گے

کچھ وصف تو ہوتا ہے دماغوں میں دلوں میں
یوں ہی کوئی سقراط و سکندر نہیں ہوتا

مسلسل دھوپ میں چلنا چراغوں کی طرح جلنا
یہ ہنگامے تو مجھ کو وقت سے پہلے تھکا دیں گے

جو مذہب اوڑھ کے بازار نکلے
ہمیشہ ان اداکاروں سے بچنا

غرض یہ کہ انور صاحب رنگارنگ مضامین کو شعری آہنگ میں اسلوبیاتی ندرت، سادگی و شگفتگی کے ساتھ کچھ اس طرح ہم آمیز کیا ہے کہ معیارِ فن بھی قائم ہے اور موضوع کو گنجلک ہونے سے بچایا بھی ہے۔ ان کے یہاں معنی آفرینی کی آئینہ داری درجۂ کمال کو پہنچی ہوئی ہے۔ ان کی فکر و احساس کشادگیٔ ذہن اور دوررس نگاہ کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ان کی بصیرت کا دائرہ محدود نہیں بلکہ لامحدود ہے وہ ہمنوائے وقت اور حقیقت نگار بھی۔

انور صاحب کی نثر نگاری بھی اعلیٰ درجے کی ہے جس کا طویل اور تفصیلی جائزہ یہاں ممکن نہیں ہے۔ ان کی نثر شاعرانہ مزاجِ طبیعت کی غمازی کرتی ہے اور کہیں نہ کہیں رجب علی بیگ سرور، شبلی نعمانی اور ابوالکلام آزاد کے قلم کے جادو کا احساس کراتی ہے۔ ان کے نثری کارنامے بھی کچھ کم نہیں ہے بلکہ شہرتِ دوام کیلئے کافی ہیں چند اقتباس ملاحظہ کیجئے۔

""سرسید کی دور اندیشی، حالی کا درد، اکبر الٰہ آبادی کے سینے کی تڑپ، مولانا شبلی کے اسلاف سے عقیدت، مولانا قاسم نانوتوی کی آنکھوں کا نور یہ سارے عناصر ترکیبی اگر اکٹھا کر دیے جائیں اس سے اقبال کا پیکر بن جائے گا .... اقبال کے یہاں دعائیں نہیں بلکہ عمل کی فاختائیں ہیں وہ مایوسی اور غم کے شاعر نہیں بلکہ باعمل مجاہدانہ زندگی کے نغمہ گر ہیں اردو میں پہلی مرتبہ اقبال نے شاعری سے ہدایت، صداقت، سخاوت، شجاعت اور شہادت کا کام لیا ہے۔ انھوں نے ذہن کی قوت اور روح کی طاقت کو ہم آغوش کر دیا۔ ان کی شاعری نظر کو نور اور دل کو سرور بخشتی ہے۔ معرکۂ روح و بدن کے اختتام پر روح کی فتح یابی اقبال کی مجموعی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے۔
(روشنائی کے سفیر بعنوان اقبال کی عظمت)

۱۹۶۲ء میں قصبہ جلالپور کے مشاعرے کی نظامت مشہور زمانہ ناظم مشاعرہ و شاعر عمر قریشی صاحب نے کی تھی جس کی روداد انھوں نے روشنائی کے سفیر میں بعنوان "میرے ذہن کا پہلا ساحر عمر قریشی" میں انور صاحب رقمطراز ہیں۔

"مشاعرہ ختم ہوا۔ صبح ہوئی۔ عمر صاحب اپنے وطن گورکھپور روانہ ہو گئے مگر میرے قصبے میں تعریفوں اور تبصروں کا ایک موسم چھوڑ گئے۔ رات گذر چکی تھی نرم و نازک صبح کو تیز کا چہرہ بھی دھوپ سے مرجھانے لگا تھا مگر عوام پر تمام شب کا نشہ تھا کہ اترتا ہی نہیں تھا۔ عمر صاحب کی گل افشانیٔ گفتار پر تبصرہ کرنے میں جوان و ادھیڑ اور بوڑھے اپنی عمروں کا فرق بھول گئے تھے۔ نادر شاہ نے بھی دلی کو لوٹا ہوگا مگر اس رات تو عمر صاحب میرے دیار کے سخن فہموں کا دل لوٹ کر چلے گئے۔"

یہ اقتباس انور صاحب کی جادو بیانی، گل افشانی اور عبارت آرائی کے نہ صرف مظہر ہیں بلکہ اس طرف بھی اشارہ کرتے ہیں کہ ان کی تحریر و تقریر میں عمر قریشی صاحب کا پرتو صاف طور پر جھلکتا ہے۔ سچ معنوں میں انور صاحب نے نظامت کے حوالے سے اگر کسی کی تقلید کی ہے تو وہ صرف اور صرف عمر قریشی صاحب کی۔

بحیثیت مجموعی انور جلالپوری صاحب ایک کثیر الجہت اور کارواں صفت شخصیت کے مالک ہیں جن کی عظمت کا سکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی انفرادیت کے لئے یکساں طور پر جانا پہچانا جاتا ہے۔ وہ بیک وقت شاعر بھی ہیں اور ادیب بھی، ناقد بھی ہیں اور ناظم بھی، مفکر بھی ہیں اور مدبر بھی۔ محبت اور امن و رواداری کے پاسبان بھی ہیں اور انسانیت کے علمبردار اور نگہبان بھی۔ مشترکہ تہذیبی روایت و وراثت کے نقیب و رفیق بھی ہیں، اور فرقہ واریت، تعصب، تنگ نظری اور نفرت کے رقیب بھی۔ صاحب علم و دانش بھی ہیں اور زمانہ شناس بھی۔ فہم و فراست کے مالک بھی ہیں اور سنگلاخ راستوں کے مسافر اور راہی بھی۔ امن کے پیغامبر بھی ہیں اور پاسدار یکجہتی و یگانگت بھی۔ رازہائے حید، فرہاد سے آشنا بھی ہیں اور لیلائے محبت کے دمساز بھی۔ زبان اردو اور شیریں گفتار کے پیش رو بھی ہیں اور لفظوں کے جادوگر بھی ایک کامیاب معلم بھی ہیں اور محافظ خادم اردو بھی۔ جدید عصری میلانات سے آگاہ بھی ہیں اور قدیم تاریخی دستاویز کے نظر شناس بھی۔ زمانہ ساز بھی ہیں اور علم و حکمت کے چراغ بھی۔ غرض یہ کہ انور صاحب ایک ایسے تراشیدہ ہیرے کے مانند ہیں جو مختلف زاویوں سے روشنی اور قوس وقزح کے رنگ بکھیرتا ہے، جگمگاتا اور جھلملاتا ہے۔ انھیں لفظوں پر اس قدر ملکہ و قدرت حاصل ہے کہ جب وہ شاعری کرتے ہیں یا نثر لکھتے ہیں تقریر کرتے ہیں یا تبصرہ تو لفظ ان کی جلو میں اپنی تمام تر توانائی کے ساتھ کبھی رقص کناں ہوتے ہیں اور کبھی سربسجود۔ ان کے جملوں اور اشعار میں لفظوں کی ترتیب کسی خوبصورت پھولوں کے ہار جیسی ہوتی ہے جو اپنی خوشبو اور عطر بیز کیفیت سے قارئین اور سامعین کو نہ صرف محظوظ کرتا ہے بلکہ سماعتوں اور دل و دماغ کو تازگی و فرحت اور سرور و انبساط بھی بخشتا ہے۔ ان کی آواز کی غنائیت اور سحر انگیزی سے باد سموم نسیم صبح کے تازہ جھونکوں میں تبدیل ہو جایا کرتی ہے۔ ان کی تحریر و تقریر اور شاعری میں دریا کی سی روانی اور پہاڑی آبشاروں کی کھنک کا احساس ہوتا ہے۔ یہی ان کا سب سے بڑا کمال اور طرۂ امتیاز ہے۔

□□□

انور جلالپوری

بھگود گیتا کے منظوم ترجمے کے اقتباسات

تھی تیار بھیشم پتامہ کی فوج
گرجدار جیسے سمندر کی موج

یہ منظر جو ارجن کو آیا نظر
اٹھایا دھنش اس نے بھی بے خطر

کہا اس نے اے مالک روح و جاں
یہ رتھ لے چلیں فوج کے درمیاں

عجب حال ارجن کی آنکھوں کا تھا
بڑی دیر تک صرف آنسو بہا

تو پھر کرشن نے اس سے پوچھا یہی
کہاں سے ہے سیکھی بتا بزدلی

یہ سب علم سے دور کی بات ہے
جہالت کی، مجبور کی بات ہے

اٹھو جنگ کے واسطے اٹھ پڑو
لئے ہاتھ میں اسلحے اٹھ پڑو

بہت عقل سے ہے بڑی آتما
کہ اس سے بڑا صرف پرماتما

میں ہوں بے عمل ایک پل کو اگر
تو ہو جائے دنیا ادھر کی ادھر

تو اپنی حقیقت کو اب جان لے
ترے پاس کیا کچھ ہے پہچان لے

ہوں تیاگ، دنیا ہے تیرے لئے
یہ سارا زمانہ ہے تیرے لئے

کرشنا نے تفصیل سے پھر کہا
ہر اک راز ارجن کو سمجھا دیا

مرا جنم لوگوں کے جیسا نہیں
کہ میں خاص ہوں ایسا ویسا نہیں

ازل سے ہوں میں اور ابد تک ہوں میں
اکیلا ہوں میں اور تنہا ہوں میں

کرشنا نے ارجن سے پھر یہ کہا
کہ یہ راز مجھ کو بھی دیجے بتا

کہ کرموں سے دوری بھی معقول ہے
اور اس سے حضوری بھی معقول ہے

مجھے صاف لفظوں میں سمجھایئے
حقیقت ہے کیا اس کو بتلایئے

جواب اس کا کرشنا نے ایسا دیا
کہ ارجن کی الجھن کو سلجھا دیا

ہے ارجن! تپسوی سے یوگی بڑا
جہاں بھر کے گیانی سے یوگی بڑا

میں کہتا ہوں اٹھ یوگ کی راہ لے
کہ اس راستے ہی میں سب کچھ لے

عقیدہ عقیدت جو مجھ میں رکھے
جو دیکھے مجھے چشم ایمان سے

سدا میرے نزدیک افضل وہی
وہی شخصیت کا مکمل وہی

او کنتی کے بیٹے تو اب جان لے
حقیقت مری کیا ہے پہچان لے

جو سمجھیں مجھے مالک کائنات
مجھی میں ہے کل دیوتاؤں کی ذات

ارادوں میں مضبوط ہیں جس کے دل
کریں یاد مجھ کو وہی مستقل

نہ بھولیں مجھے موت کے وقت بھی
کہ ہر پل رہے جس گھڑی تخت بھی

یہاں آ کے ارجن پریشان ہیں
سوالات کر کر کے حیران ہیں

برہم کیا ہے، روحانیت کیا عمل
بتائیں کہ کیسے ہو جیون سپھل

بتائیں مجھے پنچ تتوا ہیں کیا
عناصر کو سمجھوں میں کیسے بھلا

سبھی دیوتاؤں کا کیا گیان ہے
رہائے میں کیوں ان کا سمان ہے

ہے رجنی اسے رگن کی او گن کی بات
ترے دھیان کا کیندر ہے میری ذات

عقیدت سے تو گیان کی اور چل
اسی سے رہے گا ہمیشہ سپھل

میں ہوں ایشور سارے سنسار کا
میں خالق ہوں ہر شکل و آکار کا

میں سورج کی گرمی ہوں بارش ہوں میں
کرم، رحم ہوں اور نوازش ہوں میں

بھلا دوسروں کا جو چاہیں سدا
رکھیں غیر جن سے بہت آسرا

وہ آخر میں مجھ سے ہی مل جائیں گے
کنول انکے دل کے بھی کھل جائیں گے

جہاں حسن ہے شان و شوکت جہاں
مرا نور ہے اس میں جلوہ فشاں

ہے قائم مرے یوگ سے یہ جگت
یہ برہمانڈ میری ہی ہے سلطنت

عجب کیفیت میں پھر ارجن پڑا
خداوند سے اس نے کچھ یوں کہا

پڑھایا جو روحانیت کا سبق
ہوا اس سے ہر شک کا سینہ ہی شق

فقط آپ زندہ ہیں فانی ہیں سب
حقیقت ہیں آپ اور کہانی ہیں سب

دکھا دیں مجھے غیر فانی سروپ
جو ہے علم کا اور گیانی سروپ

کرشنا نے کچھ یوں مخاطب کیا
جو تھا راز ارجن کو بتلا دیا

مہرشی ہو یا دیوتا ہو کوئی
مرا جنم کب ہے نہ جانے کبھی

کہ ان کے جنم کا سبب میں ہی ہوں
میں پالوں انہیں ان کا رب میں ہی ہوں

گناہوں سے وہ شخص پائے نجات
ازل سے جو سمجھے کہ ہے میری ذات

تو ارجن نے کیشو سے یہ کہہ دیا
تعلق ہے کیا جسم اور روح کا

ہوا، آگ، آکاش، جل، خاک سے
بدن ہے بنا کتنے ادراک سے

عمل علم کے جتنے بھی ہیں حواس
ابھکارہ بدھی کریں ان میں باس

انہیں سے ہے تشکیل اس جسم کی
انہیں سے ہے تکمیل اس جسم کی

یہی گن تو کرموں کا بنتے سبب
انہیں کی بدولت تو ہیں کام سب

مگر چپ ہے خاموش ہے آتما
کہ ہے اس کا رتبہ بہت ہی بڑا

سمجھ لیں جو اسکو وہ میرے بنیں
حقیقت کو سمجھیں اسی میں رہیں

انہیں چھوڑ کر جو بنے شجیاب
وہ پوری جوانی میں ہوں کامیاب

وضاحت سے باتوں کو پھر یوں کہا
خداوند نے سب کو سمجھا دیا

جگت کیا ہے پیپل کا اک پیڑ ہے
بندھی ہے مثالوں سے ہر ایک شے

عجب پیڑ جس کی جڑیں تو ہیں پست
مگر اس کی شاخیں تو اوپر ہیں مست

ہیں پتے کہ جیسے وچن وید کے
حسیں اتنے جیسے کتھن وید کے

خدائی صفت کے ہیں جتنے بھی گن
مرے منھ سے ارجن انہیں آج سن

پڑھا کر مقدس کتابیں سدا
ریاضت، دیانت سے رکھ واسطہ

نڈر بن مگر صاف رکھ دل کا گھر
سدا تیاگ کر اور خیرات کر

اہنسا، صداقت کو اپنا بنا
تلوّن مزاجی سے رکھ فاصلہ

ادب سے پھر ارجن مخاطب ہوا
خداوند عالم صفت سے کہا

جنہیں شاستروں سے ہی رغبت نہیں
انہیں ان سے کوئی عقیدت نہیں

ستوگن، رجوگن سے کیا واسطہ
تموگن سے ان کا ہے کیا سلسلہ

شردھا کا ان کی ہے معیار کیا
کہیں ان کو ہم لوگ سرکار کیا

مہاراج! مجھ کو ہے بیحد خوشی
کہ جیسے مجھے سلطنت مل گئی

میں خوش ہو کے اعلان کرتا ہوں اب
بتاتا ہوں دنیا کو یہ با ادب

وہیں فتح مندی، مسرت وہیں
سبھی کے لئے شان و شوکت وہیں

تعزیتی نظم

ایک راہی تھا جو میر کارواں بن کر اٹھا
اک سپاہی تھا جو قومی ترجماں بن کر اٹھا

راہ میں دشواریوں کے موڑ بھی آئے مگر
امتحان زندگی میں کامراں بن کر اٹھا

پاس تھا محنت کا زر، خلاص کی چادر بھی تھی
ہاتھ اس کا دستگیر بےکساں بن کر اٹھا

شاعر و ناظم کرم گستر، ادب پرور جو تھا
اسکا ہر جملہ ادب کی روح و جاں بن کر اٹھا

شور سے ناقوس کے جب تھی سماعت دم بخود
ایسے عالم میں وہ آواز اذاں بن کر اٹھا

چپ ہوئے جب لب، تو خاموشی لگی کرنے کلام
اسکا ہر انداز بھی ایک داستاں بن کر اٹھا

ایک انور کا جنازہ اور تھی کاندھوں کی بھیڑ
ایک ذرہ تھا جو رشک کہکشاں بن کر اٹھا

نار سے کہتی ہے انور کے وطن کی سر زمیں
میری دھرتی کا جیالا آسماں بن کر اٹھا

بول اٹھے سب لوگ، جب دیکھا جنازے کا ہجوم
ایک قطرہ تھا جو بحر بیکراں بن کر اٹھا

تیسری تھی جنوری کی بدھ کا دن تھا ذوالفقار
جب جنازہ گھر سے انکا عز و شاں بن کر اٹھا

ذوالفقار جلالپوری
محلہ کریم پور، پوسٹ نگپور، جلالپور، امبیڈکر نگر
موبائل: 9415751528

قطعات

حضرت انور فقط ناظم نہ تھے
شعر گوئی میں بھی رکھتے تھے کمال
حمد و نعت و منقبت، نظم و غزل
ان کی تخلیقات سب ہیں لازوال

•

خوش ہوں یا غمگین ہوں ہر حال میں
زندگی بھر شکر رب کرتے رہے
دار فانی میں رہے جس وقت تک
خدمت اردو ادب کرتے رہے

•

جہد و عمل کا پیکر انور جلال پوری
شعر و ادب کا محور انور جلال پوری
مخمور معترف ہیں سب اُن کی عظمتوں کے
دانشور و سخنور انور جلال پوری

ڈاکٹر مخمور کاکوروی
۶۸۔ چودھری محلہ، کاکوری، لکھنؤ
موبائل: 9450097929

انور جلالپوری کے منتخب اشعار

اے منصفِ دوراں بتا ہم کس سے مانگیں خوں بہا
مقتل ترا، مشہد ترا، قاتل ترے، خنجر ترا

دل بھی کیا عجب شے ہے کیسی اسکی فطرت ہے
دیر تک سلگتا ہے پر دھواں نہیں کرتا

امیرِ شہر اسی غم میں رات سو نہ سکا
غریب شہر کے تن پر ابھی ردا کیوں ہے

وہ بادشاہ بھی سانسوں کی جنگ ہار گئے
جو اپنے گرد ہمیشہ سپاہ رکھتے تھے

شہروں کے شور وغل نے یہ سمجھا دیا ہمیں
کتنا سکون گاؤں کے کچے گھروں میں تھا

سنگ ان ہاتھوں میں دیکھا جنہیں سمجھا میں نے
یہ تو اپنے ہیں بھلا اپنوں سے خطرہ کیا ہے

ہر کوئی منظر یہاں اک عارضی تصویر ہے
خواب کوئی اپنی آنکھوں میں سجائیں کس لئے

رفتار میں لچک ہے تو گفتار میں مہک
یا رب یہ لوگ کون سی دنیا سے آئے ہیں

مقتل کے اداکار بھی لوگ ہیں جن کے
نازک ہیں بدن ہاتھ میں خنجر بھی نہیں ہے

کوئی پوچھے گا جس دن واقعی یہ زندگی کیا ہے
زمیں سے ایک مٹھی خاک لے کر ہم اڑا دیں گے

راز یہ کھلتا نہیں کیسے گلستاں جل گیا
دیکھنے میں تو کہیں کوئی بھی چنگاری نہ تھی

مری جدائی ترے دل کی آزمائش ہے
اس آئینے کو کبھی شرمسار مت کرنا

کون سی بستی میں یا رب تو نے پیدا کر دیا
دشمنی پر سب ہیں آمادہ خفا کوئی نہیں

بیٹھے ہوئے ہیں ڈھیر پہ بارود کے مگر
پر امن زندگی کی دعا چاہتے ہیں لوگ

یہ اجلی سہانی چاندنی اک خواب ہے پیارے
کہ جب سورج نکلتا ہے تو سپنے ٹوٹ جاتے ہیں

ہر ایک شے کی بڑی دیکھ بھال کرتے ہیں
جو لوگ کچھ نہیں کرتے کمال کرتے ہیں

شہرت کو سیاست کی کثافت سے بچا لے
عزت مجھے مغرور نہ ہونے کے لئے دے

میں نے ہر عہد کی شکلوں سے بنائی تصویر
کبھی خسرو، کبھی نظیر، کبھی میر ہوں میں

دل کسی کا ہو مقدس ہے حرم کی مانند
اس عمارت کو گرانے کی سزا پاؤ گے

کہہ گیا کوئی سرِ دار و رسن
تیری خاطر جو ہوا اچھا ہوا

ختم ہونے ہی نہ پائے چاہتوں کا سلسلہ
پھول میں رنگت کلی میں تازگی جب تک رہے

مرے مالک مجھے آسانیوں نے کر دیا بزدل
مرے رستے میں اب ہر گام پہ اک مرحلہ رکھنا

اہلِ دل اس کو دل سمجھتے ہیں
یہ ہے ہندوستان کی دلی

میں اتنی تیز اپنی منزلوں کی سمت دوڑا ہوں
کہ مجھ کو وقت سے پہلے تھکن معلوم ہوتی ہے

وہ جس کو پڑھتا نہیں کوئی بولتے سب ہیں
جناب میر بھی کیسی زبان چھوڑ گئے

میرے حالات پہ تم رشک تو کرتے ہو مگر
تم نے دیکھا ہی نہیں ہے مرا محنت کرنا

روح کی پاکیزگی دل کا سکوں اس دور میں
چھین کر ہر اک سے ذہن تاجرانہ لے گیا

تنقید مجھ پہ کی تو میرے دوستو نے کی
حد درجہ رکھ رکھاؤ مرے دشمنوں میں تھا

موسم کے ساتھ سارے مناظر بدل گئے
لیکن یہ دل کا زخم ہرا تھا ہرا رہا

سچائیوں کی جیت یقیں تھی دوستو
بازی مگر لگانی پڑی اس میں جان کی

دشمنی اور دوستی پہلے بھی ہوتی تھی مگر
اس قدر ماحول کا ماحول زہریلا نہ تھا

ہم مسافر ہیں ہمیں رکنے ٹھہرنے کے لئے
آپ کے گھر میں نہیں دل میں ٹھکانا چاہئے

جو مجھ سے دشمنی کھل کر نبھائے
مجھے وہ آدمی اچھا لگے ہے

کوئی موسم ہو کوئی بھی سماں اچھا نہیں لگتا
تمہارے بعد اپنا ہی مکاں اچھا نہیں لگتا

اس ناامید شخص نے یوں کی ہے خودکشی
ناخن کی تیز دھار کو خنجر بنا لیا

غلط کاموں کا اب ماحول عادی ہو گیا شاید
کسی بھی واقعہ پر کوئی ہنگامہ نہیں ہوتا

دل جلا دو کہ تیرگی مٹ جائے
ان ستاروں میں روشنی کم ہے

ہو نہ ہو شعلوں کی زد میں آ گیا پھر کوئی گھر
میری آنکھوں میں یہ چنگاری کہاں سے آ گئی

سبھی کے اپنے مسائل سبھی کی اپنی انا
پکاروں کس کو جو دے ساتھ عمر بھر میرا

گاؤں چھوڑا شہر پہنچے بھول بیٹھے بولیاں
اب بڑے شہروں میں لوگوں کی زباں کوئی نہیں

تو مجھے پا کے بھی ناخوش تھا یہ قسمت تیری
میں تجھے کھو کے بھی خوش ہوں یہ جگر میرا ہے

تم پیار کی سوغات لئے گھر سے تو نکلو
رستے میں تمہیں کوئی بھی دشمن نہ ملے گا

کچھ دنوں سے اک عجب معمول ان آنکھوں کا ہے
کوئی آئے یا نہ آئے پھر بھی رستہ دیکھنا

میں جنگ ہار کے بھی معتبر سپاہی ہوں
مری نیام میں شمشیر جو ہے میری ہے

جنتیں آئیں گی نادر شاد پہ
آپ دل روز ہی لوٹا کریں

آج میں نے اپنے غم کا اس سے شکوہ کر دیا
ایک لغزش زندگی بھر کی عبادت کھا گئی

ابھی آنکھوں کی شمعیں جل رہی ہیں پیار زندہ ہے
ابھی مایوس مت ہونا ابھی بیمار زندہ ہے

اب کے موسم میں مرے چاہنے والوں کی قسم
اتنا پتھر مرے سر پر کبھی برسا ہی نہیں

نیم ہمارے گھر کی شوبھا جامن سے بچپن کا رشتہ
ہم کیا جانیں کس رنگت کا ہوتا ہے بادام کا پیڑ

جہاں ہے پیار وہیں رنجشیں بھی دیکھو گے
جہاں غرض ہے وہاں دوستی زیادہ ہے

جو دعائیں دے رہے تھے وہ مخالف ہو گئے
میری شہرت میرے یاروں کو بڑی مہنگی پڑی

عطا ہوئی ہے مجھے دن کے ساتھ شب بھی مگر
چراغ شب میں جلا دیتا ہے ہنر میرا

تو میرے پاس تھا یا تیری پرانی یادیں
کوئی اک شعر بھی تنہا نہیں لکھا میں نے

سوتے ہیں بہت چین سے وہ جن کے گھروں میں
مٹی کے علاوہ کوئی برتن نہ ملے گا

مری خواہش کا کوئی گھر خدا معلوم کب ہوگا
ابھی تو ذہن کے پردے پہ بس نقشہ بناتا ہوں

جو مذہب اوڑھ کر بازار نکلیں
ہمیشہ ان اداکاروں سے بچنا

خواب ٹوٹے ہوتے ہیں دل شکست کھاتا ہے
بے سبب کوئی پاگل دیر تک نہیں رہتا

خفا تو دونوں ہی ایک دوسرے سے تھے لیکن
ندامت اس کو بھی تھی شرمسار میں بھی تھا

اے دوست ہر قدم پہ مناظر اجل کے دیکھ
اک روز میرے ساتھ سفر پر نکل کے دیکھ

جل کے گھر خاک ہوئے ہو گئی مدت لیکن
آج بھی شمع جلاتے ہوئے ڈر لگتا ہے

چاندنی میں رات بھر سارا جہاں اچھا لگا
دھوپ جب پھیلی تو اپنا ہی مکاں اچھا لگا

بات کا زخم عجب زخم ہے جس کا اثر
درد گھٹ جائے مگر زخم تو بھرتا ہی نہیں

بشکریہ Rays of Thought، مرزا ازور

□□□

انس سرور انصاری
سکرول، اردو بازار، ٹانڈہ، امبیڈکر نگر
موبائل: 9453347784

کتابِ دل کے ورق سے

امیرِ شہرِ سخن، جانِ رنگ و بوئے چمن
تمہاری یاد میں ہے اشکبار چشمِ وطن

سفیرِ امن و سکوں، رہنمائے شعر و ادب
یقین جانو، تمہیں ہم بھلا سکیں گے کب

حدیثِ دیدہ و دل یوں سنا گئے ہو تم
جدا ہوئے ہو تو سب کو رلا گئے ہو تم

تمہارے علم و فضیلت کی یاد آتی ہے
خلوص و پیار و محبت کی یاد آتی ہے

سلگتی ریت پہ اک سائبان تھے گویا
ہمارے سر پہ شفیق آسمان تھے گویا

جو زندگی کے کسی موڑ پر بھی ملتے تھے
ہمارے باغِ دل و جاں میں پھول کھلتے تھے

حقیقتوں کو زمانے پہ آشکار کیا
خزاں کو غازۂ دوشیزۂ بہار کیا

وطن سے ٹوٹ کے تم نے کچھ ایسے پیار کیا
کہ خار و خس کو بھی خوشبو کا رشتے دار کیا

فروغِ اردو زباں کا جو تم نے کام کیا
تو شہرتوں نے بھی جھک کر تمہیں سلام کیا

دکھا یا گیتا و قرآں کا آئینہ تم نے
کہ سب کا ایک ہے خالق، بتا دیا تم نے

تمہارے کام کو دنیا سراہتی ہے آج
کیا جو تم نے وہی کام چاہتی ہے آج

یہ کام وہ ہے دلوں کو جو جوڑ دیتا ہے
فسوں طرازی تعصب کی توڑ دیتا ہے

جیبروں کی زمیں تم پہ ناز کرتی ہے
سخنوروں کی زمیں تم پہ ناز کرتی ہے

وطن کو فخر ہے تم پر کہ جاں نثار تھے تم
خزاں کے دوش پہ آئینۂ بہار تھے تم

قیامِ امن و اہنسا کی کوششیں تھیں مدام
تمہارے جذبۂ انسانیت کو لاکھوں سلام

اُڑائی کس نے یہ افواہ مر گئے انورؔ
حدودِ وہم و گماں سے گزر گئے انورؔ

اُسے خبر ہی نہیں ہے جو ایسا کہتا ہو
ہمارے جذبۂ سوزِ دروں میں زندہ ہو

تمہارے جسم کو دفنا کے آگئی دنیا
زمیں کے نیچے اگرچہ سلا گئی دنیا

تمہارا جسم نہیں ہے تو کیا ہوا انورؔ
دلوں میں روح ہے اب بھی غزل سرا انورؔ

مجھے یقین ہے انورؔ کہ مر نہیں سکتے
حدودِ وقت سے آگے گزر نہیں سکتے

تمہارے لفظ و بیاں گونجتے ہیں کانوں میں
ابھی تو زندہ رہو گے کئی زمانوں میں

تمہاری یاد کی خوشبو تمہارا حسنِ عمل
غزل کی طرح شگفتہ، کنول کی طرح سجل

کتابِ دل کے ورق آنسوؤں سے نم نہ کرو
ہمارے پاس ہو تم دوریوں کے غم نہ کرو

خدائے پاک سے کرتے ہیں مغفرت کی دعا
تمہاری قبر پہ رحمت کی بارشیں ہوں سدا

تمہارے قرب کی لذت کو دل میں پاتے ہیں
کوئی دن اور کہ ہم تم سے ملنے آتے ہیں

مرزا جعفر حسین
۱۸۹۹ء — ۱۹۸۹ء

تعلیم و تربیت اطفال

والد مرحوم کا طرز تربیت بالکل مختلف انداز کا تھا۔ وہ طویل گفتگو یں بھی نہیں فرماتے تھے۔ دوستوں کے مجمع میں یا عزیزوں کی صحبت میں بھی خود بہت کم بات کرتے تھے۔ زیادہ تر دوسروں کو مخاطب کرکے باہم تر سوال و جواب پر آمادہ کر دیتے تھے اور خود مسکرا مسکرا کر دوسروں کی باتیں سنا کرتے تھے۔ وہ کسی قدر مغلوب الغضب بھی تھے لیکن جب غصہ آ جاتا تو وہ اٹھ کر دوسرے [illegible] یک لخت سکوت اختیار کر لیتے۔ میرے ساتھ زندگی بھر یہی طرز عمل رہا۔ کوئی بات خلاف مزاج ہوتی تو ایک خشن آواز میں 'ہوں' کہہ کر گہری سانس لیتے اور خاموش ہو جاتے تھے۔ میرے عہد طفولیت میں جب کھلونوں کے حضور بیٹھ کر بات ہوتی تو وہ یہ چاہتے تھے کہ میں زیادہ سے زیادہ دیر تک ان کی آنکھوں کے سامنے بیٹھا رہوں۔ میری تسلی کے لئے کبھی کوئی تصویر مرحمت فرماتے، کبھی کوئی کھلونا عنایت کرتے اور کبھی تو وہ خود بچوں کی طرح میرے ساتھ کھیلنے لگتے تھے۔ مردانہ نشست گاہ میں میرے دوران قیام وہ میرے اوپر سر سے پاؤں تک نگاہ رکھتے تھے۔ پوشاک یا اعضاء و جوارح کی حرکات میں کوئی نقص ہوتا تو [illegible] کے ہوتے مجھ پر اعتراض وارد کرتے تھے لیکن اس اعتراض میں الفت و رافت جھلکتی تھی۔ مجھے دوسروں سے بات کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرتے تھے اور دوسروں سے یہ بھی چاہتے تھے کہ وہ مجھ سے گفتگو کریں۔ اس بات چیت میں کسی بیان [illegible] میں اعتراض ہوتا تو کبھی واقعات کو صحت کے ساتھ پیش

[illegible]

شیراز [illegible] ہوگا جتنا یہ شہر

۱۸۵۸ میں لندن کے ٹائمس اخبار کے نامہ نگار ولیم رسل نے یہ عہد لکھنؤ کے لئے اپنی ایک رپورٹ میں لکھا تھا۔ سیدھے سادے لفظوں میں یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ نوابین اودھ کا عہد اپنی تمام تر خصوصیات کے ساتھ پورے ہندوستان کے افق پر غالب تھا۔ لکھنؤ شہر کی شان و شوکت کے قصے عالمی سطح پر مشہور ہونے لگے تھے۔ نواب شجاع الدولہ اور آصف الدولہ کے دور سے لکھنؤ کو جتنی مقبولیت حاصل ہوئی، اتنی شاید کسی دوسرے کسی شہر کو نصیب ہوئی ہو۔

پھر وہ دور بھی آیا جب [illegible]

[illegible]

اب بھی [illegible] زیادہ طرازی ہے۔

دامن کو چھوڑتی ہی نہیں لکھنؤ کی خاک

اسی کے پیش نظر 'نیا دور' کے ہر شمارے میں 'گزشتہ لکھنؤ' کے عنوان سے ایک نہ ایک ایسی تحریر پیش کی جائے گی جس میں خطۂ اودھ اور بالخصوص لکھنؤ کے ادبی، تہذیبی سماج کی عکاسی نظر آئے۔ مقصد بازیافت ہے۔ اس سلسلے کی چودھویں کڑی کے طور پر **مرزا جعفر حسین** کی کتاب **'قدیم لکھنؤ کی آخری بہار'** سے ایک تحریر **'تعلیم و تربیت اطفال، حصہ دوم'** پیش ہے۔ [illegible] ایسی تمام تحریروں کا خیر مقدم کریں گے جن میں [illegible] لکھنؤ کی جھلک نظر آئے۔

(ایڈیٹر)

کرنے کا طرز سیکھا تھا۔ ان نشستوں میں ان کے خدمت گار اور مخصوص ملازمین وقتاً فوقتاً حاضر ہوا کرتے تھے۔ وہ کوئی نہ کوئی ایسا حکم دے دیتے تھے کہ ملازم کو مجھ سے یا مجھے ملازم سے بات کرنے کی ضرورت لاحق ہو جاتی تھی۔ نوکر کو مخاطب کرنے میں میرے لئے 'آپ' کہنا ضروری تھا۔ گھر کے اندر بعض کنیزوں سے تم کہہ کر بات کرنے کی عادت پڑ گئی تھی۔ اگر بھولے سے کبھی کسی ملازم سے حضور 'تم' کہتا تو وہ خفا ہو جاتے اور مجھے اس ملازم سے معذرت کرنا پڑتی تھی۔ میری معذرت خواہی پر وہ خوش ہو جاتے اور بڑی شفقت سے یہ فرماتے 'کہ آئندہ ایسی غلطی نہ کرنا۔' بچوں کو ڈانٹنے اور ان پر خفا ہونے کو وہ بہت برا سمجھتے تھے۔ کسی دوسرے کے بچے کی باہر سے رونے کی آواز آ جاتی تو بے قرار ہو جاتے تھے اور کبھی کبھی گھبرا کے خود ہی نشست گاہ سے باہر آ کر رلانے والے پر برہم ہو جاتے تھے۔ بچے کو مار دینا ان کے نزدیک بہت بڑا گناہ تھا لیکن تمام عمر میں انہوں نے مجھے میرے عہد طفولیت میں صرف ایک بار ایک تھپڑ مارا تھا اور یہ واقعہ مجھے تاحیات یاد رہے گا۔

اس واقعہ کو پیش کرنے سے قبل یہ بیان کر دینا بھی ضروری ہے کہ والد مرحوم نے بہت طویل عمر پا کر ۱۹۳۵ء میں انتقال فرمایا تھا۔ اس وقت میری عمر اڑتیس برس کی تھی لیکن اس ایک واقعہ کے علاوہ میری کسی انتہائی خلاف مزاج حرکت پر بھی جو کثرت سے سرزد ہوتی تھیں، انہوں نے کبھی کسی شدید برہمی کا اظہار نہیں کیا۔ وہ غیر معمولی کٹر قسم کے مذہبی انسان تھے اور میں انگریزی

تعلیم حاصل کر کے ان کے نزدیک بد مذہب اور بے دین ہو چکا تھا۔ اس صورت حال سے ان کو میری ذات سے بہت صدمہ رہا کرتا تھا۔ یہاں تک کہ انہیں کے کسی مخالف نے ان کو دو حالی پیدا کرنے کے لیے یہ خبر سنا دی کہ میں نے مے نوشی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے اس شخص کو یہ جواب دیا کہ میں بالغ و عاقل تھا۔ بعد از اپنے اعمال کا خود جواب دہ تھا۔ جہاں تک ان کا تعلق تھا وہ امور شرعیہ کی تعلیم دلوا کر بری الذمہ ہو چکے تھے۔ انہوں نے اس شخص کو یہ جواب تو دے دیا تھا لیکن وہ خبر ان کے دل و دماغ میں کانٹے کی طرح کھٹکا کرتی تھی۔

کچھ مدت کے بعد انہوں نے یکا یک مجھ سے باز پرس کر ڈالی اور خبر کی صحت و عدم صحت کے بارے میں براہ راست سوال کر دیا۔ میں اسی سال وکالت کے پیشہ میں داخل ہوا تھا۔ میں نے جواب دیا کہ "قبلہ! یہ سوال آپ کے شایان شان نہیں ہے۔ اگر میں شراب پیتا ہوں اور جواب اثبات میں دیتا ہوں تو آپ کو سخت صدمہ ہو گا اور اگر نہیں کہتا ہوں تو جھوٹ بولنے کے گناہ کی سزا کا مستوجب ہوں گا۔"

انہوں نے میرے اس جواب پر "ہوں" کہہ کر بہت گہری سانس لی اور خاموش ہو گئے۔ ان کے ایک حاضر وقت دوست نے جن کو میں چچا کہتا تھا، خفگی کا اظہار کرتے ہوئے مجھے بدتہذیب قرار دیا۔ میں نے مؤدبانہ جواب دیا کہ جھوٹ بولنے کے مقابلہ بدرجہا بدتہذیبی بہتر ہے اور جھوٹ بولنے سے اجتناب جناب مرحوم کی تعلیم ہی کا اثر ہے۔ ان کو یہ مختصر واقعہ نہیں معلوم تھا لیکن میرے پیشرو وہی تھپڑ تھا جو زندگی میں ایک بار ان کے ہاتھوں مجھ پر پڑا تھا۔

یہ واقعہ اس زمانہ سے متعلق تھا جب میں عربی مدرسہ کا طالب علم تھا اور میری عمر آٹھ برس سے زیادہ کی نہیں تھی۔ والد مرحوم کو بہترین قلم سے لکھنے کا ذوق تھا اور وہ اپنے قلم بڑی محنت و کاوش سے خریدتے تھے۔ اس زمانہ میں ان قلموں کو "کلک" کہتے تھے اور بہترین کلک کی چوک میں زیادہ سے زیادہ دو ہی دکانیں تھیں۔ یہ کلک گراں بھی ہوتے تھے یعنی یہ کہ ایک ایک قلم کئی پیسے کا ہوتا تھا۔ کلک بہت مضبوط، خوش رنگ اور خوشبودار ہوتا تھا۔ بنانے والے بڑی محنت سے بناتے تھے۔ والد مرحوم کو یہ قلم اتنے عزیز ہوتے تھے کہ وہ کسی کو چھونے تک نہیں دیتے تھے۔ میں نے کسی کی جرات میں ان کے قلمدان سے ایک قلم بغیر ان کی اجازت اور اطلاع

سے نکال لیا اور برابر اسی سے لکھنے لگا تھا۔ اتفاق یہ ہوا کہ ایک روز ان کی نظر پڑ گئی۔ والد مرحوم کی طرح وہ بھی خبر گیری کے لئے ہمارے کمرے میں کبھی کبھی آ جاتے تھے۔ انہوں نے مجھے کلک سے لکھتے ہوئے دیکھا اور بے تابانہ قریب آ کر دریافت کیا کہ "یہ قلم کہاں سے لائے؟" مجھے قطعی نہیں معلوم تھا کہ کلک کیا ہے تھا۔

میں نے برجستہ جواب دیا کہ "اسکول سے واپسی پر خریدا تھا۔" انہوں نے غصہ ضبط کر کے دوسرا سوال کیا کہ "کہاں سے خریدا؟" میں نے ایک فرضی دکاندار کا نام بھی بتا دیا۔ اب انہوں نے تیسرا سوال کیا "کتنے کو خریدا؟" مجھے یہ احساس تھا کہ وہ قلم قیمتی ہوتا تھا اس لئے برجستہ کہہ دیا کہ "ایک پیسہ کو۔" اب ان کے غیظ و غضب کی کوئی انتہا نہ تھی۔ انہوں نے ایک تھپڑ مارا اور فرمایا کہ "چوری کرتا ہے اور جھوٹ بھی بولتا ہے۔" گھر میں یہ واقعہ ایک سانحہ عظیم کی حیثیت رکھتا تھا۔ والدہ مرحومہ بہت روئیں، میری اناؤ نے کئی وقت کھانا نہیں کھایا، والد مرحوم کے حضور ایک مدت تک نہ میں گیا اور نہ وہ خود میرے کمرے میں آئے۔ جہاں تک میرے تاثرات کا خیال ہے آج تک میں جھوٹ بولنے کو سب سے بڑا گناہ سمجھتا ہوں اور وکالت کے پیشہ میں داخل ہونے کے بعد بھی حتی المقدور اس گناہ سے احتراز کرتا رہا تھا۔

اس گرانقدر تربیت کے ساتھ ساتھ دستور زمانہ کے مطابق لڑکیوں اور لڑکوں کو پڑھوایا بھی جاتا تھا۔ لڑکیاں محل میں متعین مستقل استانی کے سپرد کر دی جاتی تھیں جو ان کو بڑی محنت و جانفشانی سے پڑھاتی تھیں اور لڑکیاں بھی بڑے ذوق و شوق سے پڑھا کرتی تھیں لیکن لڑکوں کی پڑھائی میں بڑی سست رفتاری ہوتی تھی۔ مدرسوں یا مکتبوں میں لڑکوں کو بھیجنا ناپسند تھا۔ محل کا تمام بیرونی ماحول رئیسانہ و رشاہانہ ہوتا تھا۔ پڑھانے والے بھی آرام طلبی میں وقت ضائع کرتے تھے۔ اس حالت میں لڑکوں کی بہت اچھی تعلیم ممکن ہی نہیں تھی حالانکہ بسم اللہ کی رسم ادا ہونے کے قبل ہی سے ایک مولوی اور ایک مدرس ملازم رکھ لئے جاتے تھے۔ مولوی دوسرے ہی دن سے بغدادی قاعدہ پڑھانا شروع کر دیتا تھا۔ بغدادی قاعدہ اس لئے پہلے پڑھایا جاتا تھا کہ بچہ عربی حروف و الفاظ سے مانوس ہو کر قرآن مجید پڑھنے کے قابل ہو جائے۔ اردو پڑھانے کا سلسلہ بھی اسی وقت شروع ہوتا تھا جس پر مولوی سے زیادہ گھر کی استانی توجہ کرتی تھی۔

اردو پر گھر کے ماحول کی بدولت مہارت ہو جاتی تھی۔ سلیس زبان بولنا اور اردو کے محاورات پر قابو پانا تربیت ہی کی برکتوں سے آ جاتا تھا۔ تکلفات سے بہتر کوئی مولوی یا مدرس اردو پر قادر نہیں ہوتا تھا۔ اس لئے بچوں کو یہ دولت بغیر کسی زحمت کے مل جاتی تھی۔ مدرس آمد نامہ اور خالق باری پڑھانے پر پہلے توجہ کرتا تھا۔ اس کے بعد گلزار دبستان اور گلستاں پھر بوستاں پڑھاتا تھا۔ اسی تعلیم میں برسوں صرف ہو جاتے تھے۔ دوسری طرف مولوی صاحب قرآن مجید کے چند پارے اور دینیات کی ابتدائی کتابیں پڑھانے کے بعد صرف میر پھر نحو میر پڑھاتے تھے۔ صرف ونحو کی اس ابتدائی تعلیم کے بعد بیچ بیچ میں کسی نہ کسی طرح رئیس زادے تعلیم کا سلسلہ ختم کر دیا جاتا تھا۔ یہ بھی مشہور ہو جاتا تھا کہ قرآن ختم کرا دیا گیا اور اس ختم قرآن کی خوشی میں دعوتیں ہوتی تھیں۔ مختصر یہ کہ چودہ پندرہ برس کی عمر تک صرف اتنی ہی تعلیم پا کر فارغ التحصیل ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد نوجوان جو جو علم حاصل کرتے یا فنون میں کمال دکھاتے وہ صرف اپنے ہی ذوق وشوق یا والدین کے رغبت دلانے کا نتیجہ ہوتا تھا۔ ایسے طالبانِ علم میں بھی بڑے بڑے ذی وقار موجود تھے۔ بیسویں صدی کے اوائل تک صف اول کے رؤسا میں نواب آغا ہوس صاحب مرحوم کی ذات گرامی فقہ اور اصول میں مستند بھی جاتی تھی۔

درسیات کی اس نامکمل اور ناقص تعلیم کے باوصف دو علوم ایسے تھے جن کی طرف رؤسا وعمائدین کو بڑی رغبت تھی جس میں ایک علم طب اور دوسرا علم عروض تھا۔ معاشرہ شعر وادب میں سرشار تھا۔ ہر رئیس اپنے کو باکمال شاعر سمجھتا تھا اور اپنے اس مفروضہ کمال کو ثابت کرنے کے لئے بعض رئیسوں کو ضرورت بھی محسوس ہوتی تھی۔ ہر رئیس کے دربار سے دو اور بعض کے یہاں زیادہ شعراء متعلق رہتے تھے۔ انہیں شعراء کی بدولت کسی کو کم اور کسی کو زیادہ عروض سے واقفیت حاصل ہو جاتی تھی یہ کمی اور بیشی اپنے اپنے شوق پر منحصر ہوتی تھی۔ اس نے رؤسا کو عروض میں واقفیت حاصل کرنے کے لئے زحمت نہیں ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ جب ذاتی شوق کو آسودگی فراہم کرنے کا سوال آ جائے تو زحمت بھی آسان ہو جاتی تھی۔ اسی طرح علم طب سے بھی بڑا ذوق تھا اور یہ سبب غالباً غلط نہ ہوگا کہ علم طب کا کسی نہ کسی حد تک حاصل کرنا اس زمانے کے فیشن میں داخل ہو گیا تھا۔ بعض اطباء یقیناً اچھے شاعر بھی تھے لیکن ہر شاعر علم طب میں بھی تھوڑا بہت دخل رکھتا تھا۔ شرفاء عام طور سے طبابت کا پیشہ پسند کرتے تھے اور رؤسا طب کو برائے طب حاصل کرتے تھے۔ بیسویں صدی کی دوسری دہائی میں خانوادہ خان علامہ کی

ہر فرد جو بالغ ہو رہا تھا علم طب سے با خبر تھی اور طبابت نہ کرنے پر بھی اپنے نام کے پہلے لفظ حکیم کا استعمال اپنے سے باعث مفاخرت سمجھتی تھی۔ اس علم کے حصول سے بہر حال اتنا فائدہ ضرور تھا کہ اپنے محل کے معالجات میں رؤسا کو دلچسپی رہتی تھی اور اپنے خاندانی طبیب سے عند الضرورت تبادلہ خیالات کر لیتے تھے جس کے سارے سو مسودے ہوتے تھے۔

ان علوم کے علاوہ بعض فنون میں بھی رؤسا کو دلچسپی تھی۔ ان کو بڑے ذوق وشوق سے سیکھتے اور ماہرین کے آگے زانوئے ادب تہہ کرتے تھے۔ موسیقی کا ذوق سب کو تھا اور کسی نہ کسی طرح اس فن کی نزاکتوں میں تھوڑی بہت درک بھی حاصل کر لیتے تھے لیکن عملاً موسیقی میں درس بھی کسی رئیس نے نہیں لیا۔ راقم کے مورث اعلیٰ رات بھر کتب بینی کرتے یا تصنیف و تالیف میں شب بیداری فرماتے تھے۔ بعد نماز صبح تھیٹر دیکھ کر آرام فرماتے تھے لیکن باوجود راگ اور راگنیوں پر پوری پوری واقفیت کے خان علامہ نے کبھی خود کوئی مشق نہیں کی۔ خطاطی کے فن میں ان کے اخلاف نے بڑے بڑے صاحب کمال استادوں کے آگے زانوئے ادب تہہ کیا تھا۔ خان علامہ خود بھی خط نسخ ونستعلیق میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ سعادت علی خان نے یہ فن انہیں سے سیکھا تھا۔ خطاطی کا شوق بہت سے رؤسا کو تھا اور بیسویں صدی کے اوائل تک متعدد بزرگ اس فن کے ماہر تھے۔ مصوری کا ذوق بھی ہر رئیس کو تھا لیکن عملاً یہ شوق دو چار بزرگوں ہی کو ہوا۔ ان فنون کے علاوہ دستکاری کی طرف بھی بعض رئیسوں کی توجہ ہوئی تھی اور انہوں نے باکمال فنکاروں کی شاگردی قبول کر لی تھی۔ بہر حال یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ علوم وفنون سے ہمارے رؤسا کو شغف تھا لیکن یہ ذوق انفرادی طور پر سن شعور آ جانے کے بعد پورا کیا جاتا تھا۔ ان فنون کے سیکھنے میں بزرگوں کی ہدایت یا سرپرستی کو بہت کم دخل ہوتا تھا اور یہ ہوتا تھا کہ کوئی رئیس اپنے بزرگوں کی سے ذوق وشوق میں تقلید یا نہ کرے۔ اس صورت حال سے یہ نتیجہ پورے وثوق کے ساتھ نکالا جا سکتا ہے کہ مفروضہ طور پر فارغ التحصیل ہونے کے بعد ہر رئیس کا رجحان اپنے ذاتی ماحول کے تحت کسی نہ کسی علم یا فن کی طرف مبذول ہو جاتا تھا۔ صرف علم طب اور علم عروض ہی کی مقبولیت میں ہمہ گیری تھی اور فنون میں خطاطی کو بڑے طبقہ میں شرف قبول حاصل تھا۔

□□□

اس کے سورج چاند ستارے

بھما شرما
1781، ہندوستان ٹائمس اپارٹمنٹ، میور وہار،
فیز-1، دہلی   موبائل: 9818258822

اس کی ننھی انگلیاں نصیحت پر کسی مشاق رقاصہ کی طرح تھرکتے ہوئے ایک دوسرے سے مقابلہ کرتی تھیں۔ کبھی پہلی انگلی آگے نکل جاتی تھی تو کبھی دوسری انگلی اسے پچھاڑ دیتی ہے۔

انہیں انگلیوں کے سہارے تو اس نے چاند اور تاروں کو اپنی الماری، فرج اور صوفے پر چپکا دیا تھا۔ یہ چاند ستارے اس کی بوا نے منگائے تھے۔ وہ انہیں کتاب سے پھاڑ کر جگہ جگہ چپکا دیتا تھا۔ رات میں دادا جی جب اٹھے تو لگا جیسے کمرے میں روشنی ہے۔ لائٹ تو بند تھی مگر کمرے کی الماری پر چپکائے اس کے ستارے روشنی بکھیر رہے تھے۔ وہ اندھیری رات میں چمکتے تھے۔ ان کے پیچھے پوشیدہ اس کا چہرہ اور ٹمٹماتی آنکھیں نظر آتی تھیں۔ چاند ستاروں کو ٹمٹماتے مہینوں گزر گئے۔ اسے گئے بھی کتنے دن ہو گئے لیکن لگتا ہی نہیں ہے وہ جا چکا ہے۔ اب بھی اس کی آوازیں گونجتی رہتی ہیں۔ لگتا ہے، بس یہیں، یہیں کہیں'

'آر یو مسنگ می بوا؟' اپنے گھر پہنچنے کے بعد اس نے اسکائپ پر پوچھا تھا۔

بوا نے اس کی اداسی دور کرنے کے لئے بہلانے کو کہہ دیا 'ہاں! میں تمہیں بہت یاد کرتی ہوں۔ ابھی میں پودوں کو پانی دے رہی تھی تو بہت یاد آئے۔ یاد ہے، ہم دونوں مل کر پودوں کو پانی دیتے تھے۔ تو پودوں کی پتیوں کو چھوتا تھا، پھول توڑنے کی کوشش کرتا تھا، میں منع کرتی تھی۔ ایک دن تو نے گلاب توڑ کر ہاتھ پیچھے کر لیا تھا۔ مجھے پتہ چل گیا تھا اور تو کتنی زور سے ہنسا تھا۔ تیری چالاکی پکڑی گئی تھی نا، شیطان کہیں کا۔ وہی پودے اب تجھے بہت یاد کر رہے ہیں۔ اکثر مجھ سے پوچھتے ہیں کہ ہمارا بے بی کب آئے گا؟ کیا اسے ہماری یاد نہیں آتی؟'

'کیا تم نے انہیں بتا دیا کہ میں چلا گیا؟ رو رہے تھے میری یاد میں؟ مگر بوا! انہیں کیا بتایا، میری بات کرا دو ان سے۔' اس نے آنکھیں پھیلا کر کہا۔

اس کے سورج چاند ستارے

مناظر حسین

اب کیا کرتی بوا؟ پودوں سے اس کی باتیں کیسے کرائے۔ اس نے اس کی بات ٹال کر کہا۔ 'ہر روز جب میں پانی دینے جاتی تھی تو تیرے بارے میں پوچھتے تھے، میں بہانا بنا دیتی تھی کہ میٹنگ ہے، جلد ہی ملنے آئے گا۔ ایک دن تو سب کے سب سسکیاں بھرنے لگے، کہنے لگے، بلاؤ، ابھی بلاؤ ہمارے بے بی کو۔ تب میں نے ان سے کہا تھا کہ سچی بات بتاؤں تو روئیں گے تو نہیں؟ انہوں نے وعدہ کیا کہ نہیں روئیں گے۔ تب میں نے انہیں بتا دیا کہ ہمارا بے بی تو بہت دور چلا گیا۔ اب تو بہت دن بعد آئے گا۔ پودے روئیں گے تو آخر انہیں چپ کون کرائے گا۔ ان کے تو ممی پاپا بھی یہاں نہیں رہتے۔ پھر پتہ چل گیا کہ تم بھی چلے گئے تو ان کو کتنا دکھ ہوگا۔ اس لئے میں نے ان سے عہد لے لیا کہ وہ روئیں گے نہیں۔' بوا نے اسے سمجھایا۔

لیکن ان کے ممی پاپا کہاں چلے گئے؟ کس کے ساتھ رہتے ہیں، وہ اپنے بچوں کو چھوڑ کر کیوں چلے گئے؟ انہیں اپنے پودوں کی یاد نہیں آتی؟ میرے ممی پاپا تو مجھے چھوڑ کر کہیں نہیں جاتے۔' اس نے ہاتھ میں پڑے ہوئے دانا سورج پر کچھ مروڑتے ہوئے کہا۔

اب بوا کیا جواب دے؟ کیسے بتائے کہ پودوں کے ممی پاپا کہاں رہتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کو چھوڑ کر کہاں چلے جاتے ہیں۔ ویسے بھی اس کے ہزاروں سوالوں میں کن کن سوالوں کا جواب دے سکتی ہے۔ کئی بار تو اس کے سوالوں کے جواب تو کسی کے پاس بھی نہیں ہوتے۔ اس لئے ان سوالوں کو بھلانے کے لئے اسے کسی دوسری بات میں الجھا دیا جاتا ہے۔ وہ ادھر سے چلا رہا تھا، 'بتاؤ بوا، بتاتی کیوں نہیں؟' بوا بہت دیر چپ رہی اور پھر کچھ دیر بعد سوچ کر بولی:

'جیسے کہ دادا دادی تمہارے پاس نہیں رہتے یا تم دادا دادی کے پاس، ویسے ہی پودوں کے ممی پاپا ان کے پاس نہیں رہتے۔'

'بٹ آئی لو مائی دادا جی اور دادی۔ میں تو روز

ان سے باتیں کرتا ہوں۔ کیا پودے بھی اپنے ممی پاپا سے روز اسکائپ پر باتیں کرتے ہیں، انہیں پیار کرتے ہیں۔' اس نے پوچھا۔

دو دن پہلے ہی تو اس نے یہاں بوا کی سالگرہ منائی تھی۔ اسی خوشی میں پورے گھر میں وہ چوکڑی مچاتا رہا تھا۔ گانوں پر ڈانس کر رہا تھا۔ اس کے ڈانس کا دادی نے ویڈیو بنایا تھا۔ بوا نے اپنے یوم پیدائش کے لئے جو کیک آن لائن آرڈر کیا تھا اس پر اسی کا نام لکھوایا تھا جیسے اسی کا برتھ ڈے ہو۔ اسی نے کیک کاٹا تھا اور خود ہی دیر تک تالیاں بجاتا رہا تھا۔

حالانکہ اس کی ماں کہہ رہی تھی۔ 'اس سے کیک مت کٹوایئے۔ دوسرے بچوں کی سالگرہ میں شرکت پر وہاں بھی سمجھتا ہے کہ اسی کا برتھ ڈے ہے، اسے ہی کیک کاٹنا ہے۔ ایک دو بار تو جس بچے کی سالگرہ تھی اسے ہی کیک نہیں کاٹنے دیا۔ بضد ہو گیا کہ کیک یہی کاٹے گا۔ بڑی شرمندگی اٹھانی پڑی تھی۔'

اس کے بعد دادی نے کہا تھا۔ 'ارے آج تو اسے ہی کاٹ لینے دو، دل ٹوٹ جائے گا بچارے کا۔ بڑا ہونے پر سب سیکھ جائے گا۔ ابھی سے سب کچھ بڑوں کی طرح کرنے لگے گا تو بچہ کس بات کا؟'

'لیکن اسے معلوم ہونا چاہئے کہ یہ ہر روز اپنا برتھ ڈے نہیں منا سکتا۔' اس کی ماں نے ناراضگی سے کہا۔

دیوار پر لگی گھنٹیاں بج رہی تھیں۔ اس کی آواز پورے گھر میں سنائی دے رہی تھی۔ دوسری طرف لٹکے ہوئے کپڑوں پر بیٹھی ہوئی چڑیاں بھی انہیں گھنٹیوں کی آواز پر اچھل کود میں مصروف تھیں۔ وہ کیک کاٹ رہا تھا اور گا بھی رہا تھا ہیپی برتھ ڈے ٹو یو ڈیئر بوا دوڑ دوڑ کر سب کے منہ پر کیک لگا رہا تھا۔ کوئی کھانے سے منع کرے تو ناراض ہو جائے۔ دادا دادی، بوا، اس کے ممی پاپا سب اسے دیکھ کر ہنس رہے تھے۔

دادا دادی اور بوا سب یہ نہیں سوچنا چاہتے تھے کہ کل اس وقت تک وہ کہیں سے کہیں اڑ کر جا چکا ہوگا۔ جس دن اسے آنا تھا، کہتا تھا کہ یہ رات جلدی کیوں نہیں گئی اور آج ایسا لگ رہا تھا کہ یہ رات کبھی ختم ہی نہ ہو۔ وہ کبھی یہاں سے نہ جائے۔ وہ اسی طرح ہنستا کھلکھلاتا، آنکھوں کے سامنے موجود رہے۔

سویرے جب سورج کی کرنیں بھی نہیں پھوٹی تھیں، آسمان کی ملگجی روشنی اس بات کا احساس دلا رہی تھی کہ صبح ہونے کو ہے، تبھی وہ ٹیکسی میں بیٹھ اور اپنے ماں باپ کے ساتھ چلا گیا۔ کوئی اس کے سامنے نہیں رویا تھا کیونکہ وہ پہلے ہی سے رونے کی تیاری کر رہا تھا۔ اس کی ماں کہہ رہی تھی کہ یہ بہت روتا ہے اور پھر بخار آ جاتا ہے۔ وہ بیمار نہ پڑ جائے اس لئے روانگی کے وقت دادی نے اس کی جانب دیکھا تک نہیں۔ کہیں وہ دیکھ نہ لے کہ دادی کی آنکھیں نم ہیں۔ بوا نے بھی منہ پھیر لیا تھا۔

ایسا لگتا ہے کہ جیسے ابھی بھی آنکھ ملتا ہوا وہ اٹھا تھا۔ باتھ روم میں گیا تھا، برش کیا تھا، ناشتہ کیا، سب کو پیار کرتا ہوا سیڑھیوں سے اترا تھا۔ پارک کی گھاس پر اب بھی اس کے پاؤں کی خوشبو موجود ہوگی۔ جن سڑکوں سے گزرا ہوگا وہاں بھی یادوں کی کچھ نہ کچھ علامت ضرور موجود ہوگی۔ ایئرپورٹ جیسے اب بھی ننھے پاؤں کی آہٹ سے بھرا ہوگا اور تھوڑی دیر میں دیکھتے دیکھتے وہ ہزاروں کلومیٹر کے فاصلے پر ہوگا۔

وہ چلا گیا ہے، احساس ہی نہیں ہوتا۔ لگتا ہے، عقب کے کمرے میں نیند کے دوران کوئی خواب دیکھ رہا ہے یا اسی چاند کے ساتھ اڑا جا رہا ہے جسے وہ اپنے بیگ میں ٹیبلیٹ کے ساتھ لے کر جانا چاہتا تھا۔

دو دن سے وہ سوال در سوال پوچھ رہا تھا۔ آپ سب چلیں گے نا میرے ساتھ۔ آخر کوئی تو اسے یقین دلائے کہ سب اس کے ساتھ چلیں گے۔ پھر اس کے پاپا نے سمجھایا تھا کہ ساتھ تو نہیں چلیں گے لیکن بعد میں ضرور آئیں گے۔

جب اس نے بھیگے گلے سے پوچھا تھا 'میری بوا بھی؟'

'ہاں، بوا بھی۔' اس کی ماں نے جواب دیا۔

لیکن اسے یقین نہیں ہوا تھا۔ وہ کسی نہ کسی بہانے سے رو رہا تھا۔ کبھی سبزی میں مرچ کی زیادتی پر تو کبھی ٹیبلیٹ میں گیم بدلنے پر۔ اس کی آنکھیں مسلسل نم تھیں۔

"تو تو ہی رک جا ناں یہاں؟" دادی نے اسے بہلانے کے لئے کہا تھا۔

'مگر مجھے اسکول جانا ہے، وہاں میرے دوست ہیں۔ میرا گھر بھی میرے بغیر کتنا اداس ہوگا۔ مجھے سوئمنگ، تائیکوانڈو اور پیانو سیکھنے بھی تو جانا ہے۔' اپنے جانے کی ہزار وجوہات گنا کر وہ دل رکھ رہا تھا۔

'مگر یہ بھی تو تیرا گھر ہے؟'

'نہیں، یہ تو آپ کا گھر ہے۔'

'مگر ہم بھی تو تیرے ہیں۔' دادی نے اسے بہلایا۔

جب اسے لگا کہ کوئی اس کے ساتھ نہیں جانا چاہتا پھر وہ خود میں کھو گیا۔ باتیں بند کر دیں۔ باتیں کرتا تو آنکھ مسلتا اور مسکراتا تو بالکل ہی چھوڑ دیا۔

اس کی ماں نے ہنستے ہوئے کہا تھا۔ 'اسے یہاں سب کا اٹینشن مل رہا ہے نا؟ لگ رہا ہے کہ جو اسے ڈانٹتے ہیں، انہیں بھی کوئی ڈانٹ سکتا ہے۔ دیکھا نہیں، کیسے آپ سب سے ہماری شکایتیں کرتا ہے۔ وہاں تو بچارہ ڈانٹا بھی جاتا ہے۔'

'اسے ڈانٹنے کا کیا مطلب؟' دادی نے غصے سے کہا۔

'سب ہر وقت سوالات پوچھ پوچھ کر جان کھا جاتا ہے۔ اس کے پاس جاننے کو بہت کچھ ہے۔ کان پک جاتے ہیں۔ اسی لئے ایک بار کہہ دیا کہ یہ دو

بولو گے تو زبان پیچھے مڑ جائے گی۔ اسی لئے جب زیادہ بولتا ہے تو شارٹ کرتے ہی چپ ہو جاتا ہے کہ کہیں زبان نہ مڑ جائے۔ آج کل کانوں کے بارے میں پوچھتا رہتا ہے کہ کہیں کان بھی تو غائب نہیں ہو جائیں گے۔ اس کی ماں نے کہا۔

'اس طرح ڈراؤ گے تو ڈر بیٹھ جائے گا اس کے دل میں، وہ سوال پوچھنے سے کیوں روکتے ہو؟ سوال پوچھنا اچھا ہے۔ کم سے کم پتہ تو چل جاتا ہے کہ اس کے اندر کیا چل رہا ہے!'

اس نے دادا کے لئے ایک کارڈ بنایا تھا 'گیٹ ویل سون' اس میں سفید کاغذ پر لال قلم سے دو تصاویر تھیں چھوٹی چھوٹی۔ ایک کے چشمہ لگا تھا اور مفلر بھی پہنے تھے یعنی دادا جی۔ دوسرا وہ خود تھا۔ اس کے اوپر ایک چھاتا سا بھی لگا تھا۔ ماں نے پوچھا تھا، یہ کیا ہے؟

'ڈریگن'

'لیکن، ڈریگن کیوں؟'

'دادا جی کی حفاظت کے لئے'

'اور تمہاری حفاظت کون کرے گا؟' پاپا نے ہنستے ہوئے کہا تھا۔

میرے ساتھ میں تو دادا جی ہیں۔ دادا جی کے ساتھ کوئی نہیں ہے یعنی کہ حفاظت کے لئے کوئی بڑا ہونا چاہئے۔

ٹیبلیٹ کے کی بورڈ پر طوفان کی رفتار سے بھاگتی ہوئی اس کی انگلیاں۔ وہ اپنا من پسند کارٹون ڈاؤنلوڈ کر لیتا۔ کچھ اچھا لگتا تو ٹائپ کر کے ممی پاپا اور بوا کو میسج کرتا۔

مٹی کے کھلونے، کپڑے کے، پلاسٹک کے یا چابی سے چلنے والے، ان کا تو شاید اس نے نام بھی نہ سنا ہوگا۔

اس کے پاپا کہہ رہے تھے 'نو، نو، میں تمہیں اپنا پاسورڈ نہیں بتاؤں گا۔'

مگر اسے معلوم ہے۔ کل اس نے پوچھا تھا کہ اس کا پاسورڈ بتاؤ۔ جب میں نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم تو اس نے فوراً پاسورڈ ٹائپ کرتے ہوئے کہا، دیکھو

'ارے وہ اس کی ماں کا۔ وہ بھی کیسے پتہ چلا کہ ایک دن اس کی ماں نے اپنی ممی کو زور سے بول کر اپنا پاسورڈ بتایا تھا اور اسے یاد ہو گیا۔' اس کے

ساقی فاروقی

'پاپ بیتی' ہو یا ان کی دوسری تخلیقات، ایسا ممکن ہی نہیں تھا کہ ساقی فاروقی کچھ لکھیں اور عالمی چیانے پر سرخیوں میں نہ آئیں۔ ساقی فاروقی کی ۸۲ویں سالگرہ کے موقع پر دسمبر ۲۰۱۸ کا 'نیا دور' ساقی فاروقی پر مبنی ہوگا جس میں **بیدار بخت، اسد محمد خان، مشرف عالم ذوقی، زمرد مغل** وغیرہ کے مضامین شامل ہوں گے۔

پاپا نے کہا۔

'ایک ہی بار میں یاد ہو گیا؟' دادی نے تعجب سے کہا۔

'ہاں، صرف یہی نہیں، اسے سب چیزیں یاد ہو جاتی ہیں بلکہ اگر ہم کچھ بھول جائیں تو ہمیں بھی یاد دلاتا ہے۔' اس کی ماں بتا رہی تھی۔

چھ سال کا بچہ، اس کے معصوم سوالوں پر تکنیک نے قبضہ جما لیا ہے۔ وہ ان میں اپنا حل تلاش کر رہا ہے۔ پل پل کبھی کسی چیز کو ڈاؤنلوڈ کر رہا ہے۔ کسی کو کوئی کہانی کاپی پیسٹ کر کے میسج کر رہا ہے۔ اس کی زندگی میں کہانی سنانے کے فن کی جگہ تکنیک کی اس نئی دنیا نے گھیر لی ہے۔

اس کے پاس ڈائنا سورس کا ذخیرہ ہے۔ وہ ذرا سی عمر میں سب جان گیا ہے۔ لگاتار پڑھتا رہتا ہے ٹیبلیٹ میں تلاش کر کے۔ جو سمجھ میں نہیں آتا، وہ پوچھتا ہے۔ کئی بار ڈائنا سور میوزیم میں جا کر صحیح جواب دے کر انعام بھی حاصل کر چکا ہے۔

جب پلاسٹک کے ڈائنا سور ٹوٹ جاتے ہیں تو اپنے گھر کے لان میں ایک گڑھا کھود کر اس میں گاڑ دیتا ہے۔ کیونکہ اسے لگتا ہے ان سے پیٹرول بنے گا جو گاڑیوں کے کام آئے گا۔ ایک بار اس کی ٹیچر نے پیٹرول کی کہانی بتائی تھی تو اس نے اسے اپنی کار سے جوڑ دیا ہے۔

جانے سے پہلے کئی رشتہ دار ملنے آتے ہیں، اس سے پوچھتے ہیں۔ 'تمہارا گھر کہاں ہے؟'

وہ انگلی سے اشارہ کر کے بتاتا ہے۔ 'میرے چار گھر ہیں۔ ان چاروں میں ایک ممی پاپا، ایک دادا دادی، ایک نانا نانی کا اور ایک اس کے ماما کا ہے پھر کچھ سوچ کر کہتا ہے۔ 'نٹ یو، آئی لو مائی دادی' پھر شرما کر ہنستا ہوا بھاگ جاتا ہے۔

اس کی ساری باتیں جیسے گھر کی چار دیواری میں قید ہیں۔ لگتا ہے کہ وہ ابھی آ کر کھڑا ہو جائے گا اور کہے گا۔ 'آؤ دادی کمپیوٹر گیم کھیلتے ہیں' اور دیر تک جیتنے کی خوشیاں منائے گا۔ ایک ایسی دنیا جہاں ہر پل صرف اور صرف جیتنے کی ریل پیل ہے۔ ایک معمولی سی شکست بھی ساری فتوحات پر کتنی حاوی ہے

□□□

پرل ایس بک

۱۸۹۲ — ۱۹۷۳

دوسری زندگی

پیر کی صبح ڈریک فاریسٹر معمول سے بھی زیادہ بے دلی کے ساتھ سو کر اٹھا۔ سنیچر اور اتوار کے روز اس کے ایجنٹ کا دفتر بند رہتا تھا، اس لیے دو دنوں تک وہ نہ تو کوئی سوال کر سکا اور نہ ہی جواب سن سکا۔ سوال ہمیشہ وہی رہتا اور جواب بھی۔ ''کچھ پتہ چلا مک؟''

''نہیں ڈریک، سوری، اب تک تو نہیں۔ میں نے چارہ تو کوئی جگہ رکھا ہے، تمہیں بتایا ہی تھا، مگر کوئی مچھلی نہیں پھنسی۔''

''نہیں پھنسی؟'' اگلے دو جملے بھی ہمیشہ وہی رہے۔

''شکریہ مک، اگر تھوڑی سی بھی امید۔۔۔؟''

''مجھے پتہ ہے اولڈ مین۔ میں پانچ منٹ میں تمہارے دروازے پر رہوں گا۔'' اگلے الفاظ جھکتے ہوئے بولے بھی جا سکتے تھے نہیں بھی۔ ''کیا میں تمہیں بتا دوں میں کہاں رہوں گا؟''

''نہیں، نہیں، ابھی ایسا موقع نہیں ملا ہے اولڈ مین۔'' وہ ایک تیسرے درجے کی عمارت میں اپنے ایک کمرے کے فلیٹ سے کہیں باہر نہیں جاتا تھا۔ بس کبھی گھومنے یا کسی سستے سے ریستوراں میں کھانا کھانے باہر جاتا تھا۔ وہ ختم ہو چکا تھا، بالکل ختم، شروعات کی امید بجھ چکی تھی۔ وہ سارے کردار جو اس نے نبھائے تھے، آخری ڈرامے میں قریب قریب ہیرو تک، اسے کہیں نہیں پہنچا سکے۔ وہ ابھی عمر دراز نہیں تھا۔ مشکل سے پینتالیس کا، لیکن کامیابی کا سنہرا موقع کبھی نہیں آیا۔ اسے جو مواقع ملے تھے اس نے ان سے فائدہ تو اٹھایا، مگر وہ بطور ہیرو پسند نہیں کیا جاتا تھا۔ ڈرامہ نگار اس کی عمر کے کرداروں میں زیادہ دلچسپی نہیں لے رہے تھے۔ وہ جوان، مضبوط، طاقتور کرداروں کو لے کر ڈرامے قلمبند کر رہے تھے۔

امریکہ کی مصنفہ جنہیں ۱۹۳۸ء میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ چونکہ اس نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ چین میں گزارا تھا اس لیے ان کی تحریروں میں چینی لوگوں کی زندگی کا عکس نظر آتا ہے۔ ان کی مشہور تصانیف میں دی گڈ ارتھ، دی مدر، دی پیٹریاٹ، وغیرہ شامل ہیں۔

پیش ہے پرل ایس بک کی کہانی ''دوسری زندگی'' جسے قاسم ندیم نے ترجمہ کیا ہے۔

بشکریہ ادارہ چینل

وہ ایسا نہیں تھا اور ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ وہ اپنے وقت کے باہر پیدا ہوا تھا، اپنے وقت سے بہت پہلے یا بہت بعد میں۔ پرانی دنیا کی تہذیب ختم ہو چکی تھی اور نئی مغربی تہذیب کی ابتدا نہیں ہوئی تھی۔ وہ یہی سب کچھ سوچ کر خود کو بری کرتا تھا۔ اس کے لیے کوئی جگہ نہیں تھی۔

خوش قسمتی سے اس نے شادی نہیں کی تھی، وہ اور سارہ انتظار کرنے پر راضی ہو گئے تھے۔ پھر سارہ نے کسی اور سے شادی کر لی جسے وہ نہیں جانتا تھا۔ وہ اسے کوئی الزام نہیں دیتا۔ پانچ سال بے حد طویل وقت ہوتا ہے اور اس کے بعد بھی سارہ کو کیا ملتا؟ برسوں پہلے تھا یہ سب، بارہ برس، تین مہینے، دو دن پہلے۔ اس نے سارہ کی تصویر بھی اخبارات میں نہیں دیکھی تھی، اس کے شوہر کے انتقال کے بعد، دو سال، چار مہینے، چھ دن۔ اس نے اسے کوئی چٹھی بھی نہیں لکھی۔

وہ بے دلی سے اٹھا اور اخبار لینے کے لیے دروازے تک آیا۔ فی الوقت بھی لمحات اس کے لیے آرام کے ہوتے تھے جب وہ اخبار لے کر اپنے گرم بستر میں گھس جاتا تھا۔ آج اس کا بستر خاص آرام دہ تھا۔ ٹھنڈی مسلسل ہوا آ رہی تھی۔ کھڑکی بند کرتے ہوئے اس نے دیکھا بارش ہو رہی تھی۔ کم از کم اس کے پاس کمرے اور بستر کا تو سہارا تھا اور وہ اتنا ہوشیار تو تھا کہ بھوکوں مرنے کی نوبت نہ آئے۔ ایک وقت کھانا اور کرایہ طے تھا۔ اس طرح احتیاط میں کوئی خوشی تو نہیں تھی مگر خراب موسم میں باہر نکلنے کی کوئی مجبوری بھی نہیں تھی۔ اس نے تکیے کی طرف والی دیوار کے پاس اخبار پھیلایا اور تھیٹر والا صفحہ پلٹ کر اسے غور سے پڑھا۔ کوئی خبر نہیں تھی۔ اس موسم کے بھی ناٹک جم چکے تھے اور اب گرمی کے تھیٹر میں ہی کچھ توقعات تھیں۔ اسے اس بارے میں مک پر زور دے کر بات کرنا ہوگی۔ مک لاپرواہ ہوتا جا رہا تھا، دوستی اور پرانی

کامیابی کے رواہوڈ سیے پڑتے جارہے تھے۔ پھر بھی وہ کسی اور ایجنٹ کے پاس جانے کی ہمت نہیں جٹا سکتا تھا، اگر کوئی اور اسے لے لیتا تب بھی۔ کم از کم اسے جانتا تو تھا۔ اسے یہ نہیں بتانا پڑتا کہ وہ کیا کام کر سکتا ہے۔

اسی پل پلستر اتری ہوئی دیوار پر پہلے سے بے ترتیب تی گر پڑی۔ اس نے غصے میں اخبار پھینک دیا اور پھر سمیٹنے لگا ہی تھا کہ چھپے ہوئے صفحات سے اسے اپنا نام بھی نظر آیا۔

"ڈریک فاریسٹر اپنے گھر میں مردہ پائے گئے۔"

یہ آخری صفحے پر ایک چھوٹی سی خبر شائع ہوئی تھی۔ وہ اسے کھڑکی کے پاس لے گیا اور اپنی ہی موت کی خبر پڑھنے لگا۔ "ڈریک فاریسٹر، اداکار اپنے بستر پر مردہ پائے گئے۔ انہیں لنف مین نے دیکھا جو اخبار پہنچانے آیا تھا۔ مسٹر فاریسٹر نے ابتدا میں مشہور براڈوے ڈراموں میں کام کیا تھا۔ انہیں ہالی ووڈ سے بھی کئی بار بلاوا آیا، مگر انہوں نے اسٹیج کو ہی فوقیت دی اور ہالی ووڈ کی دعوت کو ٹھکرا دیا۔ حالیہ برسوں میں ...." اخبار اس کے ہاتھ سے گر پڑا۔ وہ نک کو فون کرنے دوڑا۔ اس خبر کی تردید کرنا ضروری تھا۔ نک کو پریس میں خبر کرنی ہوگی، وہ اخبار والے کو نوٹس بھیجے گا۔ ادھر سے ہلکی سی آواز آئی: "کولس جین سن ایجنسی۔"

"او، ہاں!" اس نے ہمیشہ کی طرح پریشانی میں ہکلاتے ہوئے کہا: "کیا مسٹر جین سن ہیں؟"

"مسٹر جین سن آج نہیں آئیں گے۔"

"وہ کیا آپ کو پتہ ہے کہ وہ کہاں ہوں گے؟"

"وہ یہاں نہیں ہیں۔ وہ ایک اہم کلائنٹ کے ساتھ ایک ایجنڈا منانے گئے ہیں۔"

"او..." وہ ہچکچایا۔ اس ٹھنڈی آواز کے آگے کیا کیا جائے، یہ نہ سمجھ پاتے ہوئے اس نے فون رکھ دیا۔ ایک پل بعد وہ بستر میں تھا اور اس نے آنکھوں تک چادر اوڑھ لی تھی۔ اخبار زمین پر گر پڑا اور تنہائی میں ڈوب گیا۔ تے فکر تھی کہ یہ خبر سچ ہے یا نہیں؟ طویل عرصے سے کسی نے اس کی کھوج خبر نہیں لی۔ اس کی بہن کی برسوں سے کوئی خبر نہیں تھی۔ وہ شادی کے لیے ٹیکساس میں بس گئی تھی۔ اس کے والدین بیس سال قبل ہی چل بسے تھے۔ خدا کا شکر ہے تب یہ بھرم تھا کہ ان کا بیٹا بہت نامی گرامی انسان بننے والا ہے۔ تھیٹر نامی رنڈی تباہ کر دیتا ہے۔ اس کے باہر آپ کی کوئی زندگی نہیں ہوتی۔ اس لیے رشتہ دار، دوست احباب ایک ایک کر کے چھوٹ گئے۔ وہ مرہی تو گیا تھا۔

یہ مُردوں سی زندگی گزارنا بھی عجیب سا احساس پیدا کرتا تھا۔ حالانکہ وہ اپنے کمرے میں زندہ تھا، سانس لے رہا تھا، مگر وہ مر چکا تھا۔ اس کا ڈرامائی دماغ کام کر رہا تھا۔ اس نے کہانیاں پڑھی تھیں۔ اس موضوع پر ایک ڈرامہ بھی دیکھا تھا جب ایک شخص کے مرنے کا اعلان کر دیا گیا مگر اس نے ایک نئی اور مکمل آزاد زندگی شروع کی تھی، سارے قرض معاف ہو گئے تھے۔ ساری ناکامیاں دور ہو گئی تھیں۔ وہ بھی چاہے تو اپنی آزادی کا خیر مقدم کر سکتا ہے، وہ بالکل نیا کچھ کر سکتا ہے۔ نیا نام رکھ کر سب جان پہچان والوں سے دور جا سکتا ہے۔ اس نے خود کو دنیا بھر میں گھومتے دیکھا، ہر شہر میں ایک الگ انسان کی طرح، لندن، پیرس، وینس یا شکاگو اور سان فرانسسکو۔ کوئی مشکل درپیش نہیں تھی۔ وہ تھیٹر کے علاوہ اور کچھ نہیں کرنا چاہتا تھا۔ چاہے وہ کچھ بھی کرے، خاتمہ یہی ہوگا، اکیلے کمرے میں، ایجنٹ کام کھوجنے کی کوشش میں لگا ہوا۔ اور کیا کوئی ایجنٹ بنا کسی پہچان والے آدمی کے لیے کام تلاش کرے گا؟ کم از کم ڈریک فاریسٹر کبھی کچھ تھا تو! ایک یاد تو تھی۔ طویل عرصے سے وہ رویا نہیں تھا مگر آج اسے رونا آ گیا۔ چند آنسوؤں کے قطرے گرے، وہ بھی خود کے لیے نہیں بلکہ اس جیسے ہر کسی شخص کے لیے۔ وہ اکیلا تو نہیں اسی حالت میں۔ خود کو بھرم میں رکھنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ اس کے پاس تھوڑا سا بھر

قصیدہ خالص عربی صنف ہونے کے باوجود فارسی ادب میں زبردست مقبول ہوئی۔ فارسی میں رودکی، منوچہری، ناصر خسرو، خاقانی، انوری، شیخ سعدی اور عرفی شیرازی جیسے شعراء نے قصیدے کی مقبولیت کو دوبالا کر دیا۔ اردو ادب نے فارسی سے ہی قصیدہ کو مستعار لیا۔ محمد قلی قطب شاہ اور ولی دکنی نے اردو قصیدہ کی داغ بیل ڈالی۔ شمالی ہند میں سودا، مصحفی، انشا، مومن، ذوق، غالب اور اس کے بعد منیر شکوہ آبادی، امیر مینائی اور جلال لکھنوی جیسے شعراء نے قصیدہ گوئی میں اپنا نام پیدا کیا۔ دور حاضر میں گمان غالب ہے کہ یہ صنف بحرانی دور سے گزر رہی ہے حالانکہ کولکاتا، حیدرآباد، امروہہ، الہ آباد، فیض آباد، لکھنؤ اور بہار کے کچھ شہروں میں چند شعراء قصیدہ کی روایت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ اردو علم و ادب کے حلقوں میں قصیدہ کے تئیں نئی نسل کا رجحان کمیاب ہے۔ ادارہ نیا دور بہت جلد قصیدہ کے فن، روایت اور تاریخ پر ایک شمارہ شائع کرے گا۔ قلمی تعاون درکار ہے۔

(ایڈیٹر)

تھی تھوڑی سی صلاحیت، اچھا بدن اور خوبصورتی۔ ہاں، وہ خوبصورت تھا، اب بھی ہے۔ یہ سب چیزیں مل کر اسے اوسط سے کچھ اوپر لے آئے تھے۔ مگر یہ کافی نہیں تھا اور اس سے زیادہ حاصل کرنے کے لیے اتنا کافی نہیں ہوگا۔

بہتر ہے کہ مر ہی جاؤں؟ یہ آسان ہوگا۔ اس نے اس بارے میں سوچا تھا۔ ایک اکیلے ڈرامائی شخص کی طرح۔ کبھی اس طرح کا قدم اٹھانے کے بارے میں طے نہیں کیا تھا۔ مگر پھر بھی امکان تھا۔ روزانہ رات کو نیند کی گولیاں نگلتے وقت وہ سوچتا کہ موت اس کی ہتھیلیوں پر ہے۔ سفید سفید چھوٹی گولیاں دیکھتے ہوئے وہ اپنی مصنوعی صلاحیت کے ساتھ سوچتا۔ اگر وہ چاہے تو ایسا کر سکتا ہے۔

اب کسی اور نے اس کے لیے یہ سب کر دیا تھا۔ اس کے ہم نام شخص نے۔ اس نے اخبار اٹھایا اور دوبارہ پڑھا۔ اس کی موت کا کوئی سبب نہیں دیا گیا تھا۔ بس خبر دی گئی تھی اس کی پچھلی کامیابیوں اور آہستہ آہستہ اسٹیج سے دور ہونے کی وضاحت کی گئی تھی، یہ سب قابلِ اعتبار لگ رہا تھا۔ اگر ابھی وہ سچ مچ مر گیا تو اس کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ یہ گندہ سا کمرہ، بنک کے پیچھے مسلسل لگے رہنا، پچھلی پرانی فلمیں اور پرچے، یہ سب چھوٹی چھوٹی اور بیکار باتیں جو وہ زندہ رہ کر تو چھپا سکتا تھا مگر موت کے بعد یہ سب پتہ ظاہر ہو جائے گا۔ اسے تو شکر گزار ہونا چاہیے کہ کوئی اس کی جگہ اتنی اچھی طرح مر گیا ہے۔ انہوں نے پتہ بھیج دیا تھا، یہی عمارت، یہی سڑک۔

اس کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ پھیل گئی۔ اور اچانک اسے بھوک کا احساس ہوا۔ وہ اٹھے گا، کافی اور ٹوسٹ بنائے گا اور بنک کو کبھی فون نہیں کرے گا۔ وہ یہاں سے چلا جائے گا، کسی مغربی سمت نکل جائے گا۔ پھر یوں ہی ہالی ووڈ میں کوئی کام تلاش کر لے گا ہیٹ کے آس پاس۔ دیکھ بھال کرنے والے کا کام بھی۔ کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔ کیوں کہ اس کا نام مر چکا تھا۔

بستر کے پاس کی میز پر وہ کافی پی رہا تھا کہ فون بج اٹھا۔ وہ اٹھا اور کریڈل کان سے لگایا۔ ایک اجنبی آواز، سی تھ توں نے کہا: ''کون بول رہا ہے، پلیز؟'' اپنا نام اس کی زبان تک آیا، لیکن اس

نے قدرے توقف کے بعد کہا: ''آپ کو کون چاہیے؟''

''میں نے ابھی ابھی اخبار میں دیکھا۔ میں ڈریک فوریسٹر کو جانتی تھی، چند سال پہلے۔ ہم نے ایک ڈرامے میں ایک ساتھ کام کیا تھا۔ وہ بہترین اداکار تھا، میں اکثر سوچتی.......... اور اب وہ نہیں رہا۔'' وہ ہچکچایا اور پھر اسی بھاری آواز میں بول اٹھا: ''سوری میڈم، آپ کے پاس غلط نمبر ہے۔'' یہ کہہ کر اس نے فون رکھ دیا اور بستر پر بیٹھ گیا۔ لیکن یہ حیرت انگیز تھا وہ تھی۔ وہ خالی دیوار کو گھورتا آواز کو پہچاننے کی کوشش کرتا ہوا بیٹھا رہا۔ لیکن آواز یاد نہیں کر پایا۔ چلو کسی نے تو یاد رکھا۔ اسے خوشی ہوئی اور اس نے بارش کا حال دیکھنے کے لیے کھڑکی سے باہر دیکھا۔ موسم خوشگوار ہونے پر وہ گھومنے نکل جاتا۔ مگر اب بھی بارش ہو رہی تھی۔ وہ واپس بستر میں داخل ہوا ہی تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ وہ پھر اٹھا اور دروازہ کھولا۔ عمارت کا چپڑاسی پھولوں کا چھوٹا سا بکس لیے کھڑا تھا۔

''اوہ، شکریہ۔'' ڈریک نے کہا۔ ''ایک منٹ رکو۔'' اس نے کرسی پر رکھی پینٹ کی جیب سے ایک چیز نکالی اور اسے دی۔ ''شکریہ۔'' چپڑاسی نے کہا۔

دروازہ بند کر کے اس نے باکس کھولا۔ سفید گلاب اور اسنیپ ڈریگن تھے، ہرے فرن کے ساتھ۔ کارڈ پر تحریر تھا، بہترین دفاقت کی یاد میں، اور نیچے سات نام درج تھے۔ اسے وہ لوگ یاد تھے۔ 'ڈریڈ سرکل' ڈرامے میں ان لوگوں نے چھوٹے چھوٹے کردار ادا کیے تھے۔ اس سال یہ ڈرامہ ہٹ ثابت ہوا تھا۔ یہ تھریلر تھا اور وہ قتل کی گئی ہیروئن کا شوہر بنا تھا۔ مگر اس ڈرامے کا ہیرو عاشق تھا، شوہر نہیں۔ پھر بھی اچھا چلا تھا ڈرامہ اور اس نے وہ پیسے سارہ سے شادی کرنے کے لیے جمع کیے تھے۔ لیکن اسی سال سارہ نے ہیرس بیچ سے شادی کر لی تھی۔ اب اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر وہ کامیاب ہوتا تو اس نے بھی کسی سے شادی کر لی ہوتی۔

اس نے پھولوں کو ان کی ٹوکری میں ڈالا اور پانی بھر کر کھڑکی میں رکھ دیا۔ اس نے پھر سونے کی بجائے باہر جانے کا فیصلہ کیا۔ یہ اپریل تھا اور آسمان صاف ہو رہا تھا۔ اس نے شاور لیا اور سلیقے سے کپڑے زیب تن کیے۔ جب تک سڑک پر آیا بادل چھٹ رہے تھے

اور نیلا آسمان بیچ بیچ سے جھانک رہا تھا۔ وہ ہمیشہ کی طرح چھ بلاک گھوما اور چونکہ کوئی اسے نام سے نہیں جانتا تھا، اس لیے کوئی حیرت زدہ بھی نہیں ہوا۔ اس نے ایک ڈرامے سے متعلق میگزین خریدا۔ اور سوچا کہ پارک میں بیٹھنے کے لیے موسم خنک ہے یا نہیں۔ اس نے محسوس کیا کہ موسم زیادہ سرد ہے اس لیے وہ واپس کمرے میں چلا آیا۔ ٹک کو فون نہیں کرنے سے اس کے پاس کام نہیں تھا مگر اس نے فون نہ کرنے کا ارادہ کرلیا۔ جب وقت آئے گا سوچا جائے گا کہ کہاں جانا ہے، یا پھر وہ کہیں نہیں جائے گا۔ جب وہ کمرے میں آیا تو دروازے میں ایک لفافہ اٹکا ہوا تھا۔ یہ ٹک کا تار تھا: "خدا کے لیے مجھے فون کرو۔ گھنٹوں سے تمہیں فون کر رہا ہوں۔ شہر سے ابھی پچھلی ہی ٹرین سے لوٹ آیا ہوں۔"

وہ بیٹھ گیا۔ ہیٹ اب بھی اس کے سر پر تھا۔ اس کا کیا مطلب تھا، ٹک کو اس کے مرنے کا یقین تھا یا نہیں؟ شاید اس نے خبر دیکھی ہو اور بھروسہ نہ کیا ہو۔ یا پھر ٹک کو لگا کہ اس کے ساتھ کوئی رہتا ہوگا۔ اس نے ٹک کو کبھی اپنے رہنے کے ڈھنگ کے بارے میں نہیں بتایا تھا۔ ٹک کو لگتا تھا کہ اس کی کوئی محبوبہ اس کے ساتھ رہتی ہے۔ اس نے تار بغل میں پھولوں کے گلدان کے پاس رکھ دیا اور باہر چلا گیا۔ پارک کی بینچ پر اس نے پورا میگزین پڑھ ڈالا۔ پھر وہ دوسرے لوگوں کو دیکھتا، کچھ سوچتا بیٹھا رہا۔ کچھ لوگوں کو اس نے پہچانا۔ اسے لگا کہ وہ لوگ بھی اسے پہچان رہے ہوں گے۔ لیکن ان کی کبھی بات چیت نہیں ہوئی تھی۔ دوپہر کا وقت ہو رہا تھا اور اس نے کسی ریستوران میں کھانا کھانے کا ارادہ کیا۔ پھر وہاں جا کر کمرے میں سونا۔ وہ اپنے ہی احساسات کی بے ترتیبی سے تھک گیا تھا۔ مرجانا بھی ایک قسم کا تجربہ ہے، وہ مسکرایا۔

پرانی عمارت میں داخل ہوتے وقت چوکیدار بولا: "آپ کی سالگرہ وغیرہ ہے کیا؟" اس نے کہا۔ "آپ باہر تھے تو دو گلدستے اور تین تار آئے ہیں۔"

"آج میری برسی ہے۔" ڈریک نے

تحلیل ہوئے بن کے دھواں شہر میں ایسے
ہم پھر نہ گئے گاؤں، کبھی گھر نہیں دیکھا

معروف ادیب، شاعر، نقاد اور صحافی **فضیل جعفری** بھی نہیں رہے۔ ان کا شمار اردو کے نمائندہ دانشوروں میں ہوتا تھا۔ ان کی غیر ادبی تحریریں بھی ادبی ذوق وشوق سے پڑھی جاتی تھیں۔ ادارہ 'نیا دور' جلد ہی فضیل جعفری کی **ادبی خدمات** پر ایک شمارہ معنون کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس میں **اسرار گاندھی، علی احمد فاطمی** وغیرہ کے مضامین شامل رہیں گے

کہا اور دوسرا ڈالر نکال کر چوکیدار کو دیا۔ گلدستے اٹھائے ہوئے اس نے تار جیب میں رکھے اور اوپر چڑھ گیا۔ یہ سب عجیب سا ہوتا جا رہا تھا۔ اس کا کمرہ پھولوں سے بھر گیا، ڈرامے کے تار۔ یہ تو واپس تھیٹر کے ڈریسنگ روم میں ہونے جیسا تھا۔ موت کی خبر پڑھ کر وہ خوش ہی ہوا تھا۔ اس نے خود کو پوری طرح بھلا دیا گیا سمجھا تھا۔ اسے معلوم ہوا کہ ایسا نہیں ہے۔ اس نے پھولوں کو گلدان میں رکھ دیا۔ پیلے گلاب اور سفید اسپائریا۔ اس کے پچھلے ڈرامے کے ہدایت کار کی طرف سے۔ تار اس کے دوسرے ڈراموں کے اداکاروں نے روانہ کیے تھے اور ایک تار بنک کے آفس میں کام کرنے والی لڑکی کا تھا۔

ڈریک کو معلوم تھا کہ وہ اس کے خواب دیکھتی ہے مگر ان دنوں وہ سارہ کی بے وفائی سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ کارڈ ہاتھ سے لکھا تھا: 'پیاری و خوشنما یادیں لوٹیں۔' وہ اسے ہمیشہ مس سوزین پکارا کرتا تھا۔

کمرہ اچھا لگنے لگا تھا۔ اس نے بستر نہیں بچھایا۔ اکثر وہ اسے ایسے ہی چھوڑ دیتا تھا اور واپس لیٹ جاتا تھا۔ مگر آج اس نے اچھی طرح بستر سمیٹا۔ ایک پرانے رومال سے میز، الماری اور کھڑکی جھاڑی۔ کچھ سوچنے کے بعد اس نے پیلے گلاب اور اسپائریا نکال کر ایک دوسری بوتل میں الماری پر رکھ دیے۔

پھر فون بجنے لگا اور اتنا بجا کہ یا تو اسے باہر جانا پڑتا یا اٹھانا پڑتا۔ اس نے اطمینان سے فون اٹھایا آواز بدل کر بولا: "ہیلو" مگر یہ ٹک نہیں تھا، یہ کسی خاتون کی آواز تھی جو بے حد نرم و سریلی تھی۔ "ہیلو، کیا ڈریک لارینس یہیں رہتے تھے؟"

"ہاں۔" اس نے جواب دیا۔ پھر اس نے آواز پہچان لی۔ اس کا دل بری طرح دھڑکا۔ یہ سارہ تھی۔ اس کی آواز آج تک بھی ان سبھی آوازوں میں سب سے پیاری تھی۔

"میں نے ابھی ابھی یہ دکھ بھری خبر پڑھی۔" سریلی آواز آئی۔

"کیا آپ بتا سکتے ہیں اس کی سروس کہاں ہوں گی؟ میں اسے برسوں پہلے جانتی تھی۔ میں اسے

بہت پیار کرتی تھی۔ اب بھی کرتی ہوں، مگر اب میں اسے کبھی نہیں بتا سکوں گی۔"

وہ کچھ کہہ نہیں سکا۔ کہتا بھی کیا؟ پھر بے وقوفوں کی طرح چند الفاظ اس کے منہ سے نکلے، "آپ نے اسے بتایا کیوں نہیں؟"

ادھر سارہ حیرت زدہ تھی، "کیا آپ اس کے دوست ہیں؟"

"ایک طرح سے دوست ہی ہوں۔ اس نے مجھے آپ کے بارے میں بتایا تھا۔"

"وہ سچ مچ؟ تو وہ مجھے بھولا نہیں تھا؟"

"کبھی نہیں۔"

دونوں واقعات سے حیرت زدہ تھے۔ کیا یہ نیا جال تھا جس میں وہ خود ہی پھنستا جا رہا تھا۔

"دو کیا آپ آ کر مجھے اس کے بارے میں بتائیں گے۔" اس نے درخواست کی۔

"آپ کہاں ہیں؟"

سارہ نے کافی دور دراز سڑک کا نمبر بتایا۔ جہاں وہ تھا وہاں سے بڑی دوری پر۔ "مجھے پتہ نہیں کب۔۔۔" اس نے شروع کیا۔

"نہیں، آپ ابھی آ جائیے۔" سارہ نے پھر درخواست کی، "مجھے اس کے بارے میں سب کچھ جاننے کا تجسس ہے۔ تب میں آپ کو بتا سکوں گی کہ کیوں۔۔۔ دراصل میں نے اسے کھو دیا۔ جب میرے شوہر نہیں رہے تو مجھے پتہ نہیں چلا، میں اسے کہاں تلاش کروں؟ اخباروں میں بھی اس کا نام نہیں آتا تھا۔ آج میں نے خبر پڑھی تو مجھے لگا کہ میں ہمیشہ سے اسے تلاش کرنا چاہتی تھی۔ مجھے لگتا ہے میں بس سوچتی رہ گئی۔"

"میں آؤں گا۔" اس نے وعدہ کیا۔ اس نے فون رکھ دیا۔ پتہ نہیں یہ وعدہ پورا کرے گا یا توڑ دے گا۔ مگر اسے اب سارہ کا ٹھکانہ مل گیا تھا تو آج نہیں تو کل، اسے معلوم تھا کہ وہ اس کی دہلیز پر کھڑا ہوگا۔ گھنٹی بجاتے ہوئے، اپنی شناخت کا انتظار کرتے ہوئے۔ وہ دوبارہ زندہ ہو گیا تھا۔

فون پھر بج اٹھا اور پھر سے سارہ کے ہونے کی

نیا دور کے مختلف نمبر کتابی شکل میں

'نیا دور' نے گزشتہ برسوں میں کئی اہم اور دستاویزی نمبر شائع کیے ہیں۔ انہیں میں سے 'اودھ نمبر، محمد علی جوہر نمبر اور مجاز نمبر' بھی شامل ہے۔ پہلے اسے الگ الگ شائع کیا گیا تھا لیکن اب اسے ایک کتابی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔ ادب و تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے جو قارئین کرام اسے خریدنا چاہتے ہیں، وہ نیا دور سے براہ راست یا بذریعہ ای میل رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ اس کی قیمت ۲۰۰ روپے ایڈوانس دینی ہوگی اور اسے منگوانے کیلئے ڈاک یا کوریئر پر آنے والا خرچ ۵۰ روپے ملا کر کل قیمت ۲۵۰ روپے خریدار کے ذمہ واجب الادا ہوگی۔

ایڈیٹر ماہنامہ 'نیا دور'

امید میں اس نے فون کا ریسیور اٹھا لیا اور پکڑا گیا۔

"ہیلو۔۔۔" اس نے بڑی بے تابی سے کہا۔

یہ نک تھا، حیران پریشان۔ "یہ کیا بے وقوفوں کی حرکت ہے۔ کہاں ہو تم صبح سے؟ مجھے معلوم ہے تم زندہ ہو؟"

"تمہیں کیسے معلوم تھا؟" اس نے جاننا چاہا۔ اسے کچھ برا لگا۔ کیونکہ نک کو لگا کہ اس میں اتنی ہمت نہیں، "تھوڑی دیر کے لیے مجھے لگا یہ سب سچ ہے، جھوٹے کہیں کے!" نک نے کہا، "پھر میں نے خبر دوبارہ پڑھی اور دیکھا کہ وہ تم نہیں ہو۔ وہ تمہیں پچپن سال کا بتا رہے تھے۔ تم نے دیکھی نہیں؟"

"نہیں۔" ڈاریک نے کہا۔

"تمہیں کبھی تاریخیں یاد نہیں رہتیں۔" نک نے جلدی سے کہا، "انہوں نے تمہاری تاریخ پیدائش ۱۸۹۰ لکھی ہے۔ مجھے معلوم تھا کہ یہ سچ نہیں ہے۔ میں نے تمہارے لیے اتنی تشہیر کا کام کیا ہے۔ اخبار اسے کل درست کر دے گا۔ میں صبح سے ہی بے حد مصروف رہا ہوں۔ لگتا ہے دو دنیا میں کوئی اور تمہارا ہم نام بھی تھا۔ اخبار والوں نے سب غلط ملط کر دیا ہے۔ اس سے سب گڑبڑ ہو گئی ہے۔ خیر اس سے تمہیں فائدہ ہی ہوا ہے۔ تمہیں ایک کردار مل گیا ہے۔"

"کردار؟"

"ہاں، اچھا خاصہ کردار۔ ویسے کوئی اسٹار والا رول تو نہیں ہے مگر ڈرامہ اچھا ہے۔ 'ساؤتھ سائڈ آف ڈاون' پچھلے گرمیوں میں پھر برا دوے۔ پروڈیوسر نے کہا کہ وہ تمہیں جانتا تھا۔ اس نے مجھے فون کیا تھا اور کہا کہ اگر اسے اتا پتہ معلوم ہوتا تو وہ تمہیں ضرور کام دیتا۔ میں نے اس سے کہا کہ مجھے کچھ وقت دو۔ تم سیدھے یہاں چلے آؤ ڈاریک! اور میں کنٹریکٹ تیار رکھوں گا۔ ہم سب کچھ درست کر لیں گے۔ اب میں پھر چیزوں پر دھول جمنے نہیں دوں گا۔"

ڈاریک طے نہیں کر پا رہا تھا۔ وہ ایک ساتھ دو جگہوں پر نہیں جا سکتا تھا۔ یا تو وہ پہلے سارہ کے پاس جاتا یا نک کے پاس۔ اس کا ڈرامائی تخیل پھر سے زندہ ہو گیا تھا۔ اس نے خود کو سارہ کے ہال میں پھر

دیوان خانے میں انتظار کرتے ہوئے دیکھا۔ پھر سیڑھیوں سے اترتی ہوئی سارہ، ہمیشہ سے ہی خوبصورت۔ وہ بالکل خاموش کھڑا رہے گا۔ انکار کرتے ہوئے، پھر وہ چلانے گی، ''اوہ، ڈیریک ڈارلنگ۔ لیکن یہ سب کیسے؟''

''کوئی اور مرا ہے سارہ، میں نہیں۔''

اس نے بوسہ لینے کے لیے آنکھیں موندیں اور نازک لب یاد کیے۔ سارہ بے حد نازک تھی۔ شہد بھرے لب تھے اس کے۔

''ارے تم سو گئے ہو کیا؟'' بلیک اس کے کان میں چلایا۔

''میں ابھی نہیں آسکتا بلیک۔ مجھے بہت ضروری کام ہے۔''

''یہ کام ہے؟'' بلیک نے چیختے ہوئے کہا۔ ''کنٹریکٹ سے زیادہ کیا ضروری ہے؟''

''ہے کام، بے حد ضروری۔'' ڈیریک نے اسے چھیڑتے ہوئے کہا، ''لیکن کنٹریکٹ بنا کر رکھو بلیک۔ میں وہاں آؤں گا کسی بھی وقت۔ آج، کل یا کسی اور دن۔'' اس نے فون رکھ دیا اور کھویا سا کھڑا رہا۔ وہ آج وہاں جائے گا۔ جب وہ اور سارہ صوفے پر بیٹھ جائیں گے اور ایک دوسرے کا بوسہ لیں گے۔ کھانا کھائیں گے اور ایک دوسرے کو جب ساری باتیں بتائیں گے تب وہ گھڑی کی جانب دیکھے گا اور چلا جائے گا۔

''اوہ خدا، ڈارلنگ، مجھے آج کسی سے ملنا ہے۔ میں بھول ہی گیا تھا۔ تمہاری وجہ سے میں سب کچھ بھول جاؤں گا۔''

''کوئی ڈرامہ ہے ڈیریک؟''

''ہاں، ساؤتھ سائڈ آف دی مون۔ نیا ہے، اچھا لگتا ہے۔''

''جلدی آنا۔'' وہ یہی کہے گی۔ ''مجھے تم پر فخر ہے ڈیریک۔'' یہی کہے گی وہ۔

''میں جلدی آجاؤں گا۔'' وہ وعدہ کرے گا۔ ''ہم ساتھ ہی کھانا کھائیں گے۔ اچھا؟ پھر ہم بیٹھ کر کچھ سوچیں گے۔''

''میں تمہارا انتظار کروں گی۔'' یہی ہے کی وہ اپنی میٹھی آواز میں۔ یہ آواز پہلے سے بھی زیادہ شہد بھری تھی۔ وہ تیار ہوتے ہوئے کمرے میں ادھر ادھر گھوم رہا تھا۔ اس کے پاس ایک نئی قمیض تھی۔ وہ ہمیشہ ایک نئی قمیض رکھتا تھا۔ کیا پتہ کسی ہدایت کار سے اسے ملاقات کرنی پڑے۔ پھر اس نے شاور لیا اور داڑھی بنائی۔ پھر نئی قمیض اور اچھا سا سوٹ۔ وہ ہمیشہ ایک اچھا سا سوٹ رکھتا تھا۔ پھر اس نے کچھ سوچا۔ اس کے لیے کچھ لے جانا چاہیے۔ اس نے کمرے کے چاروں طرف دیکھا۔ شاید کوئی کام کی چیز، کتاب یا تحفہ، تلاش کرے گا تاکہ بطور نشانی دی جا سکے۔ پھر وہ چٹکی بجاتے ہوئے بولا، ''پھول اور کیا؟'' اس نے سارے پھول سمیٹے۔ ایک باکس نکالا۔ سارے پھول اس میں ڈالے اور بڑی احتیاط سے ڈوری باندھی۔ پھر اس نے الماری کھولی اور کھڑی نکالی پتلی بید کی چھڑی جس کے اوپر قلمی ہاتھی دانت کی نقاشی تھی۔ یہ چھڑی اس نے اس ڈرامے کے لیے خریدی تھی جس میں وہ شوہر بنا تھا۔

شیشے کے پاس رکتے ہوئے اس نے ایسے شخص کو دیکھا جسے اس نے ایک طویل عرصے سے نہیں دیکھا تھا۔ دراز قد، دبلا پتلا شخص۔ جس کا زرد چہرہ زندگی سے معمور تھا۔ چہرے پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ جس کی گہری آنکھیں چمک رہی تھیں۔ معصوم سا شخص۔ وہ اپنا عکس دیکھ کر مسکرایا۔ اس دوسرے جسم پر بے حد خوش۔ وہ جس قدر پہلے مر چکا تھا اس کے مقابلے یہ برا نہیں تھا۔ ''نیک خواہشات'' اس نے خوشی و انبساط سے دمکتے چہرے سے کہا اور ہیٹ سر پر رکھتے ہوئے اسے ذرا ترچھا کیا اور کمرے سے باہر نکل گیا۔

□□□

واسد یسوی

کنوینر سندھی صحافتی کمیٹی، واحد آباد

لاٹری

دن اچھا نکلا۔

کئی تاجروں سے وصولی ہوئی۔ کم سے کم دو لاکھ روپے تو نقد ہوں گے۔ پچاس ہزار کے چیک ہیں، کیش ہوجائیں گے۔ انہیں بھی نقد ہی ماننا چاہئے۔ نوٹ اور چیک۔ احتیاط سے ایک بڑے لفافے میں رکھ کر پن لگادی۔ رقم اتنی بڑی مگر لفافہ کتنا چھوٹا ہے! بڑے نوٹ چھاپ کر حکومت نے بہت اچھا کیا۔ کتنی سہولت ہوگئی ہے۔

تھیلی کے بڑے تھیلے (بیگ) میں نوٹوں والا لفافہ ڈالتا ہوں۔ اندر سے ہینکی نکال کر چہرے سے پسینہ خشک کرتا ہوں۔ بہت گرمی ہے۔ ہینکی واپس رکھ کر بیگ کی زپ لگادیتا ہوں۔ اب پاپا کو یقین آئے گا کہ میں بھی کچھ کرسکتا ہوں۔ میں زیادہ تعلیم نہیں حاصل کرسکا۔ دل ہی نہیں لگتا تھا۔ دوسری طرف میری ضد تھی کہ میں بزنس کروں گا۔ نہیں کرنی ہے مجھے ملازمت، کسی کی غلامی۔

'بزنس کے لئے روپے چاہئے۔ کہاں ہے ہمارے پاس؟'

'پاپا! آپ تو بس مجھے کہیں سے تین لاکھ کا انتظام کردیں۔ باقی میں خود کرلوں گا۔'

'پاپا نے تمام عمر کپڑے کی دکان پر نوکری کی تھی۔ بڑی مشکل سے گھر چلاتے تھے۔ تین لاکھ کہاں سے لاتے۔ میں بھی ضد پر اڑا رہا کہ کروں گا تو بزنس کروں گا، نہیں تو گھر بیٹھ کر روٹیاں کھاؤں گا۔ لاڈلا، اکلوتا بیٹا ہوں اس لئے ممی کچھ زیادہ ہی دھیان رکھتی ہیں۔ روٹی پر بھی زیادہ چپڑتی ہیں۔ وہ میرے ساتھ ہیں۔'

آخر پاپا نے ہمت کی۔ ایک پرانے دوست سے بات کی۔ دوست نے کم سود پر دو لاکھ روپے دے دئے۔ ممی نے اپنے زیورات نکالے۔

'میں ابتدا میں تھوڑا سہم گیا۔ بزنس میں نقصان بھی تو ہوسکتا ہے۔ مگر پاپا نے حوصلہ دیا۔ اب جب سوچ لیا ہے تو آگے بڑھو۔ جھولے لال کی مہربانی سے سب اچھا ہوگا۔'

> سندھی زبان کے مشہور ادیب **واسد یوسف علی** [illegible]
>
> [illegible]
>
> — [illegible] **ڈاکٹر بانو سرتاج** [illegible]

زیورات فروخت ہونے پر چھیاسٹھ ہزار روپے ہاتھ آئے۔ کچھ نقد، کچھ ادھار پر مال اٹھالیا۔ ہوزری دکان شروع، شرٹ کا بزنس بھی کافی دلچسپ بھی ہے اور کمائی والا بھی۔ ہاں ادھاری زیادہ دینی پڑتی ہے، کاریگروں سے ماتھا پچی بھی کرنی پڑتی ہے تو پیکنگ کرنے والوں کے نخرے بھی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

آج پہلی مرتبہ وصولی کے لئے نکلا تھا۔ اچھی وصولی ہوئی ہے۔ آرڈر بھی بہت ملے ہیں۔ گیسٹ ہاؤس کا رخ کرتا ہوں۔ وڈودرہ میں ہوٹل بہت مہنگے ہیں۔ ایک دن ایسا بھی آئے گا جب میں فائیو اسٹار ہوٹل میں قیام کروں گا۔ وصولی کرنے کے لئے نہیں، وصولی تو میرے ملازم کریں گے۔ میں صرف گاہکوں سے ڈیل کرنے کے لئے آؤں گا۔ میرے برانڈ کی شرٹ کیسی لگتی ہیں؟ کپڑا کیسا لگتا ہے؟ میرے برانڈ کو گراہک کتنا پسند کرتے ہیں؟ دوسرے بزنس والوں کے مقابلہ میں میری شرٹس کی مانگ کتنی ہے؟ وہ کیا کہتے ہیں انگریزی میں، ہاں، مارکیٹ سروے کرنے کے لئے آؤں گا۔ پھر تمام عمر ہی آلتو فالتو سستی شرٹس تھوڑے ہی بنواتا رہوں گا میں! بڑا مینوفیکچر کہتے ہیں نا، وہ بنوں گا۔ پاپا سچ کہتے ہیں۔ نانچ ضروری ہے، سب کچھ ملے گا۔ میں بڑی گارمنٹ فیکٹری لگاؤں گا۔ ممی بےحد خوش ہوں گی۔ ان کے لئے بیس بیس ہزار روپے کی بنارسی ساڑیاں خریدوں گا۔

بھوک لگی ہے۔ گیسٹ ہاؤس سے کچھ پہلے رکشہ سے اتر جاتا ہوں۔ اندھیرا ہونے لگا ہے۔ سڑک کے کنارے ایک نوجوان لڑکی نے اسٹال لگا رکھا ہے۔ آملیٹ بنا کر گراہکوں کو دیتی نظر آرہی ہے۔ چائے بنا کر بھی پلا رہی ہے۔ کمال کی پھرتیلی ہے۔ تیکھے نین نقش، بڑی بڑی کالی آنکھیں، رنگ اجلا، سب کچھ اجلا اجلا لگ رہا ہے۔ سوچتا ہوں، یہیں کچھ کھالوں۔ گیسٹ ہاؤس والے تو لوٹتے ہیں۔ چائے کے ہی تیس روپے لے لیں گے۔ لڑکی کے ریستوران میں لوگوں کی بھیڑ

ہے۔ ایک چھوٹے چبوترے پر اسٹوو رکھا ہے۔ اسٹوو پر توا ہے۔ توے پر چمچ سے تیل ڈال کر، انڈا پھوڑ، پھینٹ کر نمک مرچ ڈال کر وہ توے پر پھیلا دیتی ہے۔ جلدی جلدی آملیٹ بنانے کے ساتھ توے کے ایک کونے میں سینکنے کے لیے بریڈ سلائس بھی رکھ دیتی ہے۔ پھر وہیں کے وہیں آملیٹ سینڈوچ بناتے ہوئے بیچ میں چائے کی پتیلی اسٹوو پر رکھ دیتی ہے۔ اس کی پھرتی چستی دیکھ کر میں حیرت زدہ ہوں۔ یہ سوچ کر کہ وہ پہلے آئے گراہکوں کو نپٹا دے تب میں آگے بڑھوں گا۔ ایک طرف کھڑا ہو جاتا ہوں۔ لڑکی کی پشت کی طرف دیوار پر چھوٹے سے بورڈ پر اندھیرے کے باوجود ریٹ لسٹ صاف نظر آ رہی ہے۔ ایک انڈے کا آملیٹ اور دو سلائس، دو انڈوں کا آملیٹ اور سلائس۔ توسٹ تیل میں، توسٹ مکھن میں، چائے، میں رک جاتا ہوں۔ پوری فہرست نہیں پڑھتا۔ بے وقوف ہوں، میں نے چائے گیسٹ ہاؤس میں کیوں پی؟

کرم جلی، او کرم جلی! اچانک اسٹال کے پیچھے سے ایک کرخت آواز آئی۔

"ابھی آئی" لڑکی نے اونچی آواز میں جواب دیا۔ اس کا رسپانس اتنا فطری تھا جیسے کرم جلی ہی اس کا نام ہو اور وہ اس سے مانوس ہو۔ اس نے اسٹوو کی لو دھیمی کی، آنکھوں ہی آنکھوں میں گراہکوں سے اجازت طلب کی اور چبوترے سے تنگ گلی میں چلی گئی۔ جلدی ہی وہ لوٹ آئی۔ شاید بیمار ماں کی کوئی فوری ضرورت رفع کروانے گئی تھی۔ لوٹ کر اس نے پہلے مٹی کے تیل کا چراغ جلایا۔ اندھیرے میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔

گراہک اب کم ہو گئے ہیں۔ میں بیٹھنے کی جگہ کی تلاش میں نظریں گھماتا ہوں۔ ایک جگہ دو پتلی پٹیاں ڈال کر بیٹھنے کی جگہ بنائی ہوئی نظر آئی۔ ایک گراہک وہاں پہلے ہی سے بیٹھا ہے۔ چبوترے کے پاس ہی اس جگہ پر میں بھی بیٹھ جاتا ہوں۔ مگر پٹیوں کی چوڑائی کم ہونے سے گرتے گرتے بچ جاتا ہوں۔ دیوار کا سہارا نہ ہوتا تو گر ہی جاتا۔ سنبھل کر بیٹھتا ہوں اور بیگ احتیاط سے گود میں رکھ لیتا ہوں۔ لڑکی میری طرف دیکھتی ہے۔

ایک انڈے کا آملیٹ، دو سلائس اور چائے۔

چار گراہک جو ایک ساتھ تھے پیسے دے کر جاتے ہیں۔ پتلی پٹی پر بیٹھا گراہک بھی کھڑا ہو جاتا ہے۔ میں بیگ پٹی پر رکھ کر زپ کھولتا ہوں اور نیپکن نکالتا ہوں۔ بیگ گر جاتا ہے۔ میں اسے اٹھا کر پھر پٹی پر رکھتا ہوں۔ نیپکن سے پسینہ پونچھ کر اندر رکھتا ہوں اور زپ بند کر دیتا ہوں۔

لڑکی توے پر انڈے پھیلا رہی ہے۔ پھر وہ چبوترے پر رکھی ہوئی جھوٹی پلیٹیں اٹھا کر پانی سے بھرے ٹب میں ڈالتی ہے۔ میرے ساتھ بیٹھا گراہک پیسے دے کر جاتا ہے۔

"مغرب کی نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ میں چلتی ہوں۔" گلی سے کسی مرد کی آواز آتی ہے۔

"ایک وقت کی نماز نہ پڑھنے سے تمہاری جنت خطرے میں نہیں پڑ جائے گی۔ اس سے بہتر ہے کہ جا کر میری دوا خرید لاؤ۔ میں مر رہی ہوں۔"

یہ آواز گلی کے اندر سے آرہی تھی۔ آواز اسی عورت کی ہے جس نے لڑکی کو کرم جلی کہہ کر پکارا تھا۔ ایک بوڑھا شخص لڑکی کے پاس آتا ہے۔ اس کی سفید داڑھی خشخشی اور اس کے آس پاس اگی ہوئی ہے۔ اس کی پیشانی پر سجدوں کا گہرا نشان ہے۔ نماز کا چھالا۔

جمیلہ! سو روپے دے دے بیٹی! نماز کے بعد لوٹتے ہوئے تیری ماں کی دوا لیتا آؤں گا۔ اسٹوو کی لو کم کر کے لڑکی گول ڈبے میں سے چھوٹے بڑے نوٹ نکالتی اور گنتی ہے پھر اس بوڑھے کی طرف بڑھا دیتی ہے۔

"لیجیے ابو!"

جلدی سے توے سے آملیٹ اتارتی ہے۔ سلائس رکھنا بھول گئی تھی، رکھتی ہے، سینکتی ہے۔ آملیٹ کے ساتھ پلیٹ میں رکھ کر مجھے دیتی ہے۔ میں نزدیک رکھے اپنے بیگ کو دیکھتا ہوں، زپ بند ہے۔

"آپا! سو روپے دے دو، سینما جانا ہے۔ آج کریم بھی نکلنے والی ہے۔" ایک لڑکا آ کر لڑکی کے سامنے ہاتھ پھیلا دیتا ہے۔

"سینما جانا ہے تو ایسے بول رہا ہے جیسے بڑی نوکری پر جانا ہو۔ کمانا دھمانا نہیں ہے مگر آنکھوں کی عیاشی کے ساتھ زبان کا چٹخارہ بھی برقرار رکھنا ہے۔" لڑکی نے تیزی سے کہا۔

"کرم جلی! کیوں گندے پیسوں کے لیے سونے جیسے بھائی کو آنکھ دکھا رہی ہے۔ اس بڑھے کو تو فوراً پیسے نکال کر دے دیتی ہے۔ وہ کون سا کماتا ہے؟ تمام دن سفید داڑھی میں دھول اڑاتا رہتا ہے۔ فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی پانچ نمازوں کے علاوہ اسے کچھ اور سوجھتا ہے اسے؟ یہاں مجھے ہی دوزخ میں زندگی گزار رہا ہے، وہاں اسے جنت چاہیے۔" کرخت آواز والی عورت چلا چلا کر بول رہی تھی۔

لڑکی مجھے چائے دیتی ہے۔

"آپا دیکھنا، ایک دن یہ جھگڑے ختم کر کے چھوڑ کر تم میرے سیون اسٹار ہوٹل کی چکن بریانی کھاؤ گی۔"

"ہوا میں تیر ہی چلاتا جا کر۔ بہت باتیں بناتا ہے۔ سارا دن میں تو محنت کرتی ہوں۔ لاٹری نہیں لگتی ہر روز۔"

گلی میں سے زور زور سے کھانسنے کی آواز آتی ہے۔ "ہائے اللہ! یہ کیسی زندگی ہے! اس کرم جلی کو بھائی پھوٹی آنکھ نہیں سہاتا ہے۔ یہ سب دیکھنے سے اچھا ہے کہ تو مجھے اپنے پاس بلا لے۔ کم سے کم اس دوزخ سے تو چھٹکارا ملے گا۔"

"جلدی دو آپا، دیر ہو رہی ہے۔" لڑکا گول ڈبے کی طرف ہاتھ بڑھاتا ہے۔ لڑکی درمیان ہی میں اس کا ہاتھ پکڑ لیتی ہے۔ لڑکا زور سے اس کا ہاتھ جھٹک کر

ڈبے سے نوٹ نکالتا ہے اور بغیر گنے جیب کے حوالے کر دیتا ہے۔

بڑ ہوگا، دیکھنا خواجہ، بہت بڑا ہوگا تیرا دُکھ کی ماری وہ رلاتی روک نہیں پائی۔ مٹی کے تیل کا چراغ بھک بھک کر کے بجھ جاتا ہے۔ میں اسے دیکھتا رہ جاتا ہوں۔ پیسے دے کر بیگ لے کر گیسٹ ہاؤس کی طرف بڑھتا ہوں۔ بیگ رکھ کر کمرے میں اندر سے آنکڑا لگا کر خود کو پلنگ پر پھینک دیتا ہوں۔ فوراً ہی آنکھ لگ جاتی ہے۔

آنکھ کھلتی ہے۔ رات کے نو بجے ہیں۔ آرام کافی ہوا۔ رقم کا حساب کروں۔ ہاتھ منہ دھوتا ہوں۔ تازہ دم ہو کر بیگ کھولتا ہوں۔ بل بک، رسید بک، سیمپل نکالتا ہوں۔ ایک ایک کر کے سب چیزیں نکال لیتا ہوں۔ اچانک چونک جاتا ہوں۔ لفافہ دارد ہے۔ تمام چیزوں کا دوبارہ جائزہ لیتا ہوں۔ لفافہ نہیں ہے۔ میرے کان سرخ ہو گئے ہیں۔ رگوں میں خون اچھلنے لگتا ہے۔ بیگ میں ہاتھ ڈال کر میں نے کونا کونا کھنگال ڈالا، ٹٹول کر دیکھا کہ استر تو پھٹا ہوا نہیں ہے۔ نہیں، لفافہ نہیں تھا۔ میرے سامنے امی کی لال آنسوؤں سے بھری، رو رو کر سوجی ہوئی آنکھیں گھوم گئیں، پاپا کا زرد چہرہ مجھے ڈرانے لگا۔ شاید میرے خود کا چہرہ بھی ویسا ہی ہو گیا تھا۔ فیوز بلب جیسا۔ میں نے ایک مرتبہ پھر سیمپل جھٹک جھٹک کر دیکھے۔ بل بک، رسید بک بار بار جھٹکیں۔ یہ سمجھتے ہوئے بھی لفافہ نہیں ہے تو نہیں ہے۔ میں رونے پر آ جاتا ہوں۔ سامنے آئینے میں میرا عکس نظر آ رہا ہے۔ مجھ سے بالکل مختلف۔ میں اپنے آپ کو نہیں پہچان پا رہا ہوں۔ آنکھیں، بال، ناک، میرا مکمل وجود مجھے اجنبی لگ رہا ہے۔ بد حواس حالت میں باہر نکلتا ہوں۔ یقیناً ہی ناشتہ کرتے ہوئے میرے ساتھ بنچ پر بیٹھے ہوئے شخص نے یہ کارنامہ انجام دیا ہوگا۔ اسی لئے وہ فوراً چلا گیا وہاں سے۔ کیا کروں؟ پولیس تھانے جاؤں؟ کیا ملے گا وہاں جا کر؟ کیا کرتا ہوں،

آخری مرتبہ میں نے لفافہ کو کب دیکھا تھا؟ سب یاد ہے۔ نوٹ ڈال کر، لفافہ سنبھال کر بیگ میں رکھا تھا۔ وہ جب بند تھی اور بیگ پورے وقت میرے ساتھ تھا۔ کہیں لاوارث نہیں چھوڑا تھا بیگ میں سے۔ وہ آدمی یقیناً جیب کترا یا ٹھگ رہا ہوگا۔ پیسے لے گیا۔ مجھے جیتے جی مار گیا۔ مجھ بے وقوف کو پتہ ہی نہیں چلا۔ سڑک پر وہ ادھر دیکھتے ہوئے آگے بڑھتا ہوں، جیسے تو میں کا شہنشاہ ہوں، جیسے لاکھوں روپے چرانے کے بعد وہ ابھی اس علاقے میں ٹہل رہا ہوگا۔ پھر بھی میں اس جگہ گیا

جہاں صبح سے چائے پی تھی۔ اس خیال سے کہ شاید وہ ٹرکی اس آدمی کو پہچانتی ہو۔ ہو سکتا ہے وہ اس کا روزانہ کا گاہک ہو۔ ہر روز چائے پینے آتا ہو۔ وہاں پہنچا، وہ جگہ سنسان تھی جیسے خواب خرگوش میں ہو۔ اندھیرا تھا۔ جھونپڑا خالی تھا۔ میں پتلی گلی میں گھستا ہوں۔ لڑکی کے ابو کے جیسے کی آواز سنائی دے رہی ہے۔ لڑکی نظر نہیں آ رہی ہے۔ انہوں نے مجھے گھور کر دیکھ، پوچھا، 'کیا چاہیے؟'

'جی معاف کریں۔ آپ کی وہ لڑکی کہاں ہے؟'

'کیا کام ہے؟' انہوں نے خوفناک لہجے میں پوچھا۔

'مجھے اس سے ایک گاہک کے بارے میں کچھ پوچھنا ہے۔'

'خاموش رہو بدمعاش! کون سا گاہک؟ کس کا گاہک؟ بھاگ جا یہاں سے۔' ان کے الفاظ میں دھمکی تھی۔ مجھے احساس ہوا، اگر ایک اور منٹ میں یہاں ٹھہرا رہا تو وہ مجھے جہنم رسید کر دیں گے۔ میں گلی سے باہر نکل آیا۔

ختم، سب کچھ ختم ہو گیا۔ قرض، قرض اور صرف قرض رہ گیا ہے اور کرتے کرتے عمر نکل جائے گی۔ پاپا کی طرح مجھے بھی کپڑے کی دکان میں نوکری کرنی پڑے گی۔ قدرت کا قانون توڑنے چلا تھا۔ بھول گیا تھا، اولاد کو باپ کی وراثت سنبھالنی پڑتی ہے۔

'بابو جی!' وہ چائے والی لڑکی تھی۔ مجھے آپ ہی کا انتظار تھا۔ اس نے لفافہ میری طرف بڑھا دیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ میں ہوا میں اڑ رہا ہوں۔ نہیں، میرے پاؤں تو زمین پر ہی ہیں۔ شاید میرے دل نے اونچی چھلانگ لگائی ہے۔ لفافہ ہاتھ میں لے کر میں نے اسے تاڑا۔ پیسے دے کر آپ جیسے ہی روانہ ہوئے، بنچ کے نیچے مجھے یہ لفافہ نظر آیا۔ طے تھا کہ آپ کا ہی ہوگا۔ آپ کے بعد وہاں کوئی اور نہیں بیٹھا تھا۔ میں لفافہ لے کر آپ کے پیچھے گئی تھی مگر آپ نظر نہیں آئے۔ لوٹ کر میں نے جھونپڑا بڑھا دیا اور امی کے پاس بیٹھ گئی۔ یہ سوچ کر آپ لفافہ ڈھونڈتے ہوئے ضرور آئیں گے۔ آخر چھوٹی رقم تو ہے نہیں۔ بس تھوڑی دیر کے لئے چھپر کے نیچے گئی تھی کہ آپ آ گئے۔ میں اسے دیکھتا رہا، صرف دیکھتا رہا۔ کچھ کہہ نہیں سکا۔ گویا پیدائشی گونگا تھا۔ اس کی کالی آنکھوں کی چمک اندھیرے میں بھی صاف نظر آ رہی تھی۔

□□□

ہاسٹل کا باتھ روم

مصطفیٰ علی

ریسرچ اسکالر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

موبائل: 8896869738

ایک دن مولانا نے فضائلِ جنت پر لب کشائی کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ:

”پیشاب پاخانہ وغیرہ دنیا کی مادی غذا کا غیر مفید جزو ہے۔ جنت کی غذاؤں میں کوئی ایسا جزو شامل نہیں ہوگا اس لیے وہ مکمل ہضم ہو کر جزو بدن بن جائے گی اور قضائے حاجت کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ جنتیوں کی ڈکار مشک کی خوشبو کی طرح ہوگی یہ قضائے حاجت کے قائم مقام ہوگی اور ان کا پسینہ مشک کی خوشبو کی طرح ہوگا اور یہ پیشاب کے قائم مقام ہوگا۔“

اس بیان کو سن کر ہم نے دل ہی دل میں غالبؔ کا یہ شعر گنگنایا تھا

ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن
دل کے خوش رکھنے کو غالبؔ یہ خیال اچھا ہے

کیونکہ ہمیں اس وقت جنت کی یہ فضیلت بالکل دور کوڑی کی معلوم ہوئی تھی مگر ایک دن ہم پر ایسا آن پڑا کہ ہمیں مرحوم چچا غالب اور ان کے اس شعر دونوں پر لاحول پڑھنا پڑا اور جنت کی اس بظاہر ادنیٰ فضیلت کو اعلیٰ ترین حیثیت تسلیم کرنا پڑا۔

ذکر واقعہ سے پہلے میں یہ بتا دوں کہ اس کم تر شوریدہ موج کا حلقۂ یاراں بہت وسیع ہے اس لیے اکثر و بیشتر غریب خانہ خاکسار پر خوش گپیوں اور ادبی و غیر ادبی نشستوں کا اہتمام ہوتا رہتا ہے۔ اس دن بھی ایسی ہی ایک نشست منعقد تھی۔ دوران جلسہ ہی مجھے شدت بول نے آ دبوچا تو میں نے سوچا کہ آداب محفل کا لحاظ رکھا جائے اور نشست برخاست ہونے سے پہلے باتھ روم نہ جایا جائے۔ میں نے اسے دبائے رکھا پھر جیسے ہی احباب رخصت ہوئے میں فی الفور کمرے سے نکلا اور دروازہ تیزی سے بھیڑتے ہوئے بیت الخلا کی جانب بھاگا۔ حیف! جس کا ڈر تھا وہی ہوا اس کا دروازہ اندر سے بند تھا۔ ایک لمحہ توقف کے بعد میں نے دوسرے باتھ روم کا رخ کیا وہ بھی اندر سے بند نظر آیا پھر بھی تسلی دل کی خاطر میں نے قریب جا کر اسے جھٹکا دے کر دیکھا، میرا شک صحیح نکلا۔ مجھے بڑی مایوسی ہوئی کیونکہ دارالاقامہ کے تیسرے منزلے پر جس طرف میری رہائش تھی اس طرف بس یہی دو عدد کھڈیاں تھیں۔

میں مضطرب کھڑا کچھ دیر تک سوچتا رہا کہ کیا کروں ابھی دفعتاً مجھے کچھ یاد آیا اور میرا چہرہ کھل اٹھا۔ میں فوراً نیچے کی طرف بھاگا۔ وہاں سات باتھ روم بالترتیب تھے۔ میں نے پہلے باتھ روم کے دروازے پر زوردار لات ماری اور اس کے ساتھ ہی اندر گھس گیا۔

”اوہ.........ق...آ...آ...تھو“ اندر کا منظر دیکھ کر طبیعت متلانے لگی۔ پاخانے کی پیالی میں لوٹا منہ گرا ہوا تھا اور غلاظت کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا۔ اس غلاظت کے ڈھیر پر لاتعداد مختلف النوع کیڑے اس طرح چکر لگا رہے تھے جیسے کسی قلعے کی نگرانی کر رہے ہوں۔ اس سے کچھ فاصلے پر کاکروچوں کا ہجوم تھا۔ وہ سب آپس میں ایک دوسرے سے برسر پیکار پوری کھڈی میں ہاہاکار مچائے ہوئے تھے۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے یہ طہارت خانہ کسی جنگ کا میدان کارزار ہو۔ یہ مشاہدہ میری طبیعت پر بہت گراں گزرا۔ میں جتنی تیزی سے اندر گیا تھا اتنی ہی تیزی سے باہر نکل آیا۔ پھر دوسرے باتھ روم کی جانب متوجہ ہوا۔ اس کا دروازہ بھڑا دیکھ کر کرنے کو لات اٹھائی۔ میں نے بڑھ کر اس کو زور کا جھٹکا دیا۔

”ارے ترکی......سالے......اندھے......“ رک بتاتا ہوں۔“ ٹوائلٹ میں کوئی موجود تھا جس کی گالی سن کر میں ہڑبڑا گیا۔ پیٹ کو قابو میں رکھتے ہوئے میں نے بھی ترکی بہ ترکی جواب دیا ”اندر سے بند نہیں کر سکتے تھے؟“ ”کیسے بند کرتے بے، کنڈی تیرے باپ نے کہیں بیچ دی۔“ اس نے بہت غصے میں جواب دیا۔

شدت بول سے میرا دم نکلا جا رہا تھا اس لیے میں نے اس سے الجھنا بیکار سمجھا لہٰذا اسے بڑبڑاتا ہوا چھوڑ کر آگے بڑھ گیا۔ چیک کیا تو تیسرے، چوتھے، پانچویں اور چھٹے باتھ روم کا دروازہ بند ملا البتہ ساتویں کا کھلا ہوا محسوس ہوا۔ میں اس کی طرف بڑھا اور اس مرتبہ بڑے احتیاط سے آہستہ آہستہ دروازے کا پٹ سرکایا۔ آہا یہ دیکھ کر میرا دل باغ باغ ہو گیا کہ اس کے اندر نہ کوئی شخص موجود تھا اور نہ ہی کموڈ گندہ تھا۔ مانو میرے دل کی مراد پوری ہو گئی۔ ویسے جب سے میں نے برطانوی اخبار ”ڈیلی میل“ میں تنزانیہ کی سنڈلی یونیورسٹی کے ماہر ”دسمٹ ہو“ کی نئی تحقیق کی رپورٹ پڑھی ہے تب سے مغربی طرز کے ٹوائلٹ میں رفع حاجت کرنا تقریباً ترک کر دیا ہے مگر مجبوری کا نام مہاتما گاندھی۔ میں نے جھٹ سے اندر داخل ہو کر کنڈی لگائی۔ سیٹ پر بیٹھتے ہوئے میری نظر ٹوٹی پر پڑی تو میں

ٹھہرا پھر اپنے پھولے ہوئے سانس کو قابو میں کرتے ہوئے یکے بعد دیگرے دونوں باتھ روموں پر نگاہ ڈالی، دونوں کے دروازے اب بھی بند تھے۔ اب میرا پارا گرم ہو گیا تھا۔ میں کبھی سر کھجاتا، کبھی انگلیاں چھوڑتا، کبھی پیروں کی اٹھک بیٹھک کرتا، کبھی دانتوں کو پیستا اور کبھی بے اختیار آگے پیچھے کرنے لگتا۔ اس حالت میں کبھی منہ بد بداتا تو کبھی پیٹ گڑگڑاتا اور کبھی دونوں ہم نوا ہو جاتے۔

''کیا کر رہے ہو بھائی، بہت ٹینشن میں لگ رہے ہو۔'' اچانک ادھر سلیم بھائی آ دھمکے تھے اور انھوں نے مجھے ایسا کرتے ہوئے دیکھ کر پوچھا تھا۔

''کیا بتاؤں استاد دونوں میں بیروزگوئی نہ کوئی مر رہا ہے ٹینشن تو رہے گا ہی۔''

''ارے واہ یہ تو وہی بات ہوگئی کہ سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے۔''

''ہاہاہا۔۔۔'' دونوں ایک ساتھ ہنس دیے۔

''پھڑ پھڑ۔۔۔ پڑ پڑ پڑ۔۔۔ پھڑ ک۔''

''ہاہاہاہاہاہا۔۔۔'' باتھ روم سے اچانک آئی اس قیمتی آواز نے ہم دونوں کی تیز ہنسی کو چند لمحے کا وقفہ دے کر تیز تر کر دیا۔ سلیم بھائی بھی بہت مرنجاں مرنج آدمی ہیں۔ وہ جاتے جاتے موقعے کی مناسبت سے یہ شعر سناتے گئے۔ ملاحظہ فرمائیں:

بیت الخلاء سے آئی آواز یا ترنم
شاید کوئی حسینہ کشمکش میں مبتلا ہے

میری آنکھوں کے سامنے اب تارے ٹمٹمانے لگے تھے اور تاریکی سی چھانے لگی تھی۔ میرے دماغ کا ڈورنج بھی بہت ہائی ہو گیا تھا۔ اب تو مجھے جا ضرور خطا ہونے کا ڈر بھی ستانے لگا تھا۔ میں تیز قدموں سے چل کر داہنی طرف والے باتھ روم کے پاس پہنچا اور اس کا دروازہ اتنی زور سے کھٹکھٹایا جیسے وہ باتھ روم کا دروازہ نہیں بلکہ مندر کا گھنٹہ ہو۔ دفعتاً دروازہ کھل گیا۔ میری روح کو تسکین ملی۔ میں نے سوچا نکلنے والا مجھ پر غصہ ہوگا لیکن اس نے میری طرف ترچھی نظروں سے دیکھ کر تبسم کیا اور چل دیا۔ میں نے چین کا سانس لیا اور اندر گھس گیا لیکن تھوڑی ہی دیر میں میرے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ بیت الخلا کا ظرف آب وناخت کے حجم سے پوری طرح بھرا ہوا تھا۔ یہ منظر دیکھ کر میرا خون کھول اٹھا۔ وہاں ایک سیکنڈ بھی رکنا میرے لیے دشوار تھا۔ میں لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا بائیں باتھ روم کی جانب روانہ ہوا قریب پہنچ کر میں نے اس کے دروازے کو ایک زوردار جھٹکا دیا۔

''آ آ آ۔۔۔''

اندر کوئی موجود تھا جو کنڈی کھول کر شاید نکلنے ہی والا تھا کہ میرے ناگہانی دھکے سے زمین پر دھراشائی ہو گیا۔ میں بھی چونکہ حالات سے بے خبر تھا اس لیے اپنا توازن برقرار نہ رکھ سکا اور ایک طرف لڑھک گیا۔ میں نے فوراً اٹھ کر اپنے کپڑے جھاڑے اور چوٹ بھلا کر پہلے کنڈی کی طرف دیکھا۔ اس پر کاڑھے کالے، پیلے داغ کائی کی طرح جمے ہوئے تھے۔ میں نے اس وقت اسی کو غنیمت جانا۔ اندر گرا ہوا شخص اب اٹھ چکا تھا۔ وہ مجھ پر بہت خفا تھا۔ میں نے کسی طرح منت سماجت کر کے اسے باہر نکالا اور لنگی لگا کر قدمچہ پر بیٹھ گیا۔ موسم تو پہلے سے ہی بنا ہوا تھا اس لیے کوشش نہیں کرنا پڑا۔ پہلے ادار ہوا پھر فوراً پیٹ میں ٹھنڈک ہوئی اور دھڑ سے چھٹکارا ہوا۔ اسی بیچ میری نگاہ سامنے کی دیوار پر پڑی جس پر جلی حروف میں لکھا ہوا تھا ''دائیں دیکھو۔'' میں نے دائیں دیکھا تو مرقوم تھا ''بائیں دیکھو۔'' بائیں جانب نگاہ ڈالی تو تحریر تھی ''پیچھے دیکھو۔'' اور جب پیچھے دیکھا تو وہاں شاہکار اعضاء کی ایسی تصویری نمائش موجود تھی اور ایسے ایسے اقوال وعلوم منقش تھے کہ اللہ کی پناہ۔ میں تو اسے دیکھ کر دم بخود رہ گیا۔ یہی نہیں بلکہ اس دیوار پر کسی مجنوں نے اپنے دل کے پھپھولے بھی پھوڑے ہوئے تھے اور کسی دل جلے کے دلی ارماں بھی اس پر خوبصورتی سے سجے ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سی ایسی چیزیں اس دیوار پر مزین تھیں جن کا بیان خلاف آداب سمجھا جائیگا۔ بس اتنا جان لیجیے کہ اگر آپ اس کا مشاہدہ کر لیں تو وقت سے پہلے جوان ہو جائیں۔ ان تحاریر وتصاویر کا مشاہدہ کرنے کے بعد میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ گرچہ قوم اپنی تخلیقی مہارت تہذیبی سانچے میں ڈھال کر دیواروں سے باہر دنیا تو ترقی کر جاتی لیکن افسوس کہ یہ ہوا ابھی تک دیواروں کی تہذیب بھی نہیں سیکھ پائی۔

باتھ روم کی دیوار سے یاد آیا کہ ہندوستان کے ایک مشہور شاعر تھے ''شہریار''۔ جن دنوں فلم ''امراؤ جان'' کے لیے لکھے گئے ان کے نغمے زبانِ زد خاص وعام تھے۔ انہیں دنوں انھیں ضعف مثانہ کی بیماری لاحق ہو گئی تھی جس کی وجہ سے انھیں بار بار باتھ روم جانا پڑتا تھا۔ انھیں نغموں سے درج ذیل شعر کسی شرارتی بچے نے منتخب کر کے ان کے باتھ روم کی دیوار پر لکھ دیا تھا۔

اس انجمن میں آپ کو آنا ہے بار بار
دیوار و در کو غور سے پہچان لیجیے

ان کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ ان کے شعر کا ایسا برمحل استعمال خود ان کا مذاق بنانے کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ انہوں نے بہت کوشش کی پر اس طالب علم کو نہیں جان پائے۔ اس شرارت پر یک گونہ قلق انھیں مرتے دم تک رہا۔ حاجت رفع کرنے کے بعد میں نے ٹونٹی گھمائی۔ وہ نہیں گھمی۔ میں نے پھر ذرا سختی سے گھمائی مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوئی۔ تیسری مرتبہ میں نے پورے دم خم کے ساتھ کوشش کی تو ٹونٹی نکل کر میرے ہاتھ میں آ گئی۔ اس کے نکلنے کے ساتھ ہی وہاں سے پانی کی ایسی تیز وتند دھارا رواں ہوئی کہ میں اپنے آپ کو بچا نہ سکا اور پوری طرح گیلا ہو گیا۔ میں بوجھل قدموں سے دروازے کی طرف بڑھا، لنگی سرکائی اور سر لٹکائے دل میں یہ ارمان سجائے اپنے کمرے کی طرف چل دیا کہ ''کاش! میں چارلس ڈکنس کی ہیروئین ہوتا تو یہ دن نہ دیکھتا۔''

□□□

'نیا دور' فروری ۲۰۱۸ء کے شمارے پر آل انڈیا ریڈیو سے نشر حقانی القاسمی کا تبصرہ

پوری اردو دنیا میں 'نیا دور' کے نام سے معروف اس رسالے کا ایک خاص امتیاز رہا ہے اور اس نے ماضی میں جتنے بھی خصوصی شمارے شائع کئے ہیں ان کی دستاویزی اہمیت مسلم ہے۔ پہلے یہ رسالہ کتابت کے ذریعہ شائع ہوتا تھا مگر اب اس رسالے کی برقی کتابت ہوتی ہے۔ گزشتہ چند مہینوں میں سہیل وحید کی ادارت میں اس رسالے کا انداز بہت حد تک تبدیل ہوا ہے اور اس تبدیلی کو قارئین نے پسند بھی کیا ہے۔ اس کا تازہ شمارہ معاصر اردو شاعری کے دو اہم تخلیق کاروں سے متعلق ہے۔ ان میں ایک ندا فاضلی جیسے منفرد شاعر و ادیب ہیں جن کا 2016 میں انتقال ہوا تھا اور دوسرے بشیر بدر جیسے مقبول شاعر ہیں جو بستر علالت پر ہیں۔ ان دونوں اہم تخلیقی شخصیات سے منسوب اس رسالے میں بہت ہی اہم اور معتبر شخصیات کی تحریریں ہیں۔ جن سے دونوں نابغہ فنکاروں کے فن اور شخصیت کی تفہیم میں مدد مل سکتی ہے۔ ندا فاضلی کے حوالے سے ان کی شریک حیات مالتی جوشی کا بہت ہی خوبصورت مضمون شامل ہے۔ جس میں انہوں نے ندا فاضلی کے ساتھ اپنے گزرے ہوئے لمحوں کو سمیٹتے ہوئے ندا فاضلی سے ملاقات اور ان کی پسند و ناپسند کا بھی ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتی ہیں کہ میرے آنے کے بعد انہوں نے دنیا داری سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی۔ اپنے کام میں پوری طرح سے ڈوب گئے تھے۔ وہ کبھی کسی کے یہاں شادی یا پارٹی میں نہیں جاتے تھے۔ لکھنے کا ان کا کوئی وقت مقرر نہیں تھا۔ کبھی اپنے اسٹڈی روم میں بیٹھ کر لکھتے تھے۔ کبھی ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر، کبھی ٹی وی دیکھتے دیکھتے اچانک فون کر کے کسی پروڈیوسر یا میوزک ڈائریکٹر سے کہتے یہ نیا مکھڑا ہے یا نیا انترا اس میں ڈال سکتے ہیں۔ مالتی جوشی کے علاوہ سلام بن رزاق، عتیق اللہ، شکیل اعظمی، مظہر احمد، شاہنواز قریشی، حسن کاظمی، دیپا محمود، عائشہ ضیاء کی تحریریں بھی ندا فاضلی کی شخصیت اور فن کے حوالے سے شامل ہیں۔ سلام بن رزاق نے ان کی نثری کتابوں 'ملاقاتیں'، 'چہرے' اور 'دیواروں کے بیچ' کے حوالے سے لکھا ہے جس کی قرأت سے پتہ چلتا ہے کہ ندا فاضلی کی شاعری کی طرح ان کی نثر بھی لاجواب تھی۔ پروفیسر عتیق اللہ نے ندا فاضلی کی خود نوشت 'دیواروں کے بیچ' کا مربوط اور منطقی تجزیہ کرتے ہوئے سوانحی ناولوں میں دیواروں کے بیچ کے امتیازات کو واضح کیا ہے۔ اس سوانحی ناول کے حوالے سے یہ بہت اہم تحریر ہے۔ شکیل اعظمی نے ندا فاضلی سے اپنے تعلقات کی پوری کہانی لکھی ہے۔ یہ ایک اچھا تاثراتی مضمون ہے جس سے ندا فاضلی کی شخصیت کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مظہر احمد نے ندا فاضلی کی نثر نگاری کی تفہیم کے حوالے سے ان کی خود نوشت 'دیواروں کے بیچ' پر مرکوز رہ کر ان کے مخصوص نثری اسلوب کی داد دی ہے۔ شاہنواز قریشی نے اپنے مضمون میں یہ واضح کیا ہے کہ ندا فاضلی نے شاعری میں ایک نئی زمین تلاش کی ہے اور وہ کسی اسلوب کے اسیر نہیں تھے۔ ان کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان کا ایک مخصوص لہجہ ہے اور اسی سے ان کی پہچان ہوتی ہے۔ ان کے اشعار ان کا نام لئے بغیر لکھ دیے جائیں تو ان کا لہجہ بتا دیتا ہے کہ یہ اشعار ندا فاضلی کے ہیں۔ حسن کاظمی نے بھی ندا فاضلی سے اپنے تعلقات کی داستان تحریر کی ہے اور ان کی شخصیت کے کئی اہم گوشوں کو اجاگر کیا ہے۔ عائشہ ضیاء نے ندا فاضلی کی شاعری کے امتیازی پہلو پر روشنی ڈالی ہے اور ان کی لفظیاتی و موضوعاتی انفرادیت کا جائزہ لیتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ ندا لوک ادب ہندی کلاسیکی سرمائے کی روح اور اردو کی روایت کو ہم آمیز کرنے کا ہنر جانتے تھے۔ اس میں ندا فاضلی کے کلام کا انتخاب بھی دیا گیا ہے اور اس میں کچھ نثری تحریریں بھی ہیں۔ ندا فاضلی کا ایک انٹرویو بھی شامل ہے جو سہیل وحید نے ان سے لیا تھا۔ جس میں ندا فاضلی نے بڑی اچھی بات کہی تھی کہ اردو ہندی دونوں زبانوں کا علاقہ ایک ہی ہے۔ امیر خسرو کے زمانے میں ہندی اور اردو کا جھگڑا ہی نہیں تھا۔

معروف اور مقبول شاعر بشیر بدر کے حوالے سے 'نیا دور' میں جو تحریریں شامل ہیں وہ بھی قابل قدر ہیں۔ اس میں بشیر بدر کی شریک حیات محترمہ راحت بدر کا انٹرویو بھی شامل ہے۔ جس سے بشیر بدر کی شخصیت اور شاعری کے تعلق سے بہت اہم باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ یہ انٹرویو سہیل وحید نے لیا ہے۔ راحت بدر نے اپنے انٹرویو میں بڑی اچھی بات کہی ہے کہ بشیر بدر محبت کے شاعر تو ہیں ہی اس کے علاوہ اپنی مٹی سے جڑے ہوئے شاعر ہیں۔ آسان زبان میں بڑے بڑے مضمون کو باندھنا اور عوام کے دل و دماغ میں بیٹھا دینا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ وسیم بریلوی نے بشیر بدر کے حوالے سے لکھتے ہوئے جہاں مشاعروں میں اپنی رفاقت اور تعلق کا ذکر کیا ہے وہیں اس بات کا بھی اعتراف کیا ہے کہ بشیر بدر کی غزل اس لسانی شناخت کی سبک روی کا نام ہے جسے کوئی شعری عہد اپنے سفر کا عنوان بنانے میں فخر محسوس کرے گا۔ انہوں نے لفظ کی بیانیہ طاقت کی انتہاؤں کو حساس فکر کی انگلیوں سے کچھ ایسے چھوا اور ایسی شعری فضا بنائی کہ بشیر بدر کا کٹر مخالف بھی دانتوں میں انگشت اعتراف دبائے بغیر نہیں رہتا۔ شاعر فتح پوری نے ان کی شاعری کا بہت عمدہ جائزہ لیا ہے۔ رضیہ حامد نے بشیر بدر کے انفرادی زاویہ نگاہ اور جدید طرز اسلوب پر گفتگو کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ بشیر بدر نے عام بول چال کی زبان کو شعر کے قالب میں ڈھالا ہے اور ان کے کلام میں نئی نئی تراکیب اور حسی تلازمے ہیں جن سے شعریت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اقبال مسعود نے بشیر بدر کی تخلیقیت کو اپنا مرکز بناتے ہوئے بڑی اہم بات کہی ہے کہ بشیر بدر نے اپنی شاعری کے ذریعہ ہندی اور اردو کے درمیان دوستی اور محبت کا ایسا پل تعمیر کیا جس نے غزل کو ایک طرف ہندوستانی بنا دیا تو دوسری طرف گلی گلی سے نکل کر غزل اس شاہراہ پر رواں دواں ہو گئی جو ملک کے قومی دھارے سے وابستہ تھی اور ہم آہنگی تہذیب کا عکس بن گئی۔ احمد محفوظ نے اکائی سے آمد تک ان کی شاعری کا جائزہ لیا ہے اور آخر میں یہ تحریر کیا ہے کہ وہ اس لحاظ سے ممتاز کہے جا سکتے ہیں کہ ان کے کئی اشعار عوامی مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔ مست حفیظ رحمانی نے بشیر بدر کے قیام سیتاپور کے حوالے سے معلوماتی مضمون لکھا ہے۔ ریشما پروین نے بشیر بدر کی شاعری کا مجموعی جائزہ لیتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ ان کے اکثر اشعار زبان زد خاص و عام ہیں۔ نور فاطمہ نے بشیر بدر کی شاعری میں آفاقیت کے عناصر تلاش کئے ہیں۔ قارئین کے درمیان بشیر کی شاعری کی مقبولیت کا راز سادہ و سلیس زبان اور ان کی شاعری کے دھیمے لہجے میں پوشیدہ ہے غالباً اسی سبب ان کے اشعار زبانزد ہو کر ضرب المثل کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں اردو کے دو مقبول شاعروں ندا فاضلی اور بشیر بدر کو معنون نیا دور کا یہ شمارہ 98 صفحات پر محیط ہے اور دیدہ زیب کتابت و طباعت سے مزین ہے۔ اس بیش قیمت شمارے کی قیمت صرف 10 روپے ہے۔ سہیل وحید جیسے اختراعی ذہن رکھنے والے ادیب کی ادارت میں "نیا دور" حکومت اتر پردیش کا یہ ادبی و ثقافتی ترجمان ماہنامہ نیا دور شہرت اور مقبولیت کی نئی بلندیاں طے کرتا جا رہا ہے۔

□□□

آپ کے خطوط

نیا دور یوں تو ہمیشہ ہی سے اپنی عمدہ نگارشات اور معیاری مضامین کی وجہ سے اردو کے معیاری و ممتاز رسائل میں سرفہرست رہا ہے۔ اس کے خصوصی شمارے تو دستاویز کا مقام رکھتے ہیں۔ نئی ادارت کے زیر اہتمام اس کے اندر جو نمایاں تبدیلیاں دیکھنے میں آئی ہیں، ان سے اس کا حسن اور بھی دوبالا ہو گیا ہے۔ فروری کے شمارے کی چکا چوند ابھی آنکھوں سے اوجھل بھی نہ ہو پائی تھی کہ مارچ کے شمارے نے آنکھوں کو مزید خیرہ کر دیا۔ ماڈرن آرٹ سے مزین سرورق اپنی دلکشی سے مسحور کر رہا تھا کہ پہلا ورق پلٹتے ہی قلمکار حضرات کے اسماء و مضامین نے دل کو مزید شادمانی عطا کر دی۔ دیکھتے ہی مطالعہ شروع کر دیا۔ پہلے ہی مضمون 'علم الانسان مالم یعلم' نے دل کو موہ لیا۔ اس کے بعد کے مضامین بھی کچھ ایسی ہی خوبیوں سے آراستہ ہیں۔

مدیر محترم نے مضامین کو منتخب کرنے میں بڑی مہارت کا ثبوت پیش کیا ہے۔ اس میں وطن عزیز کی اہم جامعات کے تعلق سے خود ان کے فیض یافتگان کے رشحات قلم یکجا کر دیے گئے ہیں۔ اس طرح یہ شمارہ اس حوالے سے ایک خصوصی شمارہ بن گیا ہے۔ (اگر ہو سکے تو کسی شمارے میں ہمدرد یونیورسٹی کے حوالے سے بھی لکھوایئے۔ یہ بھی ہماری ایک عظیم دانش گاہ ہے۔)

زیر نظر شمارے میں شامل صالحہ صدیقی کا مضمون جامعہ ملیہ اسلامیہ کا تعارف پیش کرتا ہے۔ سید محمد عقیل اور سفینہ بیگم کی تحریر میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی یاد تازہ کراتی ہیں تو نور فاطمہ کے زرنگار قلم نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد میں گزارے لمحات کو اس قدر دلنشین و دلآویز انداز میں پیش کیا ہے کہ دل بیتاب ہوا تھا کہ ان کی طرز تحریر کی داد دی جائے۔ ثوبان سعید کے ذریعہ خواجہ معین الدین چشتی اردو عربی فارسی یونیورسٹی، لکھنؤ کا ذکر۔

خیر، ان مضامین کے ذریعہ آپ نے ملک کی اہم یونیورسٹیوں کی سیر کرنے کا سامان فراہم کر دیا اور ہم ایک ہی نشست میں دہلی، علی گڑھ، لکھنؤ اور حیدرآباد جیسے شہروں میں واقع جامعات کی تفریح کرنے کی سعادت حاصل کر سکے۔ پھر قلمکار حضرات کی سحر نگاری کے ہر ہر لمحہ یہی گمان ہوا کہ قاری بذات خود وہاں موجود ہے اور وہاں کے حسین و خوشنما مناظر سے براہ راست لطف اندوز ہو رہا ہے۔ ان مضامین کے ساتھ ہی ڈاکٹر اسلم جمشید پوری، مرزا جعفر حسین، حمید دلوائی، طلعت گل اور نجیب انصاری کے رشحات قلم بھی اس چمن کی گل کاری میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ شاعری کے گوشے میں غزلیات کی شمولیت نے باد بہاری کا کام کیا ہے۔ خاص کر اصغر گونڈوی کی غزل 'رنج تھا اسیروں کو بال و پر کے جانے سے' دل کو چھو گئی۔ واقعی نیا دور کے جدید رنگ و ادب اور نئے اسلوب و آہنگ نے اس کے مقام و وقار کو اور بھی زیادہ بلند کر دیا ہے۔ واقعی اس کے مضامین و مندرجات قاری کے ذہن و دل کو تابانیاں اور قلب و ذہن کو جولانیاں عطا کرتے ہیں۔ اس کے لئے جہاں اس کے جملہ اہل قلم حضرات مبارکباد کے مستحق ہیں۔ وہیں مدیر محترم اپنی تمام ٹیم کے ساتھ اس تحسین و ستائش کے حقدار ہیں جو ان کا جائز و واجبی حق ہے۔

راقم الحروف آپ کے حضور تحسین و ستائش اور امتنان و تشکر کے چند الفاظ پیش کرنا اپنا ذوق علمی اور فرض ادبی محسوس کر رہا ہے۔ اس لئے سطور بالا آپ کے نذر کر رہا ہوں۔ "گر قبول افتد زہے عز و شرف"

دعا ہے کہ اردو کی یہ شمع نورانی اپنی تجلیات اور جملہ رنگ و بو اس جہان علم و ادب پر اسی طرح ضوفشاں رہے اور ہم تشنگان ادب کو اس کی نورانیت سے اپنے اذہان و قلوب کو منور کرنے کی صلاحیت عطا ہوتی رہے۔

ڈاکٹر ضیاء الرحمن عاکف سنبھلی
ایم جی ایم (پی جی) کالج، سنبھل

مئی ۲۰۱۸ء کا نیا دور موصول ہوا۔ اردو ادب کے مایہ ناز قلمکاروں من جملہ سلام بن رزاق، مرزا جعفر حسین وغیرہ کی تحریروں سے مزین۔ دیکھ کر دل خوش ہو گیا۔ داؤد احمد نے اچھوتے موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور کافی حد تک معلوماتی مضمون تحریر کیا ہے۔ اس موضوع پر اردو ادب میں مزید تحقیق کی ضرورت باقی ہے۔ زین الدین حیدر کا مضمون 'آغا حشر کاشمیری ملقب بہ انڈین شیکسپیئر، عظیم ڈرامہ نگار، اداکار اور شاعر' بھی کافی حیران کن ہے۔ آغا حشر کاشمیری کی شخصیت کہیں گم سی ہو گئی ہے۔ جب ان میں اتنی خوبیاں تھیں کہ وہ بیک وقت ڈرامہ نگار، اداکار اور شاعر بھی تھے تو ان پر تحقیق کے لئے اداروں کو آگے آنا چاہئے اور جو کچھ لکھا جا چکا ہے، اس کے علاوہ کچھ نئے نکات کو بھی ان کی نظم اور نثر نگاری سے اخذ کیا جا سکتا ہے تاکہ ان کی خصوصیات اور صلاحیتیں مزید واضح ہو سکیں۔ افسانوں کا حصہ مکمل طور پر متاثر کرتا ہے۔ سلام بن رزاق، تبسم فاطمہ، محمد قمر سلیم، عارف محمود، عبد الصبور قدوائی، گل جبین اختر وغیرہ کے افسانے پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بازدید اور گزشتہ لکھنؤ تو ایک نئی کھوج سی ہے۔ ساجدہ زیدی کی نظمیں کافی مشہور ہیں۔ رسالے میں شائع نظم 'تقصیری میں' کافی عمدہ ہے اور غزلیں بھی بہتر ہیں لیکن غزل اور نظم انتخاب اس سے بہتر ہو سکتا تھا۔ رسالے میں شامل غزلیں بھی اچھی ہیں خاص کر مناظر حسن شاہین کی غزل بہترین لگی۔ باقی رسالہ بھی عمدہ ہے۔

تحسین مہدی
بارہ بنکی، یوپی

وزیراعظم جناب نریندر مودی لکھنؤ میں وزیراعظم رہائشی اسکیم، امرت اسکیم
اور اسمارٹ سٹی مشن کی تیسری سالگرہ کے موقع پر انعام سے نوازتے ہوئے (۲۸ جولائی ۲۰۱۸ء)

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ جی کارگل شہید اسمرتی واٹیکا لکھنؤ میں
کارگل وجے دیوس کے موقع پر منعقدہ پروگرام کو خطاب کرتے ہوئے (۲۶ جولائی ۲۰۱۸ء)

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ جی ضلع اناؤ میں
اسکول کے بچوں کو نصابی کتب اور اسکول بیگ تقسیم کرتے ہوئے (۲۳ جولائی ۲۰۱۸ء)

उर्दू मासिक
नया दौर
पोस्ट बॉक्स सं0 146,
लखनऊ – 226 001

وزیر اعظم جناب نریندر مودی لکھنؤ میں منعقد گراؤنڈ بریکنگ سرمنی میں وزیر اعظم رہائشی اسکیم، امرت اسکیم
اور اسمارٹ سٹی مشن کی تیسری سالگرہ پر ترقیاتی کاموں کی تفصیل کے سلسلے میں شائع کتاب کا اجراء کرتے ہوئے (۲۸ر جولائی ۲۰۱۸ء)

اتر پردیش کے گورنر جناب رام نائیک کی صدارت میں راج بھون، لکھنؤ میں منعقد
رام پور رضا لائبریری کی ۴۳ویں میٹنگ میں نیوز لیٹر کے ایک مجموعہ کا اجراء کیا گیا (۱۷ر جولائی ۲۰۱۸ء)

वर्ष : 73 अंक 03
जुलाई 2018
मूल्य : 15 रु./–
वार्षिक मूल्य : 165 रु./–

प्रकाशक व मुद्रक डॉ0 उज्ज्वल कुमार, निदेशक द्वारा सूचना एवं जनसम्पर्क विभाग, उ.प्र. के लिए प्रकाश पैकेजर्स, 257 गोलागंज, लखनऊ से
मुद्रित एवं प्रकाशन प्रभाग, सूचना एवं जनसम्पर्क विभाग, उ.प्र., सूचना भवन, पार्क रोड, लखनऊ–226001 से प्रकाशित–सम्पादक **सुहेल वहीद**